نَحْمَدُہٗ و نُصلیّ علی رسولہٖ و علیٰ اٰل رسولہٖ

قرآنی سورتوں کی عظمت اور ان کی تلاوت کی فضیلت

(رسول اکرم ﷺ اور ائمہ طاہرین علیہم السلام کی احادیث کی روشنی میں)

احقر

الحاج سید بدر الحسن رضوی ہلّوری

کربلائی

قرآنی سورتوں کی فہرست اور تفصیل

سورت نمبر	پارہ نمبر	نام سورت	مقام نزول	تعداد آیات	صفحہ نمبر
۱	۱	اَلْفَاتِحَۃِ	مکہ	۷	10
۲	۱،۲،۳	اَلْبَقَرَۃِ	مدینہ	۲۸۶	11
۳	۳،۴	اٰلِ عِمْرَان	مدینہ	۲۰۰	12
۴	۴،۵،۶	النِّسَاءِ	مدینہ	۱۷۶	14
۵	۶،۷	المَائِدَۃِ	مدینہ	۱۲۰	15
۶	۷،۸	اَلْاَنْعَامِ	مکہ	۱۶۵	16
۷	۸،۹	اَلْاَعْرَافِ	مکہ	۲۰۶	17
۸	۹	اَلْانْفَالُ	مدینہ	۷۵	19
۹	۱۰،۱۱	التَّوْبَہ	مدینہ	۱۲۹	20
۱۰	۱۱	یُوْنُسَ	مکہ	۱۰۹	21
۱۱	۱۱،۱۲	ہُوْدٍ	مکہ	۱۲۳	22
۱۲	۱۲	یُوْسُفَ	مکہ	۱۱۱	24

54	۸۸	مکہ	القَصَصِ	۲۰	۲۸
56	٦۹	مکہ	اَلْعَنْکَبُوْتِ	۲۰،۲۱	۲۹
۵8	٦۰	مکہ	الرُّوْمِ	۲۱	۳۰
60	۳۴	مکہ	لُقْمٰنَ	۲۱	۳۱
62	۳۰	مکہ	السَّجْدَةِ	۲۱	۳۲
64	۷۳	مدینہ	الْاَحْزَابَ	۲۱،۲۲	۳۳
65	۵۴	مکہ	سَبَاءٍ	۲۲	۳۴
67	۴۵	مکہ	فَاطِرٍ	۲۲	۳۵
٦9	۸۳	مکہ	یٰسین	۲۲،۲۳	۳٦
71	۱۸۲	مکہ	الصَّافَاتِ	۲۳	۳۷
73	۸۸	مکہ	صٓ	۲۳	۳۸
75	۷۵	مکہ	الزُّمَرِ	۲۳،۲۴	۳۹
77	۸۵	مکہ	المُومِن	۲۴	۴۰
80	۵۴	مکہ	حٓمّ السَّجْدَةِ	۲۴،۲۵	۴۱
82	۵۳	مکہ	الشُّورٰی	۲۵	۴۲

84	۸۹	مکہ	الزُّخْرُفِ	۲۵	۴۳
85	۵۹	مکہ	الدُّخَانِ	۲۵	۴۴
۸7	۳۷	مکہ	الجَاثِيَةِ	۲۵	۴۵
۸9	۳۵	مکہ	الْاَحْقَافِ	۲۶	۴۶
91	۳۸	مدینہ	مُحَمَّدٍ	۲۶	۴۷
94	۲۹	مدینہ	اَلْفَتَحِ	۲۶	۴۸
96	۱۸	مدینہ	اَلْحُجُرَاتِ	۲۶	۴۹
۹8	۴۵	مکہ	قٓ	۲۶	۵۰
100	۶۰	مکہ	الذَّارِيَاتِ	۲۶،۲۷	۵۱
101	۴۹	مکہ	الطُّورِ	۲۷	۵۲
103	۶۲	مکہ	النَّجْمِ	۲۷	۵۳
105	۵۵	مکہ	اَلْقَمَرِ	۲۷	۵۴
106	۷۸	مدینہ	الرَّحْمٰنِ	۲۷	۵۵
۱10	۹۶	مکہ	الوَاقِعَةِ	۲۷	۵۶
۱12	۲۹	مدینہ	اَلْحَدِيْدِ	۲۷	۵۷

۵۸	۲۸	اَلْمُجَادِلَۃِ	مدینہ	۲۲	114
۵۹	۲۸	الحَشْرِ	مدینہ	۲۴	116
۶۰	۲۸	اَلْمُمْتَحِنَۃِ	مدینہ	۱۳	119
۶۱	۲۸	الصَّفِّ (عیسیٰ)	مدینہ	۱۴	121
۶۲	۲۸	اَلْجُمُعَۃِ	مدینہ	۱۱	123
۶۳	۲۸	الْمُنَافِقُوْنَ	مدینہ	۱۱	125
۶۴	۲۸	التَّغَابُنِ	مدینہ	۱۸	127
۶۵	۲۸	اَلطَّلاَقِ	مدینہ	۱۲	129
۶۶	۲۸	التَّحْرِیْمِ	مدینہ	۱۲	130
۶۷	۲۹	المُلْکِ	مکہ	۳۰	132
۶۸	۲۹	اَلْقَلَمِ	مکہ	۵۲	134
۶۹	۲۹	اَلْحَاقَّۃِ	مکہ	۵۲	136
۷۰	۲۹	اَلْمَعَارِجِ	مکہ	۴۴	138
۷۱	۲۹	نُوْحِ	مکہ	۲۸	139

۷۲	۲۹	الجِنِّ	مکہ	۲۸	141
۷۳	۲۹	المُزَّمِّلِ	مکہ	۲۰	143
۷۴	۲۹	المُدَّثِّرِ	مکہ	۵۶	145
۷۵	۲۹	القِيَامَۃِ	مکہ	۴۰	146
۷۶	۲۹	الدَّہرِ	مدینہ	۳۱	148
۷۷	۲۹	المُرْسَلاَتِ	مکہ	۵۰	150
۷۸	۳۰	النَّبَاء	مکہ	۴۰	152
۷۹	۳۰	النّٰزِعٰتِ	مکہ	۴۶	154
۸۰	۳۰	عَبَسَ	مکہ	۴۲	155
۸۱	۳۰	التَكْوِيْرِ	مکہ	۲۹	156
۸۲	۳۰	الْاِنْفِطَارِ	مکہ	۱۹	159
۸۳	۳۰	المُطَفِّفِيْنَ	مکہ	۳۶	160
۸۴	۳۰	الْاِنْشِقَاقِ	مکہ	۲۵	162
۸۵	۳۰	البُرُوْجِ	مکہ	۲۲	163
۸۶	۳۰	الطَّارِقِ	مکہ	۱۷	165

166	۱۹	مکہ	اَلْاَعْلٰی	۳۰	۸۷
168	۲۶	مکہ	الغَاشِیَۃِ	۳۰	۸۸
170	۳۰	مکہ	اَلْفَجَرِ	۳۰	۸۹
171	۲۰	مکہ	اَلْبَلَدِ	۳۰	۹۰
173	۱۵	مکہ	اَلشَّمْسِ	۳۰	۹۱
174	۲۱	مکہ	اللَّیْلِ	۳۰	۹۲
175	۱۱	مکہ	الضُّحیٰ	۳۰	۹۳
177	۸	مکہ	اَلَمْ نَشْرَحَ	۳۰	۹۴
178	۸	مکہ	التِّیْنِ	۳۰	۹۵
179	۱۹	مکہ	اَلْعَلَقِ	۳۰	۹۶
181	۵	مکہ	اَلْقَدْرِ	۳۰	۹۷
182	۸	مدینہ	البَیِّنَۃِ	۳۰	۹۸
184	۸	مدینہ	الزِّلْزَالِ	۳۰	۹۹
186	۱۱	مکہ	العَادِیَاتِ	۳۰	۱۰۰
188	۱۱	مکہ	اَلْقَارِعَۃِ	۳۰	۱۰۱

۱۰۲	۳۰	اَلتَّکَاثُرِ	مکہ	۸	۱89
۱۰۳	۳۰	العَصْرِ	مکہ	۳	191
۱۰۴	۳۰	الھُمَزَۃِ	مکہ	۹	۱92
۱۰۵	۳۰	الفِیْلِ	مکہ	۵	۱9۴
۱۰۶	۳۰	قُرَیْش	مکہ	۴	۱9۵
۱۰۷	۳۰	المَاعُوْنِ	مکہ	۷	۱9۷
۱۰۸	۳۰	اَلْکَوْثَر	مکہ	۳	۱9۸
۱۰۹	۳۰	الکافِرُوْن	مکہ	۶	200
۱۱۰	۳۰	النَّصَرِ	مدینہ	۳	202
۱۱۱	۳۰	اللَّھَبِ	مکہ	۵	204
۱۱۲	۳۰	الاِخْلاَصِ	مکہ	۴	205
۱۱۳	۳۰	اَلْفَلَقِ	مکہ	۵	207
۱۱۴	۳۰	النَّاسِ	مکہ	۶	207

سورة الفاتحة

سورہ:۱	پارہ:۱	مکہ	آیت:۷

تلاوت کی فضیلت

۱۔ نبی اکرم ﷺ (جناب جابر بن عبد اللہ انصار کے ذریعہ):

کیا تم کو سب سے فضیلت والی سورت تعلیم دوں۔ جو خدا نے اپنی کتاب میں نازل فرمائی ہے؟

جناب جابر نے عرض کیا: جی ہاں۔ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ مجھے اس کی تعلیم دیجئے۔ آں حضرتؐ نے سورہ حمد جو امّ الکتاب ہے انہیں تعلیم فرمائی اور یہ بھی ارشاد فرمایا:

سورہ حمد موت کے علاوہ ہر بیماری کی دوا ہے۔

۲۔ آپ کا یہ بھی ارشاد ہے:

قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے۔ خداوند عالم نے تورات، انجیل، زبور یہاں تک کہ قرآن میں بھی ایسی کوئی سورہ نازل نہیں فرمائی اور یہ اُمّ الکتاب ہے۔[1]

---

1 مجمع البیان، نور الثقلین، آغاز سورہ حمد صفحہ ۱-۲

۳۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو مسلمان سورہ حمد پڑھے۔ اس کا اجر و ثواب اس شخص کے برابر ہے جس نے دو تہائی قرآن کی تلاوت کی ہو۔

(ایک اور حدیث میں پورے قرآن کی تلاوت کے برابر ثواب مذکور ہے)

اور اتنا ثواب ملے گا گویا اس نے ہر مومن و مومنہ کو ہدیہ پیش کیا ہو۔[1]

☆☆☆

سورة البقرة

سورہ:۲ پارہ:۱-۲-۳ مدینہ آیت:۲۸۶

پارہ۱: ۱تا۱۴۱ پارہ۲: ۱۴۲تا۲۵۲ پارہ۳:۲۵۳تا۲۸۶

تلاوت کی فضیلت

۱۔ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

☆ قرآن حکیم کا سب سے افضل سورہ، سورہ البقرہ ہے۔

☆ سورہ بقرہ کی سب سے افضل آیت آیۃ الکرسی ہے۔

---

1 مجمع البیان، آغاز سورہ حمد

۲۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (حضرت علی ابن الحسین علیہما السلام کے ذریعہ) ارشاد فرماتے ہیں:

جو شخص سورہ بقرہ کی پہلی ۴ آیات، آیۃ الکرسی اور اس کے بعد کی دو آیتیں اور اس سورہ کی آخری ۳ آیات پڑھے وہ کبھی بھی اپنی جان و مال میں ناخوش گواری نہ پائے گا۔ شیطان اس کے نزدیک نہیں آئے گا اور وہ قرآن کو نہیں بھولے گا۔[1]

☆☆☆

سورہ اٰلِ عمران

سورہ:۳ پارہ:۳-۴ مدینہ آیت:۲۰۰

پارہ۳: ۱تا۹۱ پارہ۴: ۹۲تا۲۰۰

تلاوت کی فضیلت

۱۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

۱۔ ہر آیت تلاوت کرنے والے کی پلِ صراط سے بخیریت گزر

---

1 نور الثقلین، جلد ۱، ص ۲۶، بحوالہ کتاب ثواب الاعمال، مجمع البیان، جلد ۱، ص ۳۲

جانے کی ضمانت بن جائے گی۔[1]

۲۔رزق کی کشائش کے لئے لکھ کر گلے میں پہنے۔

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

۳۔ زعفران سے لکھ کر بانجھ عورت کے گلے میں ڈالنے سے صاحب اولاد ہو جائے گی۔[2]

دُعا

اے خدائے بزرگ و برتر ہم سب کو یہ توفیق عطا فرما کہ ہم تیری آسمانی کتاب کے ان حیات بخش احکام کو اپنی چند روزہ زندگی میں اپنا لیں اور اپنی غیر محدود رحمت اور الطافِ بے پایاں کو ہمارے شامل حال فرما۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

---

1 مجمع البیان

2 تفسیر البیان

سورۃ النساء

سورہ:۴   پارہ:۴-۵-۶   مدینہ   آیت:۱۷۶

پارہ۴: ۱تا۲۳   پارہ۵: ۲۴تا۱۴۷   پارہ۶:۱۴۸تا۱۷۶

تلاوت کی فضیلت:

۱۔ رسول اکرم ﷺ:

جو شخص سورہ النساء کی تلاوت کرے گویا اس نے اس قدر مال وزر خدا کی راہ میں دیا ہے جتنا کہ سورہ نساء کے لحاظ سے بطور وارث ہر ایک مسلمان کا حصہ ہے اور اسی طرح اُسے اس شخص کے برابر ثواب دیا جائے گا جس نے ایک غلام آزاد کیا ہو۔

نوٹ: واضح رہے کہ اس روایت میں اور اس قسم کی دوسری تمام روایتوں میں حرف آیتوں کا پڑھنا مقصد نہیں۔ بلکہ پڑھنا تو سمجھنے کے لئے مقدمہ اور تمہید ہے اور وہ بھی اپنے مقام پر۔

یہ ایک قدم ہے اسے اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں اپنانے کے لئے یہ بات تسلیم شدہ ہے کہ اگر کوئی مسلمان اس سورہ کی آیات سے اپنی زندگی میں عملی نصیحت حاصل کرے تو وہ یہ تمام اجر و ثواب دنیاوی نتائج کے علاوہ حاصل کرے گا۔

☆☆☆

سورہ المائدة

سورہ:۵   پارہ:۶-۷   مدینہ   آیت:۱۲۰

پارہ۶: ۱تا۸۲   پارہ۷:۸۳تا۱۲۰

تلاوت کی فضیلت

۱۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

۱۔پانی پر لکھ کر پینے سے بھوک پیاس کا ڈر نہیں رہتا ہے۔

۲۔پڑھنے والے کو دس گنا حسنات ملیں گے۔[1]

۲۔ امام رضا علیہ السلام

۱۔ چوری چکاری سے مال بچ جاتا ہے۔ جہاں یہ سورہ لکھا ہوا رکھا ہو۔[2]

☆☆☆

---

1 تفسیر برہان

2 خواص القرآن

سورہ الانْعام

سورہ:۶   پارہ:۷-۸   مکہ   آیت:۱۶۵

پارہ۷: ۱تا۱۱۰   پارہ۸:۱۱۱تا۱۶۵

تلاوت کی فضیلت

سورہ انعام ایک ہی بار نازل ہوا۔ نزول کے وقت ستّر ہزار (۷۰،۰۰۰)فرشتے اسے لے کر نازل ہوئے تھے۔

جو شخص اس سورہ کو پڑھے (اور اس کے سائے میں اس کی روح و جان سر چشمہ توحید سے سیر اب ہو) تو وہ تمام فرشتے اس کے لئے طلب مغفرت کرتے ہیں۔

ہو سکتا ہے کہ اس سورہ کی آیات میں غور و فکر کرنا مسلمانوں میں سے روح نفاق و پراگندگی کو نکال کر باہر کرے اور کانوں کو سننے والا آنکھوں کو دیکھنے والا اور دلوں کو دانا بنادے۔

☆☆☆

سورہ الاعراف

سورہ:۷ پارہ:۸-۹ مکہ آیت:۲۰۶

پارہ۸: ۱تا۸۷ پارہ۹: ۸۸تا۲۰۶

تلاوت کی فضیلت

۱۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص سورہ اعراف کو مہینے میں کم از کم ایک بار پڑھے گا وہ بروز قیامت ان لوگوں میں سے ہو گا جنھیں کوئی خوف ہو گا نہ غم (من الذین لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون) اور اگر اللہ اسے یہ توفیق دے کہ وہ سورہ اعراف کو ہر جمعہ کو پڑھے تو وہ قیامت کے روز ان لوگوں میں محشور ہو گا جو بغیر کسی حساب کے جنت میں داخل ہو جائیں گے۔

۲۔ نیز حضرت نے فرمایا کہ

اس سورہ میں کچھ آیات محکمہ ہیں جن کا پڑھنا، تلاوت کرنا اور ان پر عمل کرنا کبھی نہ بھولنا، کیوں کہ یہ آیات بروز محشر خدائے

ذوالجلال کی پیشی میں اپنے پڑھنے والے کی گواہی دیں گی۔[1]

۳۔ نیز فرمایا

جو شخص اس سورہ کو پڑھے گا قیامت میں **الذین لا خوفٌ علیہم ولا ہم یحزنون** کا مصداق بنے گا۔ اور یہ حقیقت اس سورہ کی آیت نمبر ۵۳ کی طرف ایک لطیف اشارہ ہے۔ جس میں خدا نے فرمایا ہے۔ **فمن التقیٰ و اصلح فلا خوف علیہم ولا ہم یحزنون** (جن لوگوں نے تقویٰ اختیار کیا اور اپنی اور انسانی معاشرے کی اصلاح کی انھیں (قیامت کے دن) کوئی خوف ہو گا نہ غم۔)

دُعا

بارالہا! ہمارے دل کو اپنی یاد کے نور سے روشن کر دے وہی روشنی جس کے سائے میں ہم اپنا راستہ حقیقت کی طرف کھول سکیں۔ اور اس نور سے پرچمِ حق لہرائے، ظالموں سے بر سرِ پیکار رہنے اور ذمہ داریوں کو سمجھنے اور اپنے ذمہ پیغاموں کو پہونچانے میں مدد لیں۔

---

1 تفسیر برہان حصہ دوم ص ۲، نور الثقلین ج ۲، ص ۲

☆☆☆

سورہ الانفال

سورہ:۸ پارہ:۹-۱۰ مدینہ آیت:۷۵

پارہ۹: ۱تا۴۰ پارہ۱۰:۴۱تا۷۵

تلاوت کی فضیلت

۱۔ امام صادق علیہ السلام:

جو شخص ہر ماہ انفال اور برآت کی تلاوت کرے گا اس کے وجود میں ہر گز روحِ نفاق داخل نہیں ہو گی اور وہ حقیقی طور پر امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کا پیرو ہو گا۔

اور قیامت کے دن ان کے ساتھ بیٹھ کر جنت کے کھانوں میں سے کھائے گا۔ یہاں تک کہ لوگ اپنے حساب سے فارغ ہوں گے۔[1]

1 تفسیر مجمع البیان مزکورہ آیت کے ذیل میں

دُعا

پرور دگارا! ہمارے معاشرے کو بیداری عطا فرما۔ مسلمانوں کو دشمنوں کے ساتھ ربط، تعلق اور ہم کاری کے حظرات سے آگاہ فرما۔

اور خود آگاہی اور وحدت کلمہ کے سائے میں ہمارے معاشرے کو فتنہ وفساد سے پاک کردے۔

☆☆☆

سورہ التوبہ

سورہ:۹ پارہ:۱۰-۱۱ مدینہ آیت:۱۲۹

پارہ۱۰: ۱تا۹۳ پارہ۱۱:۹۴تا۱۲۹

تلاوت کی فضیلت

۱۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص ہر ماہ سورہ انفال اور برآت پڑھے اس میں روح نفاق داخل نہیں ہوگی اور امیر المومنین کے حقیقی شیعوں میں سے ہوگا۔

۲۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

سورہ برآت اور سورہ توحید ستر ہزار ملائکہ کی معیّت میں مجھ پر

نازل ہوئیں اور ان میں سے ہر آیت ان دونوں کی اہمیت کے بارے میں وصیت کرتا ہے۔

☆☆☆

سورہ یونس

سورہ:۱۰ پارہ:۱۱ مکہ آیت:۱۰۹

تلاوت کی فضیلت

ا۔ امام صادق علیہ السلام:

جو شخص سورہ یونس دو یا تین مہینے میں ایک دفعیہ پڑھے تو اس کے لئے یہ خوف نہیں کہ وہ جاہلوں میں سے قرار پائے۔ نیز قیامت کے دن وہ مقربین میں سے ہو گا۔ [1]

نوٹ: یاد دہانی کی ضرورت نہ ہو کہ سورتوں کے فضائل جیسا کہ بیان ہو چکا ہے۔ صرف آیات کی تلاوت سے بغیر معانی سمجھے اور بغیر اس کے مضامین پر عمل کئے فراہم نہیں ہوتے، کیوں کہ تلاوت، سمجھنے کا

1 تفسیر نور الثقلین ج ۲، ص ۰۹۲ اور دیگر تفاسیر

مقدمہ اور سمجھنا، عمل کرنے کی تمہید ہے۔

دُعا

پروردگارا! تیرے بندے جو تیری راہ میں جہاد کرتے ہیں۔
وہ جہاد جس میں خلوص اور ایمان کارفرما ہے۔
تیرے بندے جو تیری راہ میں صبر، استقامت اور پامَردی کا مظاہرہ کرتے ہیں تونے ان سے کامیابی کا وعدہ کیا ہے۔
بار الٰہا! تو بھی اپنے لطف و کرم سے مشکلات کے سیاہ بادل برطرف کردے اور ہمیں حق و عدالت کی حیات بخش شعاعوں سے نواز دے۔

☆☆☆

سورہ ھود

سورہ:۱۱ پارہ:۱۱-۱۲ مکہ آیت:۱۲۳

پارہ۱۱: ۱تا۵ پارہ۱۲: ۶تا۱۲۳

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص اس سورہ کی تلاوت کرے اس کی جزاء اور ثواب ان اشخاص جیسا ہے جو حضرت ھودؑ اور باقی انبیاء پر ان کے جھٹلانے والوں اور منکرین کے مقابلے میں ایمان لائے۔ ایسا شخص قیامت کے دن شہداء میں سے قرار پائے گا۔ اور اس کا حساب آسان و سہل ہو گا۔[1]

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص یہ سورہ اپنے پاس لکھ کر رکھے خدا اسے بے حد قوت و طاقت عطا فرمائے اور جس کے پاس یہ سورہ تحریراً موجود ہو وہ جنگ میں دشمن پر غالب آئے گا۔ یہاں تک کہ جو بھی اسے دیکھے گا۔ اس سے خوف کھائے گا۔[2]

---

1 تفسیر برہان، ج ۲، ص ۲۰۲

2 تفسیر برہان، ج ۲، ص ۲۰۲

دعا

پروردگارا: ہمیں توفیق فرمادے کہ ہم خلوص کے ساتھ تیری عبادت کریں اور عشق کے ساتھ تجھ پر توکل کریں۔

خدایا! ایسا کرم کر کہ ہم تجھے تیری صفات جمال و جلال کے ساتھ پہچانیں۔ اور ایسا کر کہ آگاہی اور علم کے ساتھ تیری طرف حرکت کریں۔

☆☆☆

سورہ یوسف

سورہ:۱۲ پارہ:۱۲-۱۳ مکہ آیت:۱۱۱

پارہ۱۲: ۱تا۵۲ پارہ۱۲:۵۳تا۱۱۱

تلاوت کی فضیلت

۱۔ امام صادق علیہ السلام:

جو شخص ہر روز یا ہر شب سورہ یوسف کی تلاوت کرے گا خدا اسے روز قیامت اس حالت میں اٹھائے گا کہ اس کا حسن و جمال حضرت یوسف علیہ السلام کا سا ہو گا اور اسے روز قیامت کسی

پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا اور وہ خدا کے بہترین صالح اور نیک بندوں میں ہو گا۔[1]

دُعا

پروردگارا! ہماری مدد فرما کہ ہم تیرے قرآن کی نورانی آیات کے زیر سایہ "نفس آمارہ" سے "نفس لوّامہ" اور اس "نفسِ مطمینّہ" کی طرف ارتقاد کریں اور ایک مطمئن اور پر سکون روح پیدا کریں کہ جسے طوفانِ حوادث متزلزل و مضطرب نہ کرسکے اور ہم دشمنوں کے مقابلے میں قوی تر ہوں۔ دنیا کی رنگینیوں سے بے اعتناء ہوں اور سختیوں میں صابر و بردبار ہوں۔

خداوندا! ہم سب کو ایسی عقل عطا فرما کہ ہم سرکش ہوا و ہوس پر کامیاب ہوں اور اگر ہم غلطی پر ہیں تو توفیق ہدایت کے روشن چراغ سے ہماری راہ کو منوّر فرما۔

☆☆☆

---

1 مجمع البیان محل بحث سورہ کے ضمن میں

سورہ رعد

سورہ:۱۳　　　پارہ:۱۳　　　مکہ　　　آیت:۴۳

تلاوت کی فضیلت

۱۔　عشاء کے بعد رات میں لکھ کر اگر ظالم و فاجر افسر کے گھر پر لگا دیں تو لوگ اس کے خلاف ہو جائیں گے۔

۲۔　مسلسل تلاوت کرنے والے کو بجلی سے حفاظت اور جنت میں داخلہ۔

دعا

پروردگارا! اپنی رحمت کے دروازے ہم پر کھول دے اور اپنی کتاب کا علم ہم پر ارزانی فرما۔

بارالہا! قرآن کی آگاہی سے ہمارے دل اس طرح سے روشن اور ہماری فکر کو ایسا توانا بنا کہ ہم تجھے چھوڑ کر تیرے غیر کی طرف نہ جائیں۔ کسی چیز کو تیری مشیت پر مقدم نہ کریں۔ خود غرضیوں اور خود بینیوں کے تنگ و تاریک گڑھوں میں نہ گریں۔ تیرے بندوں کے درمیان تفرقہ نہ ڈالیں۔

☆☆☆

سورہ ابراہیم

سورہ:۱۴ پارہ:۱۳ مکہ آیت:۵۲

(بعض روایات میں، آیات ۸۲-۹۲ کا مدنی ہونا لکھا ہے)

تلاوت کی فضیلت

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ ابراہیم اور سورہ حجر پڑھے گا خداوند تعالیٰ اسے ان کی تعداد کے برابر کہ جو بتوں کی پوجا کرتے تھے اور جو پوجا نہیں کرتے تھے۔ دس گنا حسنات دے گا۔ 1

☆☆☆

سورہ حجر

سورہ:۱۵ پارہ:۱۳-۱۴ مکہ آیت:۹۹

پارہ۱۳: ۱ پارہ۱۴: ۲تا۹۹

1 مجمع البیان و نور الثقلین، اس سورہ کی تفسیر کے آغاز میں

تلاوت کی فضیلت

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ ابراہیم اور سورہ حجر پڑھے گا خداوند تعالیٰ اسے ان کی تعداد کے برابر کہ جو بتوں کی پوجا کرتے تھے اور جو پوجا نہیں کرتے تھے۔ دس گنا حسنات دے گا۔[1]

☆☆☆

سورہ نحل (سورہ نَعَم)

سورہ:۱۶ پارہ:۱۴ کچھ مکی کچھ مدنی آیت:۱۲۸

تلاوت کی فضیلت

جو شخص اس سورہ کو پڑھے گا خدائے تعالیٰ اس جہان میں اسے بخشی گئی نعمتیں کا حساب نہیں لے گا۔[2]

---

1 مجمع البیان ونور الثقلین، اس سورہ کی تفسیر کے آغاز میں

2 مجمع البیان، ج۶، ص ۳۴۷

دُعا

پروردگارا! تیری بے پایاں نعمتیں ہمارے سارے وجود پر محیط ہیں ہم تیری نعمتوں میں مستغرق ہیں لیکن ابھی ہم نے تجھے پہچانا نہیں۔

بارالہٰا! ہمیں ایسا ادراک اور ایسی توفیق بخش کہ تیرے عشق کے راستے کے پیچ و خم میں ہماری مدد گار ہو، اور ہمیں شکر گزاروں کی منزل تک پہنچادے۔

خداوندا! تو ہماری احتیاج اور خیاز کو ہر کسی سے بہتر جانتا ہے۔ اور ہمارے ذاتی تقاضوں کو خود ہم سے بہتر جانتا ہے۔ ہمیں توفیق دے کہ ہم ایسے ہو جائیں جیسا تو چاہتا ہے۔ اور ہمیں توفیق دے کہ ہم اس سے بہتر ہو جائیں کہ جو لوگ ہمارے متعلق سوچتے ہیں۔

سورہ نحل ”نعمتوں کی سورت“

اس میں تقریباً چالیس ۴۰ چھوٹی بڑی مادّی، روحانی نعمتوں کا ذکر ہے وہ مندرجہ ذیل میں: ان کا مقصد پہلے توحید اور عظمت خالق کی تعلیم ہے اس کے بعد ان نعمتوں کے خالق سے انسان کے میلان کو تقویت پہنچانا ہے اور

احساس تشکر کو ابھارنا ہے۔

۱۔ تخلیق فلک

۲۔ خلقت زمین

۳۔ چوپائوں کی پیدائش

۴۔ ان کی اون اور چمڑے کے ذریعے لباس کی تیاری۔

۵۔ جانوروں کے دیگر فائدے۔

۶۔ جانوروں کے گوشت سے استفادہ۔

۷۔ استقلال اقتصادی کے حسن سے فائدہ اٹھانا۔

۸۔ نقل وحمل کے لئے جانوروں سے کام لینا۔

۹۔ صراط مستقیم کی ہدایت۔

۱۰۔ آسمان سے بارش کا نزول اور اس سے پینے کے پانی کی دستیابی۔

۱۱۔ اس سے چارا گاہوں کی نشو نما۔

۱۲۔ اس سے فصلوں، زیتون، کھجور، انگور اور طرح طرح کے پھلوں کا اُگنا۔

۱۳۔ رات اور دن کا تسخیر ہونا۔

۱۴۔ سورج اور چاند کی تسخیر

۱۵۔ ستاروں کی تسخیر۔

۱۶۔ گوناں گوں مخلوق کہ جو زمین میں پیدا کی گئی ہے۔

۱۷۔ سمندروں میں موجود جانوروں کے گوشت اور جواہرات سے استفادہ۔

۱۸۔ سینۂ آب پر کشتیوں کا چلنا۔

۱۹۔ پہاڑوں کا پیدا کرنا کہ جو زمین کو ٹھہراتے ہیں۔

۲۰۔ دریاؤں اور نہروں کا پیدا کرنا۔

۲۱۔ آپس میں مربوط راستے پیدا کرنا۔

۲۲۔ راستے پہچاننے کے لئے علامات پیدا کرنا۔

۲۳۔ رات کے وقت راستہ پہچاننے کے لئے ستاروں سے استفادہ کرنا۔

۲۴۔ آب باراں کے ذریعے مردہ زمینوں کو زندہ کرنا۔

۲۵۔ خالص اور عمدہ دودھ پیدا کرنا جو خون اور ہضم شدہ غذا کے درمیان سے نکلتا ہے۔

۲۶۔ کھجور اور انگور سے حاصل شدہ چیزیں۔

۲۷۔ شہد کہ جو شفا بخش غذا ہے۔

۲۸۔ انسان کے لئے اس کی اپنی نوع میں سے ہم ذات اور شریک حیات پیدا کرنا۔

۲۹۔ اولاد جیسی نعمت۔

۳۰۔ طرح طرح کا پاکیزہ رزق...... (وسیع مفہوم کے اعتبار سے۔)

۳۱۔ سماعت کی نعمت۔

۳۲۔ آنکھوں کی نعمت۔

۳۳۔ عقل وہوش کی نعمت۔

۳۴۔ ٹھہرے ہوئے مسکن اور گھر۔

۳۵۔ چلتے پھرتے گھر (خیمے)۔

۳۶۔ اسباب زندگی کہ جو اون، کھال اور جانوروں کے بالوں سے بنائے جاتے ہیں۔

۳۷۔ سائے کی نعمت۔

۳۸۔ پہاڑوں میں قابل اطمینان پناہ گاہوں کی نعمت۔

۳۹۔ طرح طرح کے لباس جو انسان کو سردی اور گرمی سے بچاتے ہیں۔

۴۰۔ زرہ اور لباس جنگ جو دشمن کی ضربوں سے بچاتا ہے۔

(کذٰلک یتم نعمتہ علیکم لعلکم تسلمون)

اس طرح سے اللہ اپنی نعمتیں تم پر تمام کرتا ہے تاکہ تم اس کے حکم پر سر تسلیم خم کرو۔

☆☆☆

سورہ بنی اسرائیل

سورہ:۱۷ مکہ پارہ:۱۵ آیت:۱۱۱

تلاوت کی فضیلت

۱۔ امام صادق علیہ السلام:

جو شخص ہر شب جمعہ بنی اسرائیل کی تلاوت کرے گا وہ اس وقت تک دنیا سے نہ جائے گا جب تک قائم آل محمد (علیہ السلام) کو نہ دیکھ لے اور آپ کے یار و انصار میں ہو گا۔

دعا

پروردگارا! ہمارے دل کو نور علم و ایمان سے سرشار کر دے تاکہ ہم تیری عظمت کے سامنے جھکے رہیں۔ تیرے وعدوں پر ایمان رکھیں اور تیرے احکام کے سامنے سر تسلیم خم کر دیں۔ تیرے علاوہ کسی کی پرستش نہ کریں۔ اور تیرے غیر کا سہارا نہ لیں۔

بارالہا! ہمیں توفیق دے کہ ہم زندگی بھر کبھی اعتدال سے باہر نہ نکلیں اور ہر قسم کی افراط تفریط سے پرہیز کریں۔

خداوندا! ہم تیری حمد کرتے ہیں۔ تجھے یگانہ و یکتا سمجھتے ہیں تجھے

برتر سمجھتے ہیں ایسا برتر کہ جس کی توصیف کی جاسکے۔ تو ہی ہمیں بخش دے۔ ہمارے قدم اپنی راہ میں استوار کر اور داخلی اور خارجی دشمنوں پر ہمیں کامیاب فرما اور ہماری کامیابیوں کو قیام مہدی موعود (ہماری جانیں ان پر فدا ہوں) کی آخری کامیابی کے ساتھ متصل کر دے۔

☆☆☆

سورہ الکہف

سورہ:۱۸   پارہ:۱۵-۱۶   مکہ   آیت:۱۱۰

پارہ۱۵: ۱تا۷۴   پارہ۱۶:۷۵تا۱۱۰

(سوائے آیت ۸۲ کے)

تلاوت کی فضیلت

۱۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

سورہ کہف جب نازل ہوئی تو ستّر ہزار فرشتے نگرانی کر رہے تھے اور اس کی عظمت سے زمین و آسمان معمور تھے۔

یہ وہ سورہ ہے کہ جو شخص جمعہ کے روز اس کی تلاوت کرے گا

آئندہ جمعہ تک اس کو بخش دے گا۔ (ایک اور روایت کے مطابق آئندہ جمعہ تک اللہ اسے گناہ سے محفوظ رکھے گا) اور اسے ایسا نور عطا کرے گا کہ جو آسمان تک فشاں ہو گا اور وہ شخص دجّال کے فتنے سے محفوظ رہے گا۔[1]

۲۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ کہف کی آخری دس ۱۰ آیات حفظ کرے اسے دجّال نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ جو شخص اس سورہ کی آخری آیات حفظ کرے روز قیامت یہ اس کے لئے روشنی بن جائے گی۔[2]

۳۔ امام صادق علیہ السلام:

جو شخص ہر شب جمعہ سورہ کہف کی تلاوت کرے گا۔ دنیا سے وہ شہید جائے گا اور شہداء کے ساتھ مبعوث ہو گا اور روز قیامت شہداء کی صف میں شمار ہو گا۔[3]

---

1 مجمع البیان
2 مجمع البیان
3 مجمع البیان

دعا:

پروردگارا! تمام اعمال میں ہماری نیت کو اس طرح صاف کردے کہ ہم ترے علاوہ کسی کے لئے نہ سوچیں اور تیرئے علاوہ کسی کے لئے قدم نہ اٹھایں۔ اگر تیرئے علاوہ کسی کو چاہیں تو وہ بھی تیری رضا کے لئے ہو۔ اور اس لئے ہو کہ اس کا تعلق تجھ سے ہے۔

☆☆☆

سورہ مریم

سورہ:۱۹ پارہ:۱۶ مکہ آیت:۹۸

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص اس سورہ کو پڑھے اسے ان اشخاص کی تعداد کے برابر کہ جنھوں نے زکریاؑ کی تصدیق یا تکذیب کی ہے اور اسی طرح سے یحیؑ، مریمؑ، عیسیٰؑ، موسیٰؑ، ہارونؑ، ابراہیمؑ، اسحاقؑ، یعقوبؑ اور اسمٰعیلؑ (کی تصدیق یا تکذیب کی ہے) ان میں سے ہر ایک

کی تعداد سے دس ۱۰ گنا نیکیاں خداوند تعالیٰ اس کے نامۂ اعمال میں درج کر دے گا۔ اور اسی طرح ان اشخاص کی تعداد کہ جو (جھوٹ اور تہمت کے طور پر) خدا کے لئے اولاد کے قائل ہوئے ہیں۔ اور ان اشخاص کی تعداد کہ جو خدا کی اولاد کے قائل نہیں ہوئے، دس ۱۰ گنا نیکیاں عطا کرے گا۔

۲۔ امام صادق علیہ السلام:

جو اس سورہ کو مسلسل پڑھتا رہے گا وہ اس دنیا سے نہیں جائے گا مگر یہ کہ خداوند تعالیٰ اس سورہ کی برکت سے اسے جان و مال اور اولاد کے لحاظ سے بے نیاز کر دے گا۔[1]

دعا:

پروردگارا! ہمارے دل کو نور ایمان کے ساتھ اور ہمارے تمام وجود کو عمل صالح کے نور کے ساتھ روشن کر دے۔ ہمیں مومنین و صالحین خصوصا امام المتقین امیر المومنین علی علیہ السلام کے دوستوں میں سے قرار دے۔ اور ہماری محبت بھی تمام مومنین کے دلوں میں ڈال دے۔

---

1 مجمع البیان، ذیل اس آیت کے

بارالہا! ہمارا عظیم اسلامی معاشرہ اتنی بڑی تعداد میں ہونے اور اتنے وسیع مادی اور معنوی وسائل رکھنے کے باوجود دشمنوں کے پنجے میں گرفتار ہے اور آپس کے انتشار اور پھوٹ کی وجہ سے کمزور ہو گیا ہے۔ تو مسلمانوں کو ایمان اور عمل صالح کی مشعل کے گرد اکٹھا کر دے۔

خداوندا! جس طرح تو نے پہلے زمانے کے سرکشوں اور جابروں کو ایسا ہلاک و محو اور نابود کیا ہے کہ ان کی بھنک بھی کانوں میں نہیں پڑتی۔ اسی طرح ہمارے زمانے کی سپر طاقتوں کو نیست و نابود کر دے۔ ان کے شر کو مستضعفین کے سروں سے ٹال دے اور متکبرین کے خلاف مومنین کی جدوجہد کو ضمنی کامیابی سے ہم کنار کر دے۔

آمین، یارب العالمین.

☆☆☆

سورہ طٰہٰ

سورہ:۲۰ پارہ:۱۶ مکہ آیت:۱۳۵

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

خدا نے سورہ طٰہٰ اور یٰسین کو خلقت آدمؑ سے دو ہزار سال پہلے فرشتوں کے سامنے بیان کیا جس وقت فرشتوں نے قرآن کا یہ حصہ سنا تو انھوں نے کہا۔

"کیا کہنا اس امت کا کہ جس پر یہ آیتیں نازل ہوں گی۔ کیا کہنا ان دلوں کا جو ان آیات کو قبول کریں گے اور کیا کہنا ان زبانوں کا کہ جن پر یہ آیات جاری ہوں گی۔"

۲۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص اسے پڑھے گا اسے روز قیامت مہاجرین و انصار کے برابر ثواب ملے گا۔[1]

۳۔ امام صادق علیہ السلام:

---

1 مجمع البیان ج ۷، ص ۱

سورہ طٰہٰ کی تلاوت ترک نہ کرو کیوں کہ خدا اسے اور اس کی تلاوت کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ جو شخص ہمیشہ اس کی تلاوت کرتا رہے، خدا قیامت کے دن اس کا نامۂ اعمال اس کے دائیں ہاتھ میں دے گا۔ اور وہ بغیر حساب کے جنت میں داخل کرے گا۔ اور آخرت میں اسے اتنا اجر ملے گا کہ وہ راضی ہو جائے گا۔ [1]

دعا:

پروردگارا! ہمیں ہدایت یافتہ اور صراط مستقیم پر چلنے والوں میں سے قرار دے۔

خداوندا! ہمیں وہ قدرت اور رعب عطا فرما کہ (جس سے) نہ تو ہم دشمنوں کی کثرت سے ڈریں اور نہ ہی سخت حوادث اور مشکلات سے ہراساں ہوں۔ ہٹ دھرمی اور بہانہ سازی کو ہم سے دور رکھ اور ہمیں حق قبول کرنے کی توفیق عطا فرما۔

آمین، یا رب العالمین.

☆☆☆

---

1 مجمع البیان، ج ۷، ص ۱

سورہ انبیاء

سورہ:۲۱ پارہ:۱۷ مکہ آیت:۱۱۲

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ انبیاء کو پڑھے گا خدا اس کے حساب کو آسان کر دے گا۔ (روز قیامت اس کے اعمال کا حساب سینے میں سخت گیری نہیں کرے گا) اور ہر وہ پیغمبر کہ جس کا نام قرآن میں ذکر ہوا ہے وہ اس سے مصافحہ کرے گا اور اسے سلام کرے گا۔ 1

۲۔ امام صادق علیہ السلام:

جو شخص سورہ انبیاء کو عشق و محبت کے ساتھ پڑھے گا وہ جنت کے پُر نعمت باغوں میں تمام انبیاء کا رفیق اور ہم نشین ہو گا اور دنیا کی زندگی میں بھی لوگوں کی نگاہ میں پُر وقار ہو گا۔ 2

---

1 تفسیر نور الثقلین، ج۳، ص ۴۱۲

2 تفسیر نور الثقلین، ج۳، ص ۴۱۲

دعا:

پروردگارا! جس طرح تونے اپنے پیغمبر گرامیؐ اور ان کے قلیل ساتھیوں کو ان کے کثیر دشمنوں کے مقابلے میں اکیلا نہیں چھوڑا، ہمیں بھی مشرق و مغرب کے ان دشمنوں کے مقابلے میں تنہا نہ رہنے دے۔ کہ جنھوں نے ہماری تباہی کے لئے ایکا کرلیا ہے۔

خداوندا! تونے اس پُر برکت سورت میں اپنی خاص رحمت کا ذکر کیا ہے کہ جو تونے اپنے پیغمبر وہ پر سخت اور بحرانی مواقع میں اور زندگی کے طوفانوں کے مقابلے میں کی ہے۔

بارالٰہا! ہم بھی اس زمانے میں ایسے طوفانوں میں گرفتار ہیں اور اسی رحمت اور کشائش کے منتظر ہیں۔

آمین یا رب العالمین.

سورہ الحج

سورہ:۲۲ پارہ:۱۷ مدینہ آیت:۷۸

تلاوت کی فضیلت

۱۔ رسول اکرم ﷺ:

جو بھی سورہ حج تلاوت کرے اللہ اسے ان تمام لوگوں کی تعداد کے برابر اجر و ثواب عطا کرے گا جو گزشتہ زمانے میں حج و عمرہ بجالائے اور جو آئندہ بجالائیں گے۔[1]

دعا:

خدایا! جس طرح سابقہ کتب اور اس قرآن حکیم میں تو نے ہمیں "مسلمان" کہہ کر پکارا ہے۔ یہ توفیق دے کہ سر تا پا تیرے حکم کے بندے بن جائیں۔

پروردگارا! یہ دشمن جو آج ہر طرف سے قرآن و اسلام پر حملہ آور ہو رہا ہے ہمیں اس پر غلبہ عطا فرما کہ تو ہی بہترین مولا و

1 مجمع البیان، سورہ حج کی تفسیر کے آغاز میں

مدد گار ہے۔

(فَنِعْمَ الْمَوْلٰی وَ نِعْمَ النَّصیر)

آمین، یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ مومنون

سورہ:۲۳ پارہ:۱۷ مکہ آیت:۱۱۸

تلاوت کی فضیلت

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ائمہ ہدیٰ علیہم السلام کی طرف سے ہم تک پہنچنے والی روایات کے مطابق یہ سورت بڑی فضیلت کی حامل ہے۔

۱۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

اس سورت کی قرأت کرنے والے ہر شخص کو روز قیامت فرشتے، رُوح اور ریحان کی بشارت دیں گے اور جس وقت ملک الموت اس کی روح قبض کرنے کے لئے آئے گا اور اسے ایسی خوشخبری سنائے گا۔ اس کی آنکھیں روشن اور ٹھنڈی ہو جائیں گی۔ [1]

1 تفسیر مجمع البیان، ج ۷، ص ۸۹

۲۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جب یہ سورت نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مجھ پڑ دس ۱۰ آیتیں ایسی نازل ہوئی ہیں کہ اگر کوئی ان کا عمل نمونہ بن جائے تو وہ جنت میں جائے گا۔[1]

۳۔ امام صادق علیہ السلام:

جو شخص سورہ مومنون کو پڑھے اور ہر جمعہ برابر پڑھتا رہے اس کا خاتمہ شہادت پر ہو گا۔ اور انبیا و مرسلین کے ساتھ فردوس بریں میں رہے گا۔[2]

دعا:

بارالہا! ان مومنین کے صدقے میں کہ جن سے تو نے اس سورت میں کامیابی کا وعدہ کیا ہے کہ جن کے سردار رسول اللہؐ اور ان کے اہل بیتؑ ہیں ہمیں ان کی صف میں قرار دے اور فلاح ہمارے نام بھی لکھ دے۔

خداوندا! ہم پر اپنی مغفرت و رحمت نازل فرما کہ تو ارحم

---

1 تفسیر روح المعانی ج ۱۸، ص ۲

2 تفسیر مجمع البیان، ج ۷، ص ۹۸

الراحمین ہے۔
پروردگارا! ہم سب کی عاقبت بخیر فرما اور ہر قلم کی لغزش و انحراف سے محفوظ رکھ۔
اِنَّکَ عَلَی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ النُّور

سورہ:۲۴ پارہ:۱۸ مدینہ آیت:۶۴

تلاوت کی فضیلت

۱۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:
جو شخص سورہ نور کو پڑھے اور اس کے مطالب و احکام کو اپنی زندگی پر مطابقت کرے اللہ اسے تمام گزشتہ و آئندہ مومنات اور مومنین کی تعداد کے برابر دس گنا نیکیاں بطور اجر دے گا۔

۲۔ امام صادق علیہ السلام:
سورہ نور کی تلاوت کے ذریعے دنیا میں مال تلف ہونے سے بچا وہ اپنا دامن بے عفتی سے آلودہ ہونے سے محفوظ فرما اور اپنی

خواتین کواس کے احکام کے زیر سایہٗ انحرافات سے بچا کیوں کہ جو شخص ہر روز یا ہر شب ہمیشہ اس کی تلاوت کرے گا اس کے خاندان میں سے کوئی شخص آخر عمر تک خلاف عفت کام میں مبتلا نہیں ہو گا۔ [1]

دعا

بارالٰہا! ہمارے دلوں کو چراغ علم و ایمان کے نور سے منور فرما دے اور ہمارے وجود کی مشکوٰۃ کو حفظ ایمان کے لئے تقویت دے تا کہ تیرے انبیاء کو 'صراط مستقیم' پر چلتے ہوئے دیکھ کر ہم تیری رضا کی طرف روانہ ہوں اور "لا شرقیۃ ولا غربیۃ" کا مصداق بن کر ہم تیرے لطف و کرم کے زیر سایہ ہر قسم کے انحراف اور کج روی سے محفوظ رہیں۔
خداوندا! ہماری آنکھ کو نور عفت سے، ہمارے دل کو نور معرفت سے ہماری روح کو نور تقویٰ سے اور ہمارے سارے وجود کو نور ہدایت سے منور فرما دے اور ہمیں بے راہ روی،

---

1 نور الثقلین ج ۳، ص ۸۶۵، بحوالہ ثواب الاعمال از شیخ صدوق اور تفسیر مجمع البیان، اسی سورہ کے ذیل میں

غفلت اور شیطانی وسوسوں کے چنگل میں گرفتار ہونے سے محفوظ رکھ۔
پروردگارا! اپنے احکام کے اجراء کے لئے حکومت اسلامی کی بنیادوں کو مستحکم کر دے اور ہمارے معاشرے کو برائیوں اور غلاظتوں کے گڑھے میں گرنے سے محفوظ رکھ۔
اِنَّکَ عَلَی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر.
آمین، یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الفرقان

سورہ:۲۵ پارہ:۱۸-۱۹ مکہ آیت:۷۷

پارہ۱۸: ۱تا۳۰ پارہ۱۹: ۳۱تا۷۷

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:
جو شخص سورہ فرقان کی تلاوت کرے (اس کے مضامین میں غور و فکر کرے اور اعتقاد و عمل میں اس سے ہدایت لے) تو وہ قیامت کے دن قیامت پر ایمان رکھنے والوں کی صف میں

ہو گا۔ اور اس کا حشر و نشر ان لوگوں کے ساتھ ہو گا جنھیں یقین ہے کہ قیامت آکر رہے گی اور خدا مردوں کو نئی زندگی کے ساتھ مبعوث کرے گا۔[1]

۲۔ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام:

سورہ تبارک الذی (فرقان) کی تلاوت ترک نہ کرو کیوں کہ جو شخص ہر رات اس کی تلاوت کرے گا خداوند عالم ہرگز اسے عذاب نہیں دے گا۔ اور نہ ہی اس سے حساب لے گا اور اس کی قیام گاہ بہشت بریں ہو گی۔[2]

دعا

پروردگارا! ہمیں اپنے خاص بندوں میں سے قرار دے اور توفیق عنایت فرما کہ ہم "عباد الرحمن" کی صفات کو اپنا سکیں۔

خداوندا! دعا کے دروازے ہم پر کھول دے اور ہمارے وجود کی قدر و قیمت کا سبب بنا دے۔

خدایا! ہمیں ایسی دعا کی توفیق عطا فرما جو تیری پاک ذات کو

---

1 مجمع البیان، اسی آیت کے ضمن میں

2 ثواب الاعمال، صدوقؒ، منقول از تفسیر نور الثقلین ج ۴، ص ۲

مطلوب ہے اور اس کی قبولیت سے ہمیں محروم نہ فرما۔
اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر.
آمین، یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ شعراء

سورہ:۲۶   پارہ:۱۹   مکہ   آیت:۲۲۷

(آخری ۴ آیات کے علاوہ)

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ شعراء کو پڑھے اسے نوح علیہ السلام کی تصدیق اور تکذیب کرنے والوں کی تعداد سے دس گنا نیکیاں ملیں گی اس طرح ہود، شعیب، صالح اور ابراہم علیہم السلام کی تصدیق یا تکذیب کرنے والوں کی تعداد سے دس ۱۰ گنا نیکیاں ملیں گی اور جتنی تعداد نے عیسیٰ علیہ السلام کی تکذیب اور محمد (مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی

تصدیق کی، ان کے برابر نیکیاں ملیں گی۔[1]

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

ہر شب جمعہ سورہ شعرائ، نمل اور قصص کے ساتھ پڑھو۔

دعا

پروردگارا! تو ہمارے دلوں کو اپنی یاد کے ساتھ سرشار فرما تاکہ جہاں اور جس چیز ے تیری ذات کی رضا مندی ہے اسے اپنائیں اور جس میں تیری ذات کی نارضگی ہے اسے چھوڑ دیں۔

☆☆☆

سورہ النمل

سورہ:۲۷ پارہ:۱۹-۲۰ مکہ آیت:۹۳

پارہ۱۹: ۱تا۵۹ پارہ۲۰:۶۰تا۹۳

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

---

1 مجمع البیان، سورہ شعراء کا آغاز

جو شخص سورہ طٰس سلیمان (سورہ نمل) کی تلاوت کرے گا خدا وند عالم اسے ان لوگوں کی تعداد سے دس ۱۰ گنا اجر دے گا، جنھوں نے سلیمان علیہ السلام کی تصدیق یا تکذیب کی۔ اسی طرح ان لوگوں کی تعداد سے بھی جنھوں نے جناب ہود، شعیب، صالح اور ابراہیم علیہم السلام کی تصدیق یا تکذیب کی اور بروز قیامت جب وہ اپنی قبر سے باہر نکلے گا تو اس کے منہ پر لا الہ الا اللہ کا ورد ہو گا۔ 1

۲۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص طواسین ثلاثہ (سورہ شعرائ، نمل اور قصص کہ جن کے آغاز میں طٰسٓ ہے) کی ہر شب جمعہ تلاوت کرے گا وہ اولیاء اللہ سے ہو گا۔ اسی کے جوار اور اس کے لطف و حمایت کے زیر سایہ رہے گا۔ 2

دعا

پروردگارا! ہم تجھے تیرے ان باعظمت مہینوں کی قسم دے کر

---

1 مجمع البیان اسی آیت کے ذیل میں

2 ثواب الاعمال منقول از نور الثقلین، ج ۴، ص ۷۴

سوال کرتے ہیں کہ ہمیں اپنی خالص بندگی، اپنے فرمان کے آگے سر جھکا دینے اور اپنے قرآن مجید کی تلاوت کی توفیق عطا فرما۔

خداوندا! ہمیں ہر روز اپنی نت نئی نشانیاں دکھلانا کہ ہم تجھے ہر روز مسلسل پہچانتے رہیں اور ان سب نعمتوں کا شکر ادا کرتے رہیں جو تو نے ہمیں عطا فرمائی ہیں۔

بارالہا! ہمارے اسلامی معاشرے کو گوناگوں مشکلات نے گھیر رکھا ہے اور اندرونی دشمن اس بات کی زبردست کوشش کررہے ہیں کہ تیرے نور کو بجھادیں۔

لیکن تو نے ہی سلیمانؑ کو اس قدر قدرت عطا فرمائی۔ موسیٰؑ کو فرعون اور فرعونیوں کے مقابلے میں اس قدر قوت عطا فرمائی۔ ہمیں بھی ان دشمنوں پر کامیابی عطا فرما اور جو لوگ قابل ہدایت نہیں انھیں قوم عاد، قوم ھود و ثمود اور قوم لوط کی طرح نیست و نابود فرما۔

☆☆☆

سورہ القصص

سورہ:۲۸ | پارہ:۲۰ | مکہ | آیت:۸۸

تلاوت کی فضیلت

ا۔ جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو آدمی سورۃ قصص کو پڑھے گا تو اسے اُن لوگوں کہ جنھوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی تصدیق یا تکذیب کی، تعداد کی نسبت سے دس گنا نیکیوں کا ثواب دیا جائے گا اور زمین و آسمان میں کوئی فرشتہ ایسا نہ ہو گا جو بروز قیامت اس شخص کی صداقت پر گواہی نہ دے۔[1]

۲۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص طواسین ثلاثہ یعنی سورہ القصص 'نمل' اور شعراء کو ہر شب جمعہ میں پڑھے گا۔ اس کا شمار دوستان خدا میں ہو گا۔ اور وہ جوار الٰہی اور اُس کے سایۂ رحمت میں رہے گا۔ وہ دنیا میں کبھی بے امن ناراحت اور فقیر نہ رہے گا۔ اور آخرت میں خدا اس کو اس قدر انعامات عنایت کرے گا کہ وہ نہ صرف راضی ہو جائے گا بلکہ اس کی مسرّت کی کیفیت اس سے بھی زیادہ ہو گی۔[2]

---

1 تفسیر مجمع البیان اور آغاز سورہ القصص

2 تفسیر نور الثقلین، سورہ قصص کے آغاز میں بحوالہ ثواب الاعمال

نوٹ: یہ امر بدیہی ہے کہ یہ تمام اجر و ثواب ان لوگوں کے لئے ہے جو اس سورہ کو پڑھ کر دنیا کے قارونوں، فرعونوں کے مقابلے میں حضرت موسیٰ اور راست باز مومنین کی صف میں کھڑے ہو کر باطل کے خلاف جہاد کرتے ہیں اور مشکلات کے وقت دشمن کے مقابلہ میں ہار نہیں مانتے اور شکست کی ذلّت کو گوارا نہیں کرتے۔

کیوں کہ نعمات الٰہی کسی کو مفت نہیں مل جاتیں۔ یہ نعمات و برکات انھیں لوگوں کے لئے مخصوص ہیں جو کلام الٰہی کو پڑھتے ہیں اس پر غور کرتے ہیں اور اس کی تعلیم کو اپنی زندگی کا دستور اعمال بناتے ہیں۔

☆☆☆

سورہ العنکبوت

سورہ:۲۹ پارہ:۲۰-۲۱ مکہ آیت:۶۹

پارہ۲۰: ۱تا۴۴ پارہ۲۱:۴۵تا۶۹

تلاوت کی فضیلت

۱۔ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو آدمی سورہ عنکبوت پڑھتا ہے اس کے حصے میں تمام مومنین اور

منافقین کی تعداد سے دس ۱۰ گنا زیادہ حسنات لکھے جاتے ہیں۔ [1]

بالخصوص ماہ رمضان کی ۲۳ تاریخ کی شب میں سورہ عنکبوت اور سورہ روم کی تلاوت کے متعلق غیر معمولی فضیلت وارد ہوئی ہیں۔

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو آدمی ماہ رمضان کی شب ۲۳ تاریخ کو شورہ عنکبوت اور سورہ روم کی تلاوت کرے قسم بخدا وہ اہل بہشت میں سے ہے۔ میں اس معاملے میں کسی کو مستثنیٰ نہیں کرتا اور اس بات سے بھی نہیں ڈرتا کہ اس قسم کے لئے میرے نامہ اعمال میں کوئی گناہ نہ لکھ دے۔

بطور مسلم ان دونوں سورتوں کا خدا کے حضور بڑا مرتبہ ہے۔ [2]

دعا:

اے پروردگار! تو ہمیں ایسی توفیق عنایت فرما کہ تمام عمر تیری راہ میں سعی و کوشش سے دست بردار نہ ہوں۔

خداوندا! تو ہمیں ایسا اخلاص مرحمت فرما کہ ہمیں تیرے سوا کسی

---

1 تفسیر مجمع البیان

2 (ثواب الاعمال مطابق تفسیر نور الثقلین ج ۴، صفحہ ۱۴۷

غیر کا خیال بھی نہ آئے اور کسی غیر کی طرف ہمارا قدم نہ اٹھے۔
بارالہا! تو ہمارا مقام مجاہدین سے بلند کر دے اور ہمیں محسنین
کے مقام احسان و ایثار پر فائز کر دے اور تمام عمر تو ہمارے
سروں پر اپنی ہدایت کا سایہ رکھ۔
آمین، یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الروم

سورہ:۳۰ پارہ:۲۱ مکہ آیت:۶۰

تلاوت کی فضیلت

۱۔ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص کہ سورہ روم کو پڑھے گا اسے ہر دس ۱۰ فرشتے کے
حسنات کے مقابل جو زمین و آسمان کے درمیان خدا کی تسبیح
کرتا ہے دس ۱۰ گناہ اجر ملے گا اور جو کچھ اس نے رات یا دن
میں تلف کیا ہے اس کی بھی تلافی ہو جائے گی۔ [1]

---

1 مجمع البیان آغاز سورہ روم

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص ماہ رمضان کی ۲۳ تیئیسویں شب میں سورہ عنکبوت اور سورہ روم پڑھے گا قسم بخدا وہ اہل بہشت میں سے ہے۔ میں اس میں کسی کو استثنا نہیں کرتا۔[1]

دعا:

پروردگارا! تو ہمیں بھی ایسا صبر اور استقامت عطا کر کہ مشکلات و حوادث کے طوفان ہمارے استقلال میں خلل انداز نہ ہو سکیں۔

خداوندا! ہم تیری ذات پاک کے دامنِ تحفظ میں پناہ لیتے ہیں تاکہ ایسا نہ ہو کہ ہمارا شمار ان لوگوں میں ہو جن پر کسی وعظ، نصیحت، عبرت اور تخویف کا اثر ہی نہیں ہوتا ہو۔

بار الہا! دشمن باہم مربوط اور متحد ہیں اور طرح طرح کے شیطانی اسلحے سے مسلح ہیں ہم دعا کرتے ہیں کہ تو ہمیں بیرونی دشمنوں اور اندرونی شیطانوں پر فتح عنایت کر۔

آمین یا رب العالمین.

---

1 تفسیر نور الثقلین ج ۴ ص ۱۶۹ بحوالہ ثواب الاعمال از شیخ صدوق

(و الحمد لله اوّلاً وَ آخرًا و الصّلوٰۃ علی النبّی و آلہٖ سرمدًا ابدًا)

☆☆☆

سورہ لقمان

سورہ:۳۱ پارہ:۲۱ مکہ آیت:۳۴

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ لقمان پڑھے حضرت لقمان آخرت میں اس کے رفیق اور دوست ہوں گے اور جن لوگوں نے نیک یا بد اعمال انجام دیئے ہیں (امر بالمروف اور نہی از منکر کے حکم کے خلاف) ان کی تعداد کے مطابق دس ۱۰ گنا نیکیاں اسے دی جائیں گی۔[1]

۲۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام:

جو شخص رات کو سورہ لقمان کی تلاوت کرے تو خداوند عالم

1 مجمع البیان ج ۷، ص ۲۱۳

تیس ۳۰ فرشتوں کو اس کی حفاظت کے لئے صبح تک شیطان اور اس کے لشکر کے مقابلے کے لئے مامور کر دیتا ہے، اور اگر دن کو اس کی تلاوت کرے تو یہ تیس ۳۰ فرشتے غروب آفتاب تک شیطان اور اس کے لشکر سے اس کی حفاظت کرتے ہیں۔[1]

دعا:

پروردگارا! ہمارے دل کی آنکھ علم و دانش کے نور سے منوّر فرما اور اپنے بے پایاں علم کا ایک گوشہ مرحمت فرما۔
خداوندا! اس دنیا کا زرق و برق ہمیں فریب نہ دے اور دھوکہ باز شیطان اور ہوائے نفس ہمیں مغرور نہ کرے۔
بارالہا! ایسا کر دے کہ ہم ہمیشہ تیرے احاطۂ علمی سے آگاہ رہیں اور تیرے حضور تیری رضا کے خلاف کوئی کام انجام نہ دیں۔
آمین، یا رب العالمین.

☆☆☆

1 نور الثقلین ج ۴، ص ۳۹۱

سورہ الٓمّٓ سَجْدة

سورہ:۳۲ پارہ:۲۱ مکہ آیت:۳۰

دوسرے نام:

سورہ سجدہ یاالم سجدہ، حٰم سجدہ، سجدہ لقمان اور سورہ مضاجع اور الم تنزیل بھی۔

تلاوت کی فضیلت:

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ الم تنزیل اور تبارک الذی کو پڑھے تو گویا اس نے شب قدر جاگ کر گزاری۔ [1]

۲۔ حضرت امام جعفر بن محمد صادق علیہ السلام:

جو شخص سورہ سجدہ ہر شب جمعہ پڑھے خدا اس کا نامہ اعمال اس کے دائیں ہاتھ میں دے گا اور اس کے گزشتہ گناہوں کو بخش دے گا۔ اور محمد و آل بیت محمد علیہم السلام کے دوستوں میں

---

1 مجمع البیان ج ۷ ص ۴۲۳

ہو گا۔[1]

دعا:

پروردگارا! ہمیں ایسے لوگوں میں سے قرار دے جو حق کی اوّلین نشانی کو دیکھ کر اس کے سامنے جھک گئے اور ایمان لے آئے ہیں۔

بار الہٰا! تکبر، غرور، سرکشی اور ہٹ دھرمی کی روح ہم سب سے دور فرما۔

خداوندا! کفر و استکبار اور استعمار کے لشکروں پر لشکر اسلام کی مکمل کامیابی جلد سے جلد عطا فرما۔

☆☆☆

---

1 مجمع البیان ج۸، ص ۵۲۳

سورہ الاحزاب

سورہ:۳۳ پارہ:۲۱-۲۲ مدینہ آیت:۷۳

پارہ۲۱: ا تا ۳۰ پارہ ۲۲: ۳۱ تا ۷۳

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ احزاب کی تلاوت کرے اور اپنے گھر والوں کو اس کی تعلیم دے تو وہ عذاب قبر سے مامون رہے گا۔[1]

۲۔ امام صادق علیہ السلام:

جو شخص سورہ احزاب کی تلاوت کرتا ہے قیامت کے دن پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے خاندان والوں کے جوار میں رہے گا۔[2]

دعا:

پروردگارا! ہمیں ایسے لوگوں میں سے قرار دے جنھوں نے تیری امانت کو خلوص دل کے ساتھ قبول کیا اور عشق کی حد تک

---

1 مجمع البیان، ج۸، ص ۴۳۳

2 مجمع البیان ج۸، ص ۴۳۳

اس کی حفاظت کی اور اپنے فریضے سے عہدہ بر آ ہوئے۔

خداوندا! ہمیں ایسا مومن بنا جس پر تیری رحمت اور مغفرت نازل ہوئی ہے۔ منافقین اور مشرکین سے قرار نہ دے کہ جو ظلم وجہول ہونے کے باعث عذاب کے مستحق ٹھہرے ہیں۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ السبا

سورہ:۳۴ پارہ:۲۲ مکہ آیت:۵۴

تلاوت کی فضیلت

۱۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ سبا کو پڑھے گا قیامت میں تمام انبیاء مرسلین اس کے رفیق و ہمنشین ہوں گے اور سب کے سب اس سے مصافحہ کریں گے۔[1]

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

---

1 مجمع البیان سورہ سباء کا آغاز ج۸ ص۵۷۳

جو شخص ان دو سورتوں کو کہ جن کی الحمد کے ساتھ ابتداء ہوتی ہے (سورہ سباء اور سور فاطر) کو کسی رات میں پڑھے گا تو وہ ساری رات خدا کی حفاظت و نگرانی میں اہے گا اور اگر ان دونوں سورتوں کو دن میں پڑھے گا تو (اس دن) کوئی مکروہ اور ناپسندیدہ بات اسے پیش نہیں آئے گی اور اسے اس قدر خیر دنیا و آخرت میں عطا کیا جائے گا کہ اس کے دل میں کبھی اس کا گمان بھی نہ گزرا ہو گا اور نہ اس نے کبھی اس کے بارے میں سوچا ہو گا۔ اور نہ آرزو کی ہو گی۔ [1]

دعا:

پروردگارا! ہمیں ان لوگوں میں قرار دے کہ جو اوقات کے ہاتھ سے نکل جانے سے پہلے بیدار ہو جاتے ہیں اور جو کچھ ان سے فوت ہو چکا ہے اس کی تلافی کرتے ہیں۔
بارالہا! دنیا کا جال بڑا سخت ہے اور دشمن طاقت ور اور قوی ہے اگر تیرا لطف و کرم شامل نہ ہو اور ہماری مدد نہ کرے تو ہمارا حال خراب ہو گا۔

1 مجمع البیان سورہ سباء کا آغاز ج ۸ ص ۵۷۳

خداوندا! ہمیں ان لوگوں میں سے قرار دے کہ جو نعمتوں کے ملنے کے وقت ان کا شکر ادا کرتے ہیں اور مغرور و غافل نہیں ہوتے اور مصیبتوں کے نازل ہونے کے وقت آہ وزاری نہیں کرتے بلکہ عبرت حاصل کرتے ہیں۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الفاطر

سورہ:۳۵ پارہ:۲۲ مکہ آیت:۴۵

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ فاطر کو پڑھے گا تو اس دن جنّت کے دروازوں میں سے تین دروازے اسے اپنی طرف دعوت دیں گے کہ وہ جس دروازے سے چاہے داخل ہو جائے۔[1]

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

---

1 مجمع البیان، آغاز سورہ فاطر

قرآن مجید میں دو سورتیں (یکے بعد دیگرے قرار پائی ہیں) سورہ سبا اور سورہ فاطر کہ جو الحمد اللہ سے شروع ہوتی ہیں۔ جو شخص انھیں رات کو پڑھے گا تو خدا اسے اپنی حمایت کے سائے میں حفاظت کرے گا اور جو شخص دن میں پڑھے گا تو اسے کوئی تکلیف نہیں پہنچے گی اور خدا اسے اس قدر خیر دنیا و آخرت عطا فرمائے گا کہ جو کسی کے وہم و گمان میں بھی نہ آیا ہو گا اور کسی نے اس کی تمنّا تک نہ کی ہو گی۔[1]

دعا:

پروردگارا! ہمیں ان لوگوں میں سے قرار دے کہ جو موقع نکل جانے سے پہلے بیدار ہو جاتے ہیں اور تیری طرف پلٹ آتے ہیں اور اپنے تاریک ماضی کو حسنات کے نور اور تیری رضا سے روشن کرتے ہیں۔

بارالہا! اگر تیری رحمت شامل حال نہ ہوتی تو وہ آگ کہ جو برے اعمال کے اندر سے بھڑکتی ہے ہمیں نگل جاتی اور اگر تیری بخشش کے نور اور روشنی کا ہمارے دل پر جوکاو نہ ہوتا تو

---

1 ثواب الاعمال مطابق نقل تفسیر نور الثقلین ج ۴، ص ۵۴۳

شیطان کا لشکر اس پر قبضہ کر لیتا۔

خداوندا! ہمیں ہر قسم کے شرک سے محفوظ رکھ اور ایمان اور خالص توحید کا چراغ ہمارے دل میں روشن فرما اور ہماری گفتار و اعمال میں تقویٰ کی روشنی زیادہ کر دے۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ یٰسٓ

سورہ:۳۶ پارہ:۲۲-۲۳ مکہ آیت:۸۳

پارہ ۲۲: ۱ تا ۲۱ پارہ ۲۳: ۲۲ تا ۸۳

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر گرامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

ہر چیز کا ایک دل ہوتا ہے اور قرآن کا دل یٰسین ہے۔[1]

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص سورہ یٰسٓ کو غروب آفتاب سے پہلے، دن میں پڑھے تو

---

1 مجمع البیان آغاز سورہ یٰس

خدا ایک ہزار فرشتے اس پر مامور کرتا ہے جو شیطان مردود اور ہر آفت سے اس کی حفاظت کرتے ہیں۔[1]

۳۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

سورہ یٰسین رات میں عمومیت آخرین کے عنوان سے موسوم ہوئی ہے۔ پوچھا گیا کہ اسے عمومیت آخرین کیوں کہا جاتا ہے۔ فرمایا کہ اس بنا پر کہ جو شخص سورہ کا ہمدم اور ہم نشین ہو اسے تمام خیر دنیا و آخرت سے نوازا جاتا ہے۔"[2]

دعا:

پروردگارا! اس پُر خوف و خطر دن میں اس عظیم قیامت اور عدالت میں ہمیں اپنے لطف و کرم سے امن و سکون بخشنا۔

خداوندا! اگر فیصلہ اعمال کے معیار پر ہو تو ہمارا ہاتھ خالی ہے اپنے فضل و کرم کے ترازو سے ہماری ناچیز نیکیوں کو تولنا اور اپنی رحمت و غفران سے ہماری برائیوں پر پردہ ڈال دینا۔

بارالہا! ایسا کرنا کہ انجام کار تو بھی ہم سے خوش ہو اور ہم بھی

---

1 مجمع البیان آغاز سورہ یٰس

2 مجمع البیان آغاز سورہ یٰس

تیری بارگاہ میں کامیاب ورستگار ہوں۔
آمین یارب العاکمین.

☆☆☆

سورہ الصافّات

سورہ:۳۷ پارہ:۲۳ مکہ آیت:۱۸۲

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر گرامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ صافات کو پڑھے اسے تمام جنوں اور شیطانوں کی تعداد سے دس ۱۰ گنا نیکیاں دی جاتی ہیں اور سرکش شیطان اس سے دور رہتے ہیں اور شرک سے پاک رہتا ہے اور وہ دونوں فرشتے جو اس کی حفاظت پر مامور ہیں۔ قیامت میں اس کے لئے گواہی دیں گے کہ یہ خدا کے رسولوں پر ایمان رکھتا تھا۔[1]

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص سورہ صافات جمعہ کو پڑھے گا وہ ہر آفت سے محفوظ

1 مجمع البیان آغماز سورہ صافات

رہے گا اور دنیا کی زندگی میں ہر بلا اس سے دور رہے گی۔ خدا وند تعالیٰ اس کے رزق میں کشادگی کرے گا اور اس کے مال و اولاد اور بدن پر شیطان رجیم اور جابر دشمن کو مسلط نہیں ہونے دے گا۔ اور اگر اس دن یا رات کو دنیا سے کوچ کر جائے تو خدا اسے شہید اٹھائے گا اور شہید کی موت دے گا۔[1]

دعا:

پروردگارا! تو نے خود وعدہ کیا ہے کہ اپنے رسولوں کی مدد اور اپنے لشکروں کو کامیاب کرے گا۔ ہمیں رسولوں کا پیرو اور اپنے لشکروں میں قرار دے اور ہمیں ان خونخوار دشمنوں پر کامیاب فرما کہ جو عالم کے مشرق و مغرب سے قرآن کے نور کو خاموش کرنے کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے ہیں۔

بارالہا! ہمیں ہر قسم کے شرک میں آلودہ ہونے سے اور توحید کے راستے سے انحراف کرنے سے محفوظ فرما۔

خداوندا! جو مشکلات انبیاء مرسل کو تاریخ میں شرک و کفر کے

---

1 تفسیر مجمع البیان، آغاز سورہ صافات، تفسیر فرہان میں بھی یہ حدیث مختصر فرق کے ساتھ مرحوم صدوق رحمۃ اللہ علیہ سے نقل ہوئی ہے

لشکر کے مقابلے میں درپیش تھیں وہی اس وقت ہمارے اسلامی معاشرے کے سامنے پیدا ہو چکی ہیں۔وہی سلام جو پیغمبرانِ مُرسل کی سلامتی کا باعث تھا۔ ان معرکوں میں ہمارے شامل حال فرما۔آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ ص

سورہ:۳۸ پارہ:۲۳ مکہ آیت:۸۸

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر گرامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ ص پڑھے گا ہر اس پہاڑ کے مطابق کہ جو خدا نے داود کے لئے مسخر کیا تھا۔ اسے نیکی عطا کرے گا اور صغیرہ و کبیرہ گناہ سے آلودہ ہونے اور اس پر اصرار کرنے سے اسے محفوظ رکھے گا۔[1]

---

1 مجمع البیان، آغاز سورہ ص، ج۸، ص ۲۶۴

۲۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام:

جو شخص سورہ ص شب جمعہ میں پڑھے گا (خدا کی طرف سے) خیرِ دنیاو آخرت میں سے اس قدر اسے دیا جائے گا کہ پیغمبرانِ مرسل اور مقرب فرشتوں کے سوا اور کسی کو نہیں دیا جائے گا اور خدا اسے اور ان تمام افراد کو جو اس کے گھر والوں میں سے اس سے تعلق رکھتے تھے۔ جنت میں داخل کرے گا۔ یہاں تک کہ اس خدمت گار کو بھی جو اس کی خدمت کرتا تھا۔[1]

دعا:

پروردگارا! ہمیں توفیق عطا فرما کہ ہم تکلف، نفاق، تمرد اور سرکشی کے تمام آثار سے دور رہیں۔

خداوندا! ہمیں مخلصین کی صف میں قرار دے جن کی تو اپنی حمایت کے سایہ تلے حفاظت فرماتا ہے اور گمراہ کرنے والا شیطان ان سے مایوس ہے۔

بارالہا! ہمیں وہ بیداری اور سمجھ داری مرحمت فرما کہ ہم اس قرآن عظیم کے مطالب و معانی کو زندہ کرنے کے لئے اٹھ

---

1 مجمع البیان، آغاز سورہ ص، ج۸، ص ۲۶۴

کھڑے ہوں۔ ہم ساری دنیا کے مسلمانوں کی طاقت و قوت کوا کٹھا کریں اور ایک دل اور ایک زبان تیری راہ میں قدم بڑھائیں اور حق و حقیقت کے دشمنوں کا قلع قمع کر کے رکھ دیں۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الزمر

سورہ:۳۹   پارہ:۲۳-۲۴   مکہ   آیت:۷۵

پارہ۲۳: ۱تا۳۱   پارہ۲۴: ۳۲تا۷۵

تلاوت کی فضیلت

۱۔ حضرت پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ زمر کی تلاوت کرے خدا (اپنی رحمت سے) اس کی امید منقطع نہیں کرے گا اور ان لوگوں کا اجر اسے عطا کرے گا۔ جو خدا سے دڑتے ہیں۔[1]

۲۔ حضرت امام صادق علیہ السلام:

1 مجمع البیان، سورہ زمر کی ابتداء میں

جو شخص سورہ زمر کی تلاوت کرے گا خدا اسے دنیا و آخرت کا شرف عطا کرے گا، اور مال و قبیلہ کے بغیر بھی اسے قدرت و عزت بخشے گا اس طرح سے جو شخص بھی اسے دیکھے گا اس سے ہیبت کھائے گا اور اس کا بدن آتش دوزخ پر حرام کر دے گا۔ 1

دعا:

خداوندا! ہم بھی تمام فرشتوں اور تیرے فرمانبردار بندوں کے ساتھ ہم صدا اور ہم آواز ہوتے ہیں اور تیری ان تمام نعمتوں پر جو تونے ہمیں عنایت فرمائی ہیں، شکر بجالاتے ہیں۔ خصوصاً اس عظیم نعمت پر ہم تیرا شکر کرتے ہیں کہ تونے اپنے قرآن مجید کی آیات میں فکر و نظر کی ہمیں توفیق دی ہے اور عرض کرتے الحمدللہ رب العالمین۔

بارالہا! ہم تجھے تیرے عظیم پیغمبر کی تیرے حاملین عرش کی اور تیری بارگاہ کے تمام مقربین کی قسم دیتے ہیں کہ ہمیں اس جہان میں بھی اور اُس جہان میں بھی ان سے جدا نہ فرما۔

بارالہا! ہمیں ان لوگوں کے زُمرے میں قرار دے جو تقویٰ

---

1 مجمع البیان، ثواب الاعمال اور تفسیر نور الثقلین

اور عمل صالح کے سایہ میں گروہ تیری بہشت بریں میں وارد ہوں گے اور تیرے فرشتے جن پر درود و سلام کریں گے۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ مؤمن

سورہ:۴۰ پارہ:۲۴ مکہ آیت:۸۵

تلاوت کی فضیلت:

۱۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

(ساتوں) حٰم سورتیں قرآن کا تاج ہیں۔[1]

۲۔ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یا حضرت امیر المومنین علیہ السلام:

ہر چیز کا ایک مغز ہوتا ہے اور قرآن کا مغز حٰم سورتیں ہیں۔[2]

۳۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام:

---

1 تفسیر مجمع البیان سورہ مومن کا آغاز (بعض نسخوں میں تاج آیا ہے اور بعض میں دیباج آیا ہے

2 تفسیر مجمع البیان سورہ مومن کا آغاز

حٰم سورتیں قرآن مجید کے خوشبودار پھول ہیں پس حمد خدا بجالاؤاور انھیں حفظ کرکے اور ان کی تلاوت کرکے خدا کا شکر بجالاؤ اور جو شخص نیند سے بیدار ہونے کے بعد حٰم سورتوں کی تلاوت کرے تو (قیامت کے دن) اس کے منہ سے نہایت ہی دل انگیز خوشبو نکلے گی جو مشک و عنبر سے کئی گنا بہتر ہو گی اور خداوند عالم ان سورتوں کی تلاوت کرنے والوں پر بھی رحمت کرتا ہے اور ان کے ہمسایوں، دوستوں، واقف کاروں اور ان کے نزدیک و دور کے دوستوں کو بھی اپنی رحمت میں شامل کر دیتا ہے۔ قیامت کے دن عرش و کرسی اور خدا کے مقرب فرشتے بھی ان کے لئے استغفار کریں گے۔[1]

۴۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

حامیم والی سات ۷ سورتیں ہیں اور جہنم کے دروازے بھی سات ۷ ہیں اور ہر ایک ان میں سے ایک ایک دروازے پر کھڑی ہو جائے گی اور کہے گی خداوندا! جو شخص مجھ پر ایمان نہ لایا اور میری تلاوت کی اسے اس دروازے سے داخل نہ

1 تفسیر مجمع البیان، سورۂ مؤمن کا آغاز

فرما۔[1]

۵۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص حٰمٓ مومن کی تلاوت کرتا ہے تمام انبیاء صدیقین اور مومنین کی ارواح اس پر درود بھیجتی ہیں اور اس کے لئے استغفار کرتی ہیں۔[2]

دعا:

پروردگارا! ہمیں غرور، تکبر، ضد، ہٹ دھرمی اور خود خواہی سے امان میں رکھ کہ یہی چیزیں انسان کی ہلاکت، بدبختی اور شرم ساری کا سبب ہیں۔

خداوندا! ہماری دنیا کو بیدار فرما قبل اس کے کہ تیری "بآس شدید" ہمارے اس دور کے لوگوں کو اپنی لپیٹ میں لے۔

بارالہا! ہمیں ان لوگوں میں سے قرار دے جو دوسروں کے انجام سے عبرت حاصل کرتے ہیں تاکہ ہمارا انجام دوسروں کے لئے عبرت نہ ہو۔آمین یا رب العالمین.

---

1 بیہقی، منقول روح المعانی ج ۲۴ ص ۶۳

2 تفسیر مجمع البیان، آغاز سورہ مومن

☆☆☆

سورہ حٰمٓ السجدۃ (فُصلت)

سورہ:۴۱ پارہ:۲۴-۲۵ مکہ آیت:۵۴

پارہ۲۴: ۱تا۴۶ پارہ۲۵:۴۷تا۵۴

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص حمٓ سجدہ کی تلاوت کرے اسے ہر حرف کے بدلے دس ۱۰ نیکیاں عطا کی جائیں گی۔[1]

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص حمٓ سجدہ کی تلاوت کرے گا قیامت کے دن یہی سورت اس کے سامنے نور بن کر آجائے گی جہاں تک کہ اس کی نگاہ پہنچے گی نور ہی نور ہو گا اور اس کی حسرت اور خوشی کا سبب ہو گی۔ اور اس دنیا میں بھی وہ شخص ایسا اچھا مقام پیدا کرے گا

1 تفسیر مجمع البیان سورہ حمٓ سجدہ کے آغاز میں، ج۹، ص ۲

کہ جو دوسروں کے لئے عبرت کا سبب ہو گی اور اس دنیا میں بھی وہ شخص ایسا اچھا مقام پیدا کرے گا کہ جو دوسروں کے لئے باعث رشک ہو گا۔[1]

۳۔ آیت اور حدیث میں جو بیہقی سے نقل ہوئی ہے خلیل بن مرہ کہتے ہیں:
"کوئی رات بھی ایسی نہیں ہوئی تھی جس میں پیغمبر اسلام ﷺ سورہ "تبارک" اور "حٰمۤ سجدہ" پڑھ کر نہ سوتے ہوں۔[2]

دعا:

ہم بھی سید الشہداء حضرت حسین علیہ السلام کے ہم صدا ہو کر کہتے ہیں خداوندا! اندھی ہو جائے وہ آنکھ جو تجھے نہ دیکھے۔

☆☆☆

سورہ الشوریٰ

سورہ:۴۲ پارہ:۲۵ مکہ آیت:۵۳

---

1 تفسیر مجمع البیان سورہ حٰمۤ سجدہ کے آغاز میں، ج۹ص ۲

2 تفسیر روح المعانی، ج۴، ص۴۸

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ شوریٰ (حمٓ عسٓقٓ) کی تلاوت کرے گا وہ ان لوگوں میں ہو گا کہ جن کے لئے فرشتے درود بھیجتے اور استغفار کرتے ہیں۔[1]

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص سورہ شوریٰ کی تلاوت کرے وہ بروز قیامت آفتاب کی مانند چمکدار چہرے کے ساتھ محشور ہو گا اور اسی حالت میں اللہ رب العزت کی بارگاہ میں پیش ہو گا۔ خدا فرمائے گا میرے بندے! تونے سورہ حمٓ عسٓقٓ کی تلاوت کی پابندی کے ساتھ جاری رکھی رجب کہ تو اس کے ثواب سے بے خبر تھا اور اگر اس ثواب سے باخبر ہوتا تو اس کی تلاوت سے کبھی نہ تھکتا لیکن آج میں تجھے اس کا ثواب ضرور عطا کروں گا۔ پھر حکم دے گا کہ اسے بہشت کی خصوصی نعمتوں تک پہنچادیا جائے۔[2]

---

1 مجمع البیان سورہ شوریٰ کا آغاز

2 ثواب الاعمال منقول از تفسیر نور الثقلین، ج ۴، ص ۵۵۶، مختصر تلخیص کے ساتھ

دعا:

پروردگارا! ہمارے دلوں کو ہمیشہ کے لئے نور ایمان کے ساتھ منور فرما۔ اور ہمیں اس طرف ہدایت فرما جہاں خیر اور سعادت ہے۔)

بارالہا! ہمیں اس قدر بلند ظرفی اور صبر عنایت فرما کہ نعمتوں کے موقع پر سرکشی نہ کریں اور مصائب ومشکلات میں ہمت نہ ہاریں۔

خداوندا! جس دن ظالم اور متکبر لوگ حیران وسرگردان اور بغیر کسی جائے پناہ کے ٹھوکریں کھاتے پھریں گے۔ اور مومنین تیری پناہ اور حمایت میں محفوظ ومامون ہوں گے۔ ہمیں مخلص مومنین کی صف میں قرار دنیا۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سوره الزُخُرف

سورہ:۴۳ | پارہ:۲۵ | مکہ | آیت:۸۹

تلاوت کی فضیلت

۱۔ آن حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ زخرف کی تلاوت کرے گا وہ ان لوگوں میں قرار پائے گا۔ جنھیں روز قیامت اس طرح مخاطب کیا جائے گا۔ "اے میرے بندو! آج نہ تو تم پر کسی قسم کا خوف ہے اور نہ ہی غم تم بہشت میں حساب و کتاب کے بغیر چلے جاؤ۔" [1]

دعا:

پروردگارا! ہمارا رابطہ اپنے ساتھ اور اپنے اولیاء کے ساتھ روز بروز زیادہ سے زیادہ مستحکم فرما۔ تا کہ اس کی شفاعت ہمارے شامل حال ہو سکے۔

خداوندا! ہمیں ہر قسم کے جلی اور خفی شرک سے محفوظ فرما اور اس سے دور رکھ۔

بارالٰہا! قیامت کے دن جو اوصاف تو نے اپنی آسمانی کتابوں میں بیان فرمائیں ان کے مطابق وہ دن بہت سخت اور طاقت فرما

---

1 تفسیر مجمع البیان: سورہ زخرف کا آغاز

ہو گا۔ اس دن تو ہمارے ساتھ اپنے فضل و کرم کا مظاہرہ فرمانہ کہ اپنے عدل کا۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الدخان

سورہ:۴۴ پارہ:۲۵ مکہ آیت:۵۹

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:
جو شخص شب جمعہ اور جمعہ کے دن سورہ دخان کی تلاوت کرے گا خدا اس کے لئے بہشت میں گھر بنائے گا۔[1]

۲۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:
جو شخص سورہ دخان رات کو پڑھے ایسی حالت میں صبح کرے گا کہ ستر ہزار فرشتے اس کے لئے استغفار کرتے ہوں گے۔[2]

---

1 مجمع البیان، ج۹، سورہ دخان کا آغاز

2 مجمع البیان، ج۹، سورہ دخان کا آغاز

۳۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام:

جو شخص اپنی فرض و نفل نمازوں میں سورہ دخان کی تلاوت کرے گا خدا اسے ان لوگوں کے ساتھ محشور کرے گا جو قیامت کے دن امن وامان میں ہوں گے۔ اسے اپنے عرش کے زیر سایہ رکھے گا۔ اس کا حساب آسان طریقے سے لے گا۔ اور اس کے نامۂ اعمال کو اس کے داہنے ہاتھ میں دے گا۔[1]

دعا:

خداوندا! ہمیں ان لوگوں میں قرار دے جو تیرے اس عظیم اور بے نظیر کلام یعنی قرآن پاک سے نصیحت حاصل کرتے ہیں اور تمام جہات میں اپنی زندگی کو اس کے ہم آہنگ کرتے ہیں۔
خداوندا! جو سکون و اطمینان تو پرہیز گاروں کو عنایت کرتا ہے اور طوفانِ حوادث میں ان کے دل کی ڈھارس بندھاتا ہے ہمیں عنایت فرما۔
بارالہا! تیری نعمتیں بے شمار، تیری رحمت بے حساب اور تیری سزا دردناک ہے۔ ہمارے اعمال ایسے نہیں ہیں جو تیری

---

1 مجمع البیان، ج۹، سورہ دخان کا آغاز

رحمت سے ہم کنار او سزا سے دور کر سکیں۔

اپنا وہ فضل ہمارے شامل حال فرما جس کا تو نے متقین سے وعدہ فرمایا ہے۔ وگرنہ ہم کسی قیمت پر بھی تیری جاودانی بہشت کی آغوش کے لائق نہیں۔آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الجاثیۃ

سورہ:۴۵ | پارہ:۲۵ | مکہ | آیت:۳۷

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام ﷺ:

جو شخص سورہ جاثیہ کی تلاوت کرے گا (البتہ اس مطالب میں غور و فکر کرے گا اور اپنی زندگی کو ان مطالب کے مطابق ڈھالے گا) خدا بروز قیامت اس کے تمام عیوب کی پردہ پوشی کرے گا اور اس کے خوف کو اطمینان سے بدل دے گا۔[1]

1 تفسیر مجمع البیان، سرہ جاثیہ کے آغاز میں

۲۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص سورہ جاثیہ کی (غور و فکر کے ساتھ جو عمل کا مقدمہ ہے) تلاوت کرے گا اس کا ثواب یہ ہے کہ وہ آتش جہنم کو ہر گز نہیں دیکھ پائے گا اور اسے حضرت محمد (مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی ہم نشینی کا شرف حاصل ہو گا۔[1]

دعا:

پرور گارا! تجھے اپنی عظمت و کبریائی کی قسم تجھے اپنے مقام ربوبیت، عزت و حکمت کی سوگند ہمیں اپنے فرمان کی بجا آوری کے رستوں پر ثابت قدم رکھ۔

خداوندا! ہر قسم کی حمد وستائش تیری ذات کے لئے مخصوص ہے اور ہر قسم کی توفیق کو جو ہمارے نصیب میں ہے، تیرے بے پناہ الطاف و اکرام کی وجہ سے ہے ان نعمتوں کو ہمارے لئے قائم ودائم اور روز افزوں فرما۔

بارالہا! ہم سب تیرے احسانوں میں مستغرق ہیں۔ تو ہمیں اپنے شکر کی بجا آوری کی توفیق عنایت فرما۔

---

1 تفسیر حرہان سورہ جاثیہ کے آغاز میں۔ جلد ۴، ص ۱۶۱۷

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الاحقاف

سورہ:۴۶ پارہ:۲۶ مکہ آیت:۳۵

تلاوت کی فضیلت

۱۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ احقاف کی تلاوت کرے گا اسے دنیا میں موجود ریت کے ہر ذرّے کے بدلے دس ۱۰/ نیکیاں دی جائیں گی۔ اور دس ۱۰/ برائیاں مٹائی جائیں گی اور دس ۱۰/ درجے بلند کئے جائیں گے۔[1]

۲۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص ہر رات یا ہر جمعہ کو سورہ احقاف کی تلاوت کرے خداوند بزرگ و برتر اس سے دنیا کی وحشت اور خوف اٹھالیتا ہے اور قیامت

1 تفسیر مجمع البیان، سرہ احقاف کا آغاز

کے دن کی وحشت سے بھی وہ اس کی امان میں آجاتا ہے۔ [1]

دعا

خداوندا! یہ عظیم نعمت، یہ آسمانی عطیہ اور مصائب و مشکلات کے مقابلے میں صبر و شکیبائی اور استقامت ہمیں بھی عنایت فرما۔

پروردگارا! ہدایت کا یہ چراغ جسے تیرے اولو العزم رسولوں خصوصاً خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم نے طاقت فرسا تکلیفیں اٹھا کر بشریت کے راستے میں روشن رکھا ہے۔ ہمیں توفیق عطا فرما کہ ہم اسے روشن ہی رکھیں اور پوری لیاقت کے ساتھ اس کی حفاظت کرتے رہیں۔

بارالہا! ہم جانتے ہیں کہ حق کے تمام دشمن متفق اور متحد ہو چکے ہیں اور کسی بھی جرم کے ارتکاب سے دریغ نہیں کرتے تو ان کی کوششوں سے زیادہ ہمیں صبر و شکیبائی کی توفیق عطا فرما تا کہ ان بے حد و حساب مشکلات کے سامنے ہم ہرگز نہ جھکنے پائیں اور طوفانی موجوں سے کامیابی سے گزر جائیں جو تیری امداد اور تیرے بے انتہا لطف و کرم کے بغیر قطعاً ناممکن ہے۔

---

1 تفسیر مجمع البیان اور تفسیر نور الثقلین، سورہ احقاف کا آغاز

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورۂ محمد (□)

سورہ:۴۷ پارہ:۲۶ مدینہ آیت:۳۸

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ محمد کی تلاوت کرے گا خدا پر حق بن جاتا ہے کہ اسے بہشت کی نہروں سے سیراب کرے۔[1]

۲۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص سورہ محمد کی تلاوت کرے کبھی بھی شک وشبہ اس کے دین میں داخل نہیں ہو گا اور خدا اسے کبھی دین کے فقر میں مبتلا نہیں کرے گا۔ اور اسے ہرگز بادشاہ کا خوف لاحق نہیں ہو گا اور آخر عمر تک شرک و کفر سے محفوظ اور امان میں ہو گا اور جب مرے گا تو خدا ایک ہزار فرشتے کو حکم دے گا کہ اس

---

1 تفسیر مجمع البیان، ج۹، سورہ محمد کا آغاز

کی قبر میں جا کر نماز ادا کریں اور اس نماز کا ثواب اسی مرنے والے کو ملے گا اور یہ ہزار فرشتے محشر تک اس کے ساتھ دیں گے اور وہ ہمیشہ اللہ اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امان میں رہے گا۔[1]

۳۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو ہمارے دشمنوں کے حال کو دیکھنا چاہے اسے سورہ محمدؐ کی تلاوت کرنا چاہئے کیوں کہ اس کی ایک آیت ہمارے حق میں اور ایک آیت ہمارے دشمنوں کے بارے میں ہے۔[2]

دعا:

خداوندا! اپنے پاک دین کی راہ میں جہاد، ایثار اور فداکاری کے لئے ثابت قدم رکھ۔

بارالہا! یہ عظیم اعزاز جو تو نے ہمیں بخشا ہے کہ تیرے دین پاک کے داعی ہوں ہم سے واپس نہ لے۔

پروردگار! اس وقت جب مشرق و مغرب کے شدید طوفان

---

1 تفسیر نور الثقلین، ج ۵، ص ۵۲، بحوالہ ثواب الاعمال

2 مجمع البیان، ج ۹، اس سورت کا آغاز، تفسیر روح المعانی، ج ۲۶، ص ۳۳، تفسیر در منثور، ج ۶، ص ۶۴

تیرے پاک دین کے آثار مٹانے کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے ہیں ہمیں زیادہ سے زیادہ قوت، محکم ایمان، زیادہ ایثار اور زیادہ سے زیادہ خلوص کی دولت سے مالامال فرما۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الفتح

سورہ:۴۸　　پارہ:۲۶　　مدینہ　　آیت:۲۹

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو اس سورے کو پڑھے وہ اس شخص کے مانند ہے جو فتح مکہ کے موقع پر پیغمبر اسلام کے ساتھ اور ان کے لشکر میں تھا۔ اور دوسری روایت میں یہ آیا ہے کہ وہ اس شخص کے مانند ہے جس نے اس درخت کے نیچے جو حدیبیہ میں تھا۔ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کی۔ [1]

۲۔ امام صادق علیہ السلام:

---

1 مجمع البیان، ج۹، ص۱۰۸

اپنے مالوں، عورتوں اور جو کچھ تمہاری مِلک میں ہے اسے "انّا فَتَحْنَا" کی قرأت سے محفوظ کرلو۔ جو شخص مسلسل اس کی تلاوت کرے تو قیامت کے دن ایک منادی اس طرح ندا کرے گا کہ اسے تمام مخلوق سنے گی۔ یہ میرے مخلص بندوں میں سے ہے اسے میرے صالح بندوں کے ساتھ ملادو اور بہشت کے نعمتوں بھرے باغات میں اسے داخل کر دو اور بہشتوں کے مخصوص مشروب سے اسے سیر اب کرو۔[1]

دعا

خداوندا! ہمیں توفیق مرحمت فرما کہ ہم پیغمبر ﷺ کے سچے اصحاب و انصار کی اخلاقی خصوصیات کو، جو ان آیات میں آئی ہیں اپنے اندر زندہ کریں۔

بارالہا! ہمیں دشمنوں کے مقابلے میں شدت، دوستوں کے ساتھ محبت تیرے فرمان کے لئے تسلیم و رضا تیری خاص عنایت کی طرف توجہ اور اسلامی معاشرے کو بارور کرنے کے لئے سعی و کوشش اور اس کو ترقی دینے اور پھیلانے کی توفیق

1 نور الثقلین، ج۵، ص ۶۴، بحوالہ ثواب الاعمال

عنایات فرما۔

پروردگارا! ہم تجھ سے فتح مبین کے طلب گار ہیں جس کے سائے میں ہمارا اسلامی معاشرہ حرکت میں آجائے اور اس عصر اور زمانے میں جس میں ہر دوسرے وقت سے زیادہ معنویت و روحانیت کی احتیاج و ضرورت ہے۔ ہم اس دین کی حیات بخش تعلیمات کو لوگوں کے سامنے پیش کریں روز بروز نئے دلوں کو اسلام کی تسخیر و اطاعت میں داخل کریں اور دلوں کے ممالک میں سے ایک نیا ملک فتح کریں۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الحجرات

سورہ:۴۹ | پارہ:۲۶ | مدینہ | آیت:۱۸

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر گرامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ حجرات کو پڑھے گا اسے ان تمام افراد کی تعداد

کے برابر جنھوں نے خدا کی اطاعت کی ہے یا نافرمانی کی ہے دس ۱۰ ر نیکیاں دی جائیں گی۔

۲۔ امام صادق علیہ السلام:

جو شخص سورہ حجرات کو ہر رات یا ہر روز پڑھے گا وہ زائرین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سے ہو گا۔

دعا

خداوندا! تو نے ہم پر احسان کیا ہے اور ہمارے دل میں ایمان کا نور روشن کیا ہے۔ تجھے ہدایت کی عظیم نعمت کی قسم ہمیں اس راستہ پر ثابت قدم رکھ اور تکامل و ارتقاء کی راہ میں ہماری رہبری فرما۔

پروردگارا! تو ہمارے دل کی بُرائیوں سے آگاہ ہے۔ ہماری نیتوں کو اچھی طرح جانتا ہے ہمارے عیوب کو اپنے بندوں سے پوشیدہ رکھ اور اپنے فضل و کرم سے ہماری اصلاح فرما۔

بارالہا! ہمیں توفیق اور ایسی قدرت عطا فرما کہ ہم ان عظیم اخلاقی قدروں کو جو تو نے اس پر عظمت سورہ میں بیان فرمائی ہیں۔ اپنے وجود کے اندر زندہ کریں اور ان کے احترام کی

پاسداری کریں۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ ق

سورہ:۵۰ | مکہ | پارہ:۲۶ | آیت:۴۵

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

اس سورہ کو آپؐ جمعہ کے خطبے میں بھی تلاوت کرتے تھے اور ہر جمعہ اور عید کے دن بھی اس کی تلاوت فرماتے تھے۔[1]

۲۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ ق کی تلاوت کرے گا خداوند عالم اس پر موت کی مشکلات اور سکرات کو آسان کر دے گا۔[2]

۳۔ امام محمد باقر علیہ السلام:

---

1 تفسیر قرطبی، ج۹، ص۵۱۶

2 تفسیر ظلال، ج۷، ص۵۴۷

جو شخص واجب اور مستحب نمازوں میں سورہ قٓ کی تلاوت کرتا رہے گا خدا اس کی روزی میں وسعت پیدا کردے گا۔ اور اس کا نامہ ٔعمال اس کے دائیں ہاتھ میں دے گا اور قیامت میں اس کا حساب کتاب آسان کردے۔ [1]

دعا

پروردگارا! ہمیں ایسے لوگوں میں سے قرار دے۔ جو تیری وعید سے ڈرتے ہیں اور تیرے قرآن سے نصیحت حاصل کرتے ہیں۔

خداوندا! اس دن جب وحشت اور اضطراب نے سب کو گھیرا ہو گا۔ ہمیں اپنی رحمت سے سکون عنایت فرما۔

بارالٰہا! زندگی کے دن تو جتنے بھی ہوں بڑی تیزی سے گزر جائیں گے لیکن جو ہمیشہ ہمیشہ رہے گا۔ وہ تیرا آخرت کا گھر ہے ہمیں حسن عاقبت اور آخرت میں نجات مرحمت فرما۔

آمین یا رب العالمین.

1 تفسیر مجمع البیان، ج۹، ص140

سورہ ذاریات

سورہ:۵۱ پارہ:۲۶-۲۷ مکہ آیت:۶۰

پارہ۲۶: ۱تا۳۰ پارہ۲۷:۳۱تا۶۰

تلاوت کی فضیلت

۱۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص دن یارات کے وقت سورہ ذاریات کو پڑھے گا۔ خدا اس کی زندگی کے حالات اور معیشت کی اصلاح کرے گا۔ اس کو روزی دے گا اور اس کی قبر کو ایک ایسے چراغ سے روشن کرے گا جو قیامت کے دن تک چمکتا رہے گا۔ [1]

دعا

خداوندا! ہمیں اس عظیم دن کے عذاب اور وحشناک رسوائی سے اپنے لطف و کرم کی پناہ میں رکھ۔

بارالہا! ہمیں قبول کرنے کے لئے آمادہ ہونے اور اپنی عبودیت

---

1 مجمع البیان، آغاز سورہ ذاریات، ثواب الاعمال، مطابق تفسیر نور الثقلین، ج۵، ص120

اور بندگی کے افتخار کی توفیق مرحمت فرما۔

پروردگارا! ہمیں ان اقوام کی دردناک سرنوشت میں جنھوں نے تیرے پیغمبروں اور آیات کی تکذیب کی ہے یا انھیں پس پشت ڈالا ہے مبتلا نہ کر۔ اس وقت کے ہاتھ سے نکل جانے سے پہلے ہمیں خوابِ غفلت سے بیدار کر دے۔

آمین یا ربّ العالمین.

☆☆☆

سورہ طور

سورہ:۵۲ پارہ:۲۷ مکہ آیت:۴۹

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص اس سورہ طور کی تلاوت کرے تو خدا پر لازم ہے کہ اسے اپنے عذاب سے مامون قرار دے۔[1]

۲۔ امام محمد باقر علیہ السلام:

---

1 مجمع البیان، ج۹، ص ۲۶۱، تفسیر برہان، ج ۴، ص240

جو شخص سورہ طور کی تلاوت کرے خدا دنیا و آخرت کی بھلائی اس کے لئے جمع کر دے گا۔[1]

دعا

خداوندا! مجھے عمر بھر سر خیزی اور اپنی ذات سے راز و نیاز کی توفیق مرحمت فرما۔
پروردگارا! ہمارے قلب کو اپنے عشق سے مطمئن اور اپنی محبت سے نورانی اور اپنے لطف و کرم کا امیدوار بنا دے۔
بارالٰہا! ہمیں شیطانی قوتوں اور اپنے دشمنوں کی کارشکنیوں کے مقابلے میں صبر و شکیبائی اور استقامت و پامردی مرحمت فرما۔ تا کہ ہم تیرے پیغمبرؐ کی پیروی کریں ان کی سنت کے مطابق زندگی گزاریں اور ان کی سنت پر ہی داعیٔ اجل کو لبیک کہیں۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

---

1 مجمع البیان، ج ۹، ص ۲۶۱، تفسیر برہان، ج ۴، ص 240

سورہ النجم

سورہ:۵۳ پارہ:۲۷ مکہ آیت:۶۲

تلاوت کی فضیلت

۱۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ نجم کو پڑھے گا خدا ان لوگوں کی تعداد کے مطابق جو پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لائے تھے اور ان لوگوں کی تعداد کے مطابق جنھوں نے آپ کا انکار کیا تھا دس ۱۰/ نیکیاں اسے عطا کرے گا۔[1]

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص سورہ النجم کو ہر دن اور ہر رات تلاوت کرے گا وہ لوگوں کے درمیان ایک قابل تعریف اور شائستہ شخص سمجھا جائے گا۔ خدا اس کو بخش دے گا اور وہ لوگوں کے درمیان محبوب رہے گا۔[2]

---

1 مجمع البیان، ج۹، ص170

2 بحار الانوار، ج ۹۲، ص ۵۳

دعا

خداوندا! ہمیشہ معرفت کے انوار کو ہمارے دلوں پر سایہ فگن کرتا کہ ہم تیرے غیر کی پرستش نہ کریں اور تیرے غیر کے سامنے سجدہ نہ کریں۔

بارالہا! تمام خیرات کی کلید تیرے ہی دست قدرت میں ہے ہمیں اپنے بہترین مواہب وعطایا سے یعنی اپنی خوشنودی اور رضا سے بہرہ مند کردے۔

پروردگارا! ہمیں عبرت میں نگاہ عطا فرما تاکہ ہم گزشتہ ظالم و ستمگر اقوام کے حالات سے عبرت سیکھیں اور ان کے راستے پر قدم رکھنے سے بچے رہیں۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ القمر

سورہ:۵۴ | پارہ:۲۷ | مکہ | آیت:۵۵

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ "اقتربت" کو ایک دن چھوڑ کر پڑھے گا وہ قیامت کے دن اس حالت میں اٹھے گا کہ اس کا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی مانند چمکتا ہو گا اور جو اسے ہر شب میں پڑھے گا تو یہ اس سے بھی افضل ہے۔ قیامت میں ایسے شخص کے چہرے کی روشنی تمام مخلوق پر برتری رکھتی ہو گی۔[1]

دعا

خداوندا! تو ملیک و مقتدر ہے ہمیں اس طرح کی توفیق عطا فرما کہ ہم ایمان و عمل اور تقویٰ کے سائے میں مقام صدق میں تیرے جوارِ رحمت کے سائے میں قیام پزیر ہوں۔

---

1 مجمع البیان، ج۹، آغاز سورہ قمر

پروردگارا! ہم ایمان رکھتے ہیں کہ قیامت کا دن گنہگاروں کے لئے وحشت ناک، تلخ اور ناگوار ہے اس دن ہماری امید صرف تیرے لطف و کرم سے وابستہ ہے۔

بارالہا! ہمیں بیدار روح اور ہوشیار عقل مرحمت فرما تاکہ ہم گذشتہ لوگوں کے حالات سے درسِ عبرت حاصل کریں اور اُس راستے پر نہ چلیں جس پر چل کر وہ ہلاک ہوئے۔

☆☆☆

سورہ الرحمن

سورہ:۵۵   پارہ:۲۷   مکہ   آیت:۷۸

تلاوت کی فضیلت

۱۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ رحمن کو پڑھے تو خدا نعمتوں کا شکر ادا کرنے کے سلسلے میں اس کمزورں پر رحم کرے گا اور نعمتوں کی شکر گزاری

کا حق کہ جو اسے عطا کی گئی ہیں خود ادا کرے گا۔[1]

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

سورہ رحمن کی تلاوت اور اس کے قیام کو ہر گز استقرار نہیں پاتا اور خدا اس سورہ کو قیامت کے دن ایک انسان کی شکل عطا کرے گا جو بہیت ہی خوبصورت ہو گا اور جس میں سے بہت عمدہ خوشبو آتی ہو گی۔ پھر دو ایسی جگہ قیام کرے گا کہ جو خداوند متعال سے بہ اعتبار معنی بہت زیادہ قریب ہو گی۔ تو خدا اس سورہ سے پوچھے گا کہ دنیاوی زندگی میں کون سا شخص تیرے مضامین کے ساتھ قیام پزیر ہوتا تھا اور ہمیشہ تیری تلاوت کرتا تھا وہ سورہ جواب دے گا کہ پروردگار وہ فلاں فلاں اشخاص ہیں اس وقت ان افراد کے چہرے چمکنے لگیں گے۔ اب خدا ان لوگوں سے مخاطب ہو کر کہے گا کہ تم جس جس کے لئے چاہتے ہو بخشش کی سفارش کرو وہ جتنی آرزو دل میں رکھتے ہوں گے۔ اپنے لوگوں کی سفارش کریں گے اور ہر وہ شخص جس کی بخشش کی وہ سفارش کریں گے۔ اس سے کہا

---

1 نور الثقلین، ج ۵، ص ۱۸۷

جائے گا کہ جنت میں داخل ہو جا اور جہاں چاہتا ہے سکونت اختیار کرے۔[1]

۳۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص سورہ رحمن اور سورہ حشر غروب آفتاب کے وقت پڑھے تو خدا ایک فرشتے کو ننگی تلوار کے ساتھ اس کے گھر کی حفاظت پر مامور کرے گا۔[2]

۴۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ رحمن کی تلاوت کرے جب وہ آیت فَبِاَیِ اٰلاٰءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبان پڑھے تو کہے لا بشیء من آلائک رَبِّ اکذّب (یعنی خداوندا! میں تیری کسی نعمت کا انکار نہیں کرتا)۔

اگر وہ رات میں تلاوت کرے اور اسی شب انتقال کر جائے تو شہید قرار پائے گا۔ اسی طرح دن کی تلاوت کی ہو اور اسی دن انتقال کر جائے تو بھی شہید قرار پائے گا۔

---

1 بحار الانوار، ج۲۹، ص۳۰۶

2 مجمع ابیان ج۹، ص۶۵۲

دعا

خداوندا! تو ذوالجلال والاکرام ہے تجھے تیرے جلال واکرام کی قسم ہمیں بہشت کی نعمتوں سے محروم نہ رکھیو۔

پروردگارا! تیری رحمت کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ اگرچہ ہم نے کوئی ایسا کام نہیں کیا جو تیری رحمت کے شایان شان ہو پھر بھی تو ہمارے ساتھ وہ سلوک کر جو تیرے مقام رحمت کے شایانِ شان ہے۔

بارالہا! ہم تیری کسی نعمت کی کبھی تکذیب نہیں کرتے اور اپنے آپ کو تیرے احسان میں ہمیشہ محصور و مستغرق جانتے ہیں ہمیں ان نعمتوں سے ہمیشہ بہرہ ور فرما۔

آمین یا رب العالمین.

سورہ الواقعۃ

سورہ:۵۶ پارہ:۲۷ مکہ آیت:۹۶

تلاوت کی فضیلت

۱۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ واقعہ کی تلاوت کرے گا تو اس کے بارے میں لکھا جائے گا کہ یہ غافلین میں سے نہیں ہے۔[1]

۲۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرے پر بڑھاپے کے آثار سورہائے ھودؑ، واقعہؑ، المرسلاتؑ اور عمّ یتسآئلون سے آئے۔[2]

۳۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص ہر شب سورہ واقعہ کی تلاوت کرے تو خدا اس کو دوست رکھتا ہے اور اسے لوگوں کا محبوب بنا دیتا ہے اور وہ دنیا میں ہرگز ناراض اور تکلیف نہیں دیکھتا اور فقر وفاقہ و آفات دنیا میں سے کوئی آفت اس پر نہیں آئے گی اور وہ امیر المومنین

---

1 تفسیر مجمع البیان، ج۹، ص ۲۱۳، تفسیر برہان، ج۴، ص ۲۳۷

2 خصال صدوق، باب الاربعہ، حدیث نمبر 10

حضرت علی علیہ السلام کے رفقاء میں شمار ہو گا۔

۴۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص رات میں سورہ واقعہ پڑھے تو کبھی بھی افلاس کا شکار نہیں ہو گا۔[1]

۵۔ اسی بنا پر اس سورہ کو ایک روایت میں، سورہ غنی کے نام سے موسوم ہوا ہے۔[2]

دعا

اے پروردگار! ہمیں مقربین، اصحاب یمین اور اپنے خالص اولیاء میں شمار کر اور موت کے وقت ہمیں روح و ریحان اور جنت نعیم کی نعمتوں سے سرفراز فرما۔

خداوندا! قیامت کا عذاب ایسا دردناک عذاب ہے کہ اسے برداشت کرنے کی طاقت نہیں ہے اور تیری بے شمار رحمتیں اور عظیم موہبتیں ہیں جن کا کوئی بھی شخص اپنے عمل سے حقدار نہیں ہو گا۔ اس روز ہمارا سرمایہ صرف تیرا لطف و کرم ہو گا۔

---

1 مجمع البیان، ج۹، ص ۲۱۲

2 روح المعانی، ج ۲۷، ص ۱۱۱

بارالہا! قیامت کبریٰ اور موت جو قیامت صغریٰ ہے اس کے آنے سے پہلے ہمیں بیدار کر دے۔ تاکہ اپنے آپ کو ہم اس عظیم سفر کے لئے آمادہ کر سکیں جو ہمارے سامنے ہے۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الحدید

سورہ:۵۷ پارہ:۲۷ مدینہ آیت:۲۹

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو سورہ حدید پڑھے گا وہ ان لوگوں کے زُمرہ میں شمار ہو گا جو خدا اور اس کے پیغمبرؐ پر ایمان رکھتے ہیں۔ 1

۲۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

آپ سونے سے پہلے مسبّحات کی تلاوت فرماتے تھے۔مُسبّحات وہ سورتیں ہیں جو سبّح لِلّٰہِ یا یُسَبِّحُ لِلّٰہِ سے شروع ہوتی ہیں اور وہ پانچ

1 مجمع البیان، آغاز سورہ حدید

ہیں۔ ۱۔ سورہ حدید، ۲۔ حشر، ۳۔ صف، ۴۔ جمعہ، ۵۔ تغابن۔

آپؐ فرمایا کرتے تھے ان میں ایک ایسی آیت ہے جو ہزار آیتوں سے افضل و برتر ہے۔[1]

البتہ آپ نے اس آیت کو متعین نہیں فرمایا لیکن بعض مفسرین نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ اس سے مراد سورۂ حشر کی آخری آیت ہے۔ اگرچہ اس سلسلے میں انھوں نے کوئی واضح دلیل پیش نہیں کی۔[2]

۳۔ امام محمد باقر علیہ السلام:

جو شخص مسبحات کی تلاوت کرے تو وہ اس وقت تک دنیا سے نہیں اُٹھے گا۔ جب تک حضرت مہدی علیہ السلام کا ظہور نہ ہو جائے اور اگر اس سے پہلے دنیا سے اُٹھ گیا تو دوسرے جہاں میں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہم سایہ ہو گا۔

دعا

پروردگار! ہمیں ہوائے نفس سے محفوظ رکھ اور ہمیں تقویٰ اور

---

1 مجمع البیان آغاز سورہ حدید و در المنثور، ج ۶، ص ۱۷۰

2 مجمع البیان آغاز سورہ حدید

نگاہ دور رس عطا فرما۔

خداوندا! تمام رحمتیں تیرے قبضۂ قدرت میں ہیں ہمیں ان سے محروم نہ کر بارالہا! ہمیں حق اور عدل و انصاف قائم کرنے کی توفیق عطا فرما اور بیّنات سے استفادہ کے زیر سایہ مُنہ اور افراد کے مقابلے میں کھڑے ہونے کا حوصلہ اور حریم کتاب و میزان کی پاسداری کی توفیق عطا فرما۔

☆☆☆

سورہ مجادلۃ

سورہ:۵۸ پارہ:۲۸ مدینہ آیت:۲۲

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام ﷺ:

جو شخص سورہ مجادلہ کی تلاوت کرے (اور اس کی غور و فکر کرے اور اس پر کاربند ہو) بروز قیامت وہ حزب اللہ میں شمار ہو گا۔

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو سورہ حدید و مجادلہ واجب نمازوں میں پڑھے اور اس کا وِرد

رکھے تو خدا اس کی پوری زندگی میں اس پر کوئی عذاب نازل نہیں کرے گا اور وہ اپنی ذات میں اور اپنے اہل خانہ میں کوئی بُرائی نہیں دیکھے گا۔

نیز فقر و بد حالی میں گرفتار نہیں ہو گا۔

دعا

خداوندا! اگر تو ہمیں یہ روح ایمان عطا کر دے تو اپنے کمزور اور ضعیف بندوں پر تیرا احسانِ عظیم ہو گا۔ اس کے بعد انھیں کوئی غم نہیں رہے گا۔

پروردگارا! ہمیں اپنے دوستوں کی دوستی، اپنے دشمنوں کی دشمنی کی توفیق عطا فرما۔ اور اپنے دشموں کی دوستی اور اپنے دوستوں کی دشمنی سے محفوظ فرما۔

بارالہا! تو نے سچے مومن سے کامیابی کا وعدہ کیا ہے۔ اور انھیں حزب اللہ شمار کیا ہے۔ ہمیں اس حزب میں شامل ہونے کی اجازت مرحمت فرما اور اپنی کامیابی ہمارے شامل حال فرما۔

آمین یا رب العالمین.

سورہ الحشر

سورہ:۵۹ پارہ:۲۸ مدینہ آیت:۲۴

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ حشر پڑھے تو جنت و دوزخ، عرش و کرسی، حجاب، ساتوں آسمان، ساتوں زمین، حشرات الارض، ہوائیں، پرندے، درخت، چلتے پھرتے ہوئے جاندار، چاند، سورج اور ملائکہ سب اسی کے لئے دعائے مغفرت کریں گے۔ اور اگر اس دن یا اس رات فوت ہو جائے تو شہید شمار ہو گا۔

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص سورہ رحمن اور سورہ حشر غروب آفتاب کے وقت پڑھے تو خدا ایک فرشتے کو ننگی تلوار کے ساتھ اس کے گھر کی حفاظت پر مامور کرے گا۔[1]

---

1 مجمع البیان، ج۹، ص ۲۵۵ اور ۲۵۶، پہلی حدیث کو قرطبی نے بھی سورہ کے آغاز میں تحریر کیا ہے

سورہ حشر کی آخری آیات کی عظمت

اس سورہ کی آخری آیات جو اسماء وصفات الٰہی کے اہم حصے پر مشتمل ہے حد سے زیادہ الہام بخش اور باعظمت آیات ہیں اور انسانوں کے لئے ایک بڑا درس عبرت ہے کیوں کہ

۱۔ خدا کہتا ہے:

"اگر قرب خدا طلب کرتے ہو اور عظمت کمال کے خواہاں ہو تو ان صفات کا ایک شعلہ اپنے وجود میں زندہ کرلو۔"[1]

۲۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ حشر کے آخر کو پڑھے گا تو اس کے گزشتہ اور آئندہ گناہ بخش دیئے جائیں گے۔[2]

۳۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص لو انزلنا ہٰذا القرآن کی آیتوں کو آخر تک پڑھے اور اسی رات مر جائے تو وہ شہید مرتا ہے۔[3]

---

1 مجمع البیان، ج۹، ص۲۶۷

2 تفسیر نور الثقلین، ج۵، ص۲۹۳

3 تفسیر نور الثقلین، ج۵، ص۲۹۳

۴۔ بعض روایات میں آیا ہے کہ خدا کا اسم اعظم سورہ حشرؔ کی آخری آیات میں ہے۔

۵۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

ایک صحابی کے اسم اعظم کے بارے میں سوال کرنے پر آپؐ نے فرمایا کہ "تو سورہ حشر کے آخری حصے کو پڑھ اور زیادہ پڑھ۔"

۶۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

یہ آیات سوائے موت کے ہر بیماری کی دوا ہیں۔" [1]

دعا

خداوندا! تجھے اپنے اسمائے حسنیٰ اور صفات قدسیہ کی عظمت کی قسم ہمارے دلوں کو قرآن مجید کے سامنے خاضع وخاشع قرار دے۔

پروردگارا! شیطان کا دام فریب سخت ہے۔ اگر تیرا لطف و کرم مددگار نہ ہو تو ہمارا اس سے بچنا مشکل ہے۔ ہمیں اپنے لطف و کرم کی پناہ میں شیاطین کے وسوسوں سے محفوظ رکھ۔

بارالٰہا! ایثار و تقویٰ کی روح، ہر قسم کے بخل، کینہ اور حسد سے دور رکھ، ہمیں عطا فرما اور ہم کو خود پسندی و خود خواہی سے

---

1 تفسیر در المنثور، ج۶، ص ۲۰۱

محفوظ رکھ۔

آمین یا رب العالمین.

الحمدُ اللهِ اَوْلاً وَ آخِرًا و صلّی الله عَلَی مُحَمَّدٍ و آلِہٖ سَرْمَدًا اَبَدًا.

☆☆☆

سورہ المُمْتَحَنَہ

سورہ:۶۰ پارہ:۲۸ مدینہ آیت:۱۳

تلاوت کی فضیلت

۱۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ ممتحنہ کی تلاوت کرے گا۔ تمام مومنین و مومنات قیامت کے دن اس کے شفیع ہوں گے۔

۲۔ امام علی ابن الحسین علیہما السلام:

جو شخص سورہ ممتحنہ کو واجب اور مستحب نمازوں میں پڑھے گا خدا اس کے دل کو ایمان کیلئے خالص اور آمادہ کر دے گا اور اسے نور بصیرت عطا کرے گا۔ اور ہر گز اسے فقر و فاقہ دامن گیر نہ ہو گا۔ اور وہ خود اور اس کی اولاد جنون میں گرفتار نہ ہو گی۔

دعا

خداوندا! ہمیں اپنے بے پایاں لطف و کرم سے ہرگز محروم و مایوس نہ کرنا۔

پروردگارا! ہمیں ایسی توفیق مرحمت فرما کہ ہم ہمیشہ تیرے دوستوں کے دوست اور دشمنوں کے دشمن رہیں اور تیری دوستی کی راہ میں ثابت قدم رہیں۔

بارالٰہا! ہمیں اپنے اولیاء اور انبیاء کرام کی پیروی کرنے کی توفیق عطا فرما۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورۂ الصَفّ

سورہ:۶۱ پارہ:۲۸ مدینہ آیت:۱۴

(سورہ عیسیٰ اور سورہ حوارین بھی)

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر گرامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ عیسیٰ (سورہ صف) کو پڑھے تو حضرت عیسیٰ اس کے لئے دعائے رحمت کریں گے جب تک وہ دنیا میں زندہ ہے اس کے لئے استغفار کریں گے اور قیامت میں وہ ان کا رفیق اور ساتھی ہو گا۔

۲۔ امام محمد باقر علیہ السلام:

جو شخص سورہ صف کو پڑھے یا واجب اور مستحب نمازوں میں اس کی تلاوت کرے خدا اسے فرشتوں اور انبیاء مرسلین کی صف میں قرار دے گا۔[1]

دعا

خداوندا! ہمیں توفیق دے کہ ہم اس سودمند تجارت میں شرکت کریں کہ جسے تو نے اپنے اولیاء کے لئے فراہم کیا ہے۔ تاکہ ہم بھی اس کی عظیم برکتوں سے بہرہ مند ہوں۔

پروردگارا! اختلاف و پراگندگی نے مسلمانانِ عالم کی صفوں کو دشمنوں کے مقابلے میں متزلزل کر دیا ہے۔ تو انھیں ایسی آگاہی اور بیداری مرحمت فرما کہ ساری دنیا کے مسلمان

1 مجمع البیان، ج۹، ص۲۷۷، نور الثقلین، ج۵، ص۳۰۹

"بنیان مرصوص" (سیسہ پلائی ہوئی دیوار) کی طرف خونخوار دشمن کے مقابلے میں ڈٹ جائیں۔

بارالٰہا! تیرا دین بے ناصر و مددگار نہیں رہ سکتا۔ یہ اعزاز و افتخار ہمیں نصیب فرما کہ ہم ان یاورانِ اسلام کے زمرہ میں داخل ہوں۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورۂ جُمْعَۃ

سورہ:۶۲ پارہ:۲۸ مدینہ آیت:۱۱

تلاوت کی فضیلت

۱۔ اس سورہ کی تلاوت کی فضیلت کے بارے میں بہت سی روایات وارد ہوئی ہیں۔ چاہے اسے مستقل طور پر پڑھائے یا یومیہ نمازوں کے ضمن میں۔

۲۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ جمعہ کی تلاوت کرے، خدا اسے بلاد مسلمین میں سے ان لوگوں کی تعداد سے نماز جمعہ میں شرکت کرتے ہیں۔ اور ان لوگوں کی تعداد سے جو اس میں شرکت نہیں کرتے

ہیں۔ دس ۱۰ ر گنا حسنہ بخشے گا۔ 1

۳۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

ہمارے شیعوں میں سے ہر مومن پر لازم ہے کہ شب جمعہ میں سورہ جمعہ اور سورۂ اعلیٰ پڑھے۔ اور جمعہ کے ظہر میں سورہ جمعہ اور سورہ منافقون پڑھے۔ جب وہ ایسا کرے گا تو گویا اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا عمل انجام دیا اور خدا کے یہاں اس کا اجر و ثواب بہشت ہے۔ 2

خصوصیت کے ساتھ اس بات کی تاکیہ ہوئی ہے کہ نماز جمعہ میں سورہ جمعہ اور منافقون پڑھیں۔ ان روایات میں سے بعض میں یہ آیا ہے کہ حتیٰ الامکان اس کو ترک نہ کریں۔ 3

باوجود اس کے کہ قرآت نماز میں سورہ توحید اور کافرون سے عدول جائز نہیں ہے لیکن نماز جمعہ میں خصوصت سے استشنا ہوا ہے۔ یعنی ان دونوں سورتوں سے سورہ جمعہ اور منافقین کی طرف سے عدول جائز بلکہ مستحب شمار کیا گیا ہے۔

---

1 مجمع البیان آغاز سورہ جمع، نور الثقلین، ج۵، ص ۳۲۰

2 نور الثقلین، ج۵، ص ۳۲۰، مجمع البیان آغاز سورہ جمعہ

3 نور الثقلین، ج۵، ص ۳۲۱

دعا

خداوندا ہمیں توفیق مرحمت فرما کہ ہم ان عظیم شعائرے نفوس کی تربیت اور مسلمانوں کو دشمن کے چنگل سے نجات دلانے کے لئے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں۔

پروردگارا! ہمیں ایسے لوگوں میں سے قرار دے کہ ہم تیری ملاقات کے مشتاق ہوں اور موت سے ہرگز نہ ڈریں۔

بارالٰہا! نعمت ایمان اور انبیاء کی تعلیم و تربیت کو ہم سے ہرگز سلب نہ کرنا۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورۂ المنافقون

سورہ:٦٣ پارہ:٢٨ مدینہ آیت:١١

تلاوت کی فضیلت

١۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ منافقون کو پڑھے وہ ہر قسم کے نفاق سے پاک ہو

جاتا ہے۔[1]

۲۔ امام صادق علیہ السلام:

ہمارے شیعوں میں سے ہر مومن کے لئے ضروری ہے کہ وہ شب جمعہ میں سورہ جمعہ اور سورہ اعلیٰ پڑھے اور جمعہ کے دن نماز ظہر میں سورہ جمعہ اور سورہ منافقون پڑھے۔ جب وہ ایسا کرے گا تو گویا اس نے حضرت رسولؐ کے عمل کو انجام دیا اور اس کی جزا اور ثواب اللہ کے ہاں جنت ہے۔[2]

دعا

خداوندا! نفاق کا دامن بہت ہی وسیع و کشادہ ہے۔ اور تیرے لطف و کرم کے بغیر اس سے نجات کی کوئی راہ نہیں ہے۔ تو اس پُر پیچ و خم راہ میں ہماری مدد فرما۔

پروردگارا! ہمیں ایسے لوگوں میں سے قرار دے جو دنیا سے رخصت ہوتے وقت حسرت کی آگ میں نہیں جلتے اور واپس لوٹنے کا تقاضا نہیں کرتے۔

---

1 مجمع البیان، آغاز سورہ منافقون

2 ثواب الاعمال مطابق نقل نور الثقلین، ج ۴، ص ۳۳۱

بارالٰہا! آسمانوں اور زمین کے خزانے تیری ہی ملکیت ہیں اور عزت تجھ سے اور تیرے اولیاء کے ساتھ مخصوص ہے۔ ہمیں ایمان کی برکت سے عزت والا بنادے اور اپنے بے پا یاں خزانوں میں سے ایک حصہ مرحمت فرما۔
آمین یا رب العالین.

☆☆☆

سورۂ التغابُن

سورہ:۶۴   پارہ:۲۸   مدینہ   آیت:۱۸

تلاوت کی فضیلت

۱۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:
جو شخص سورہ تغابُن پڑھے گا اس سے ناگہانی موت دور ہوجائے گی۔

۲۔ امام صادق علیہ السلام:
جو شخص سورۂ تغابُن کو اپنی واجب نمازوں میں پڑھے گا وہ قیامت کے دن اس کی شفاعت کرے گی اور اس ہستی کے

سامنے ایک ایسی شاہد و عادل ہو گی جس نے اس کی شفاعت کی اجازت دی ہے پھر اس سے الگ نہیں ہو گی۔ یہاں تک کہ وہ جنت میں داخل ہو جائے۔[1]

دعا

خداوندا! مال و اولاد اور بیویوں کی عظیم آزمائش میں ہماری مدد فرما۔ پروردگارا! ہمیں بخل حرص اور کج نفس سے دور رکھ۔ کیوں کہ جسے تو ان سے دور رکھے گا، وہی اہل جنت اور رستگار ہیں۔
بارالہا! تو ہمیں قیامت کے دن جب گنہگار بندوں کا غبن اور نقصان ظاہر ہو جائے گا۔ تو اپنے لُطف کے دامن میں اس تغابن سے بچائے رکھ۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

1 ۱ اور ۲ مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۲۹۶

سورہ طلاق

سورہ:۶۵ پارہ:۲۸ مدینہ آیت:۱۲

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ طلاق کو پڑھے (اور اسے اپنی زندگی کے امور میں اپنائے اور اس پر کاربند رہے) وہ دنیا سے سنت پیغمبر پر جائے گا۔[1]

دعا

خداوندا! اب جب کہ تونے ہمیں عظیم خلقت کے ہدف سے آشنا کر دیا ہے اس عظیم ہدف تک پہونچنے کے سلسلے میں ہماری مدد فرما۔

پروردگارا! تیرا علم وقدرت بے پایاں ہے اور تیری رحمت بھی لامتناہی ہے۔ ہمیں اس بے انتہا رحمت کا ایک حصہ عنایت فرما۔

---

1 مجمع البیان، ج۱۰، ص۳۰۲

بارالٰہا! تو نے قرآن و پیغمبر کو ظلمات سے نور کی طرف لانے والے بناکر بھیجا ہے۔ ہمیں گناہ اور ہوائے نفس کی ظلمت اور تاریکی سے باہر نکال لے اور ہمارے دلوں کو نور ایمان و تقویٰ سے منور کردے۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ تحریم

سورہ:٦٦ پارہ:٢٨ مدینہ آیت:١٢

تلاوت کی فضیلت

١۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ تحریم کو پڑھے گا تو خدا اسے خالص توبہ کی توفیق عطا فرمائے گا۔[1]

٢۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص سورہ طلاق و تحریم کو نماز واجب میں پڑھے گا خدا اسے

---

1 مجمع البیان، جلد ١٠، ص ٣١١

قیامت میں خوف وہراس سے پناہ دے گا۔ جہنم کی آگ سے رہائی بخشے گا۔ اور اسے اس سورہ کی تلاوت اور اس پر مداومت کی بنا پر جنت میں داخل کرے گا۔ کیوں کہ یہ دونوں سورتیں پیغمبر کے ساتھ مخصوص ہیں۔[1]

دعا

خداوندا! ہمیں بے سبوت اور تعصب آمیز حب وبغض سے محفوظ رکھ اور ایسا کر کہ ہم قرآن مجید کی آیات کے مقابلے میں اپنے سارے وجود کے ساتھ سر تسلیم خم کردیں۔ اور خاضع رہیں۔

پروردگارا! وہ دن نہ آئے کہ تیرا عظیم پیغمبر ہمارے اعمال سے ناخوش اور ہمارزندگی کی روش سے ناراض ہو۔

بارالہا! ہمیں ایسی استقامت عطا فرما کہ مارے جہاں میں زمانے کے فرعونوں کے دباؤ اور شکنجے ہماری روح اور ایمان پر معمولی سے معمولی اثر بھی نہ کریں۔ آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

1 ثواب الاعمال نور الثقلین، ج۵، ص۳۶۷

سورہ المُلک

سورہ:۶۷　　　پارہ:۲۹　　　مکہ　　　آیت:۳۰

تلاوت کی فضیلت

۱۔　پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ تباراک الّذی کو پڑھے تو ایسا ہے جیسے کہ اس نے شب قدر بیدار رہ کر عبادت میں بسر کی ہو۔[1]

۲۔　ایضاً:

میں دوست رکھتا ہوں کہ سورہ تبارک تمام مومنین کے دل میں ثبت ہو جائے۔[2]

۳۔　امام محمد باقر علیہ السلام:

سورہ مُلک، سورہ مانعہ ہے یعنی عذاب قبر سے بچاتی ہے اور توریت میں اسی نام کے ساتھ لکھی ہوئی ہے۔ جو شخص اس کو رات کے وقت پڑھے تو اس نے بہت کچھ پڑھا اور خوب پڑھا وہ

1　مجمع البیان، ج۱۰، ص۳۲۰

2　مجمع البیان، ج۱۰، ص۳۲۰

غافلین میں شمار نہیں ہو گا۔[1]

دعا

خداوندا! ہمیں اپنی عام اور خاص رحمت کا شمول قرار دے اور اپنے اولیاء کے آبِ حیات سے سیراب فرما۔
پروردگارا! حضرت مہدی علیہ السلام کا ظہور جلد فرما کہ جو آب حیات کا چشمہ لئے آئیں ان کے جمال کے متوالوں کو ان کے ظہور سے سیراب کردے۔
بارالہا! تو ہمیں دیکھنے والی آنکھ، سننے والے کان اور سمجھنے والی عقل مرحمت فرما۔ پس خودخواہی، غرور کے پردوں کو ان کے سامنے سے ہٹادے تاکہ ہم حقیقت کے چہرے کو جس طرح کا وہ ہے اسی طرح سے دیکھ سکیں اور تیری ہدایت کے صراطِ مستقیم میں راست قامت ہو کر قدم بڑھائیں۔
آمین یارب العالمین.

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۳۲۰

سورہ قَلَم

سورہ:۶۸ پارہ:۲۹ مکہ آیت:۵۲

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ نٓ والقلم کی تلاوت کرے گا خدا اس کو ان لوگوں کا ثواب دے گا۔ جو شخص اخلاق کے حامل ہیں۔[1]

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص سورہ نٓ والقلم کو واجب نماز میں پڑھے گا خدا ہمیشہ کے لئے فقر و فاقہ سے امان میں رکھے گا اور جب وہ مرے گا تو انشاء اللہ اسے فشار قبر سے امان دے گا۔[2]

دعا

خداوندا! ہمیں شر اشرار اور دشمنوں کے مکر سے اپنی پناہ میں محفوظ رکھ۔

---

1 تفسیر نور الثقلین، ج۵، ص۳۸۷

2 مجمع البیان، ج۱۰، ص۳۳۰

پروردگارا! ہمیں وہ صبر و استقامت مرحمت فرما۔ جس کے سائے میں ہم تیری رضا کو حاصل کر سکیں۔
بارالہا! ہمیں اپنے بے پایاں نعمتوں سے فائدہ اٹھانے کی توفیق مرحمت فرما۔ اس سے پہلے کہ ناشکرے اسے ہم سے طلب کریں۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الحاقّۃ

سورہ:۶۹ پارہ:۲۹ مکہ آیت:۵۲

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر گرامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:
جو شخص سورہ حاقّہ کی تلاوت کرے گا خدا قیامت میں اس کے حساب کو آسان کر دے گا۔[1]

۲۔ حضرت امام باقر علیہ السلام:
سورہ حاقّہ کی بہت زیادہ تلاوت کیا کرو کیوں کہ فرائض ونوافل

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۳۴۲

میں اس کی قرآت خدا اور اس کے رسول پر ایمان کی نشانی ہے اور جو شخص اسے پڑھے گا۔ اس کا دین محفوظ رہے گا۔ یہاں تک کہ لقاء اللہ پر پہونچ جائے۔[1]

دعا

خداوندا! تو خود جانتا ہے کہ کوئی چیز سرمائیہ یقین سے برتر نہیں ہے ہمیں ایسا ایمان اور یقین مرحمت فرما جو حق الیقین کا مصداق ہو۔
پروردگارا! قیامت کا دن یوم الحسرت ہے ہمیں کم از کم ان لوگوں میں سے قرار دے کہ جنھیں طاعتوں کی کمی پر حسرت ہو نہ کہ کثرتِ گناہ پر اور ترکِ طاعت پر حسرت وندامت ہو۔
بارالہا! ہمارا نامۂ اعمال ہمارے دائیں ہاتھ میں دنیا اور اپنی جنت عالیہ اور عیشۂ راضیہ (پسندیدہ زندگی) میں داخل فرمانا۔
آمین یا رب العالمین.

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۳۴۲

سورہ المعارج (سَاَلَ سَائِل)

سورہ:۷۰ پارہ:۲۹ مکہ آیت:۴۴

تلاوت کی فضیلت

۱۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ سَاَلَ سَائِل کو پڑھے گا خدا ان لوگوں کا ثواب دے گا۔ جو اپنی امانتوں اور عہد و پیمان کی حفاظت کرتے ہیں۔ اور وہ لوگ جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہے۔

۲۔ امام محمد باقر علیہ السلام:

جو شخص سورہ سَاَلَ سَائِل کو پڑھے تو خدا قیامت کے دن اس سے اس کے گناہوں کی پاز پرسی نہیں کرے گا اور اس کو جنت میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سکونت عطا فرمائے گا۔

۳۔ امام جعفر صادق علیہ السلام: یہی مضمون۔

دعا

خداوندا! اس ہولناک دن ہمیں اپنی رحمت کے پردے میں دھانپ لینا۔ پروردگارا! شیطان کے جال سخت، ہوائے نفس

غالب اور لمبی چوڑی آرزوئیں فریب دینے والی ہیں۔ تو خود ہی بیداری و آگاہی اور راہِ ہدایت سے عدم انحراف کی ہمیں توفیق عطا فرما۔

بارالٰہا! ہمیں ان مومنین میں سے قرار دے۔ جنھوں نے اپنے عہد کو وفا کرنے اور تیری اطاعت کے لئے کمرِ ہمت باندھے ہوئی ہے۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ نوح

سورہ:۷۱ پارہ:۲۹ مکہ آیت:۲۸

فضیلت کی تلاوت

۱۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ نوحؑ کو پڑھے گا وہ ان مومنین میں سے ہو جائے گا جنہیں نوحؑ کی دعوت کی شعاع ڈھانپ لیتی ہے۔[1]

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

---

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۳۵۹

جو شخص خدا اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اور اس کی کتاب کو پڑھتا ہے وہ سورۂ نوح کی تلاوت کو ترک نہ کرے۔ جو شخص اس سورہ کو صبر و استقامت کے ساتھ، خدا کے لئے واجب یا مستحب نماز میں پڑھے گا تو خدا اسے نیک افراد کی منازل میں جگہ دے گا اور جنت کے باغوں میں سے تین باغ اس کے اپنے باغ کے علاوہ اس کے احترام میں اسے مرحمت فرمائے گا۔[1]

دعا

خداوندا! ہمیں توفیق مرحمت فرما کہ ہم ولایت آئمہ، اہل بیت کو قبول کرنے کے طریق سے بیت انبیاء میں داخل ہوں۔

پروردگارا! ہمیں ایسی استقامت عطا فرما کہ ہم نوحؑ ایسے بزرگ انبیاء کے مانند تیرے دین و آئین کی طرف دعوت کی راہ میں خستہ نہ ہوں۔

بارالہا! جس وقت تیرے خشم و غضب کا طوفان ائے تو ہمیں اپنے لطف و کرم و رحمت کی نجات کی کشتی کے ذریعے رہائی بخش دے۔

---

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۳۵۹

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ جِن

سورہ:۷۲ پارہ:۲۹ مکہ آیت:۲۸

فضیلت تلاوت

۱۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ جن کو پڑھے تو اُسے ہر جن اور شیطان کی تعداد کے برابر جس نے حضرت محمدؐ کی تصدیق یا تکذیب کی ہے۔ غلام آزاد کرنے کا ثواب دیا جائے گا۔[1]

۲۔ ایضاً:

جو شخص سورہ جن کو بکثرت پڑھے تو وہ دنیا کی زندگی میں ہرگز جنوں کی نظر بد، ان کے جادو، سحر اور مکر و فریب سے نقصان نہیں اٹھائے گا۔ اور وہ محمدؐ کے ہمراہ ہو گا اور کہے گا پروردگارا! میں اس کی بجائے کسی اور کو نہیں چاہتا اور نہ اس سے کسی

---

1 مجمع البیان، ج۱۰، ص۳۶۵

دوسرے کی طرف مائل ہوتا ہوں۔[1]

دعا

پروردگارا! اس دن جس میں انس و جن تیری دادگاہِ عدل میں حاضر ہوں گے اور سب بدکار اپنے کئے پر پشیمان ہوں گے تو ہمیں اپنے سایہ لطف میں قرار دے۔

خداوندا! تیرے ملک کا دامن وسیع اور کشادہ ہے اور ہماری معلومات اور ہماری معرفت محدود ہے ہمیں تفرقوں، خطاؤں اور غیر حق فیصلے کرنے سے محفوظ فرما۔

بارالہا! تیرے پیغمبر کا مقام اتنا بلند ہے کہ اس کی دعوت کو انسانوں کے علاوہ جن و پری نے بھی قبول کیا ہے۔ ہمیں اس کی دعوت پر ایمان لانے والوں میں سے قرار دے۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

---

1 تفسیر برہان، ج ۴، ص ۳۹۰

سورہ المزمّل

سورہ:۷۳ پارہ:۲۹ مکہ آیت:۲۰

فضیلت تلاوت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ مزّمّل کو پڑھے گا تو دنیا و آخرت کی سختیاں اس سے اُٹھ جائیں گی۔[1]

۲۔ امام صادق علیہ السلام:

جو شخص سورہ مزّمّل کو دوسری نماز عشاء (نماز عشاء ہی مراد ہے کیوں کہ بعض اوقات مغرب کو پہلی عشاء کہا جاتا ہے) یا آخر شب میں پڑھے۔ تورات اور دن اور اسی طرح یہ سورہ، قیامت کے دن اس کے گواہ ہوں گے اور خدا اسے پاکیزہ زندگی اور پاکیزہ موت دے گا۔[2]

---

1 مجمع البیان، ج۱۰، ص۳۷۵

2 مجمع البیان، ج۱۰، ص۳۷۵

دعا

خداوندا! ہمیں تمام ابعاد و جہالت میں جہاد کرنے کی توفیق عطا فرما۔

بارالہا! ہم سب کو رات کے قیام اور قرآن کریم کی تلاوت اور اس آسمانی کتاب کے نور کے سائے میں اپنی اصلاح کی توفیق عطا فرما۔

پروردگارا! ہمارے معاشرے کو اسی مضامین سے پُر سورہ سے ہدایت حاصل کرنے کے ساتھ شائستہ مقام اور دیرینہ عظمت تک پہونچا۔ آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سوره المدّثر

سورہ:۷۴ پارہ:۲۹ مکہ آیت:۵۶

فضیلت تلاوت

ا۔ پیغمبر گرامی اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ مدثر کو پڑھے گا اسے ان لوگوں کی تعداد میں

جنھوں نے مکہ میں پیغمبر اسلامؐ کی تصدیق یا تکذیب کی تھی۔
دس گنا نیکیاں دی جائیں گی۔[1]

۲۔ امام محمد باقر علیہ السلام:
جو شخص سورہ مدّثر کو واجب نماز میں پڑھے تو خدا پر حق ہے کہ اُس کو پیغمبرؐ کے ہمراہ ان کے جوار میں اور ان کے درجہ میں قرار دے اور دنیا ہی میں دنیاوی زندگی میں بد بختی اور رنج و غم و تکلیف اسے دامن گیر نہ ہوں۔[2]

دعا

پروردگارا! ہمیں تقویٰ اور اپنی مغفرت کے مستحق افراد میں قرار دے۔ خداوندا! جب تک تیری توفیق اور تیرا لطف ہماری دستگیری نہیں کرے گا ہم کچھ نہیں کرسکتے۔ ہمیں اس عنایت کا مشمول فرما۔
بارالٰہا! جال سخت ہے اور راستہ پُرپیچ و خم ہے اور شیطان گمراہ کرنے پر آمادہ ہے۔ اس راستے کو تیری مدد کے بغیر طے نہیں

---

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۳۸۳
2 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۳۸۳

کیا جاسکتا، ہماری مدد فرما۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ قیامت

سورہ:۷۵ پارہ:۲۹ مکہ آیت:۴۰

فضیلت تلاوت

۱۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:
جو شخص سورہ قیامت کو پڑھے گا تو میں اور جبرئیل اس کے لئے قیامت کے دن گواہی دیں گے کہ وہ قیامت کے دن پر ایمان رکھتا تھا اور اس دن اس کا چہرہ تمام لوگوں سے زیادہ درخشندہ ہو گا۔ [1]

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:
جو شخص سورہ "لا اُقسم" (قیامت) کو پابندی کے ساتھ پڑھے گا اور اس پر عمل کرے گا۔ تو خدا اس سورہ کو قیامت کے دن اس کے ہمراہ اس کی قبر سے بہترین چہرے کی ساتھ اٹھائے گا اور یہ اس کو مسلسل بشارت دیتی رہے گی اور اس کے سامنے

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ۳۹۳

ہنستی رہے گی۔ یہاں تک کہ وہ پل صراط اور میزان سے گزر جائے گا۔[1]

دعا

خداوندا! ہم گواہی دیتے ہیں کہ تو اس بات پر ہر قدرت رکھتا ہے کہ ایک ہی لمحے میں تمام مردوں کو حیات وزندگی کا لباس پہنادے کوئی چیز بھی تیری قدرت کے مقابل میں مشکل اور ناممکن نہیں ہے۔
پروردگارا! جس دن روحیں گلے تک پہونچ جائیں گی اور ہر چیز سے قطع امید کریں گی تیری پاک ذات ہی ہماری امید ہے۔
بارالٰہا! ہمیں خلقت وآفرینش کے ہدف سے آشنا فرما۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الدھر

سورہ:۷۶	پارہ:۲۹	مدینہ	آیت:۳۱

1 مجمع البیان، ج۱۰، ۳۹۳

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ ھل اتی کو پڑھے گا اس کی جزا و ثواب خدا پر ہے، جنت اور جنت کے ریشمی لباس ہیں۔[1]

۲۔ امام محمد باقر علیہ السلام:

جو شخص ہر جمعرات کی صبح کو سورہ ہل اتیٰ پڑھے گا۔ اس کی جزاؤں میں سے ایک جزاء یہ ہے کہ وہ قیامت کے دن پیغمبر خدا کے ساتھ ہو گا۔[2]

دعا

خداوندا! ہمیں اپنی رحمت میں داخل کر اور دردناک عذاب سے جو ظالموں کے اشکیار رہتی ہے، رہائی دے۔

پروردگارا! تونے راستہ بتادیا ہے۔ ہم بھی اس راہ کو طے کرنے کا مصمم ارادہ کر چکے ہیں ہماری مدد کر۔

---

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۴۰۲

2 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۴۰۲

بارالٰہا! اگر ہم ابرار نہیں ہیں تو ان کے دوست اور محبت کرنے والے ضرور ہیں۔ ہمیں ان کے ساتھ ملحق کر دے۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ المُرسلات

سورہ:۷۷ پارہ:۲۹ مکہ آیت:۵۰

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ مُرسلات کو پڑھے گا تو یہ لکھا جائے گا کہ یہ مشرکین سے نہیں ہے۔[1]

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص اس سورہ کو پڑھے گا تو خدا پیغمبر آشنا (اور ہم جوار) بنادے گا۔[2]

---

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۴۱۴

2 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۴۱۴

۳۔ ایک مرتبہ اصحاب نے رسول اکرم ﷺ سے عرض کیا کہ اے رسولِ خدا ﷺ! آپ میں بوڑھاپے کے آثار کتنی جلدی ظاہر ہو گئے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا:

مجھے سورہ ہود، واقعہ، مرسلات اور عم یتسائلون نے بوڑھا کر دیا۔ [1]

دعا

خداوندا! ہمیں توفیق عطا فرما کہ ہم ہرگز تیری آیات کی تکذیب سے آلودہ نہ ہوں۔

پروردگارا! ہمیں غرور، نخوت اور ہوا وہوس سے جو جرائم کے اصلی سرچشمے ہیں محفوظ رکھ۔

بارالٰہا! جس دن پرہیز گاروں کی تیرے جوارِ قرب میں پورے احترام کے پزیرائی ہوری ہو گی۔ ہمیں ان کی صف میں قرار دینا۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

---

1 خصال صدوق، باب الاربعہ، حدیث نمبر ۱۰

سورہ نباء (سورہ عم)

سورہ:۷۸ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۴۰

تلاوت کی فضیلت

۱۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ یتسائلون پڑھے اسے خداوند عالم قیامت میں جنت کے ٹھنڈے اور خوش گوار مشروب سے سیراب کرے گا۔[1]

۲۔ آنحضرتؐ:

جو شخص اسے پڑھے اور یاد کرے تو قیامت میں اس کا حساب اتنی جلدی مکمل ہو گا کہ جتنی دیر میں ایک نماز پڑھی جاتی ہے۔[2]

۳۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص روزانہ سورہ عم یتسائلون تلاوت کرتا رہے۔ اس کا ایک سال مکمل نہیں ہو گا کہ وہ خانہ کعبہ کی زیارت سے

---

1 تفسیر برہان، ج ۴، ص ۴۱۹

2 تفسیر برہان، ج ۴، ص ۴۱۹

مشرف ہو گا۔[1]

دعا

پروردگارا! ہمیں معلوم ہے کہ جہنم سرکشوں کے لئے مرصاد اور جنت متقیوں کے لئے کامیابی کی جگہ ہے۔ ہم سب کی چشم امید تیرے لطف و کرم پر لگی ہے۔

بارالٰہا! وہ دن جس میں ہم اپنے اعمال اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے تو ہمیں اس روز شرمندگی و شرمساری سے بچالیجیو۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ النّٰزعٰت

سورہ:۷۹ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۴۶

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

---

1 مجمع البیان، ج۱۰، ص ۴۴۰

جو شخص سورہ نازعات کو پڑھے گا تو قیامت کے دن اس کا توقف و حساب روزانہ کی ایک نماز پڑھنے کی مقدار کے برابر ہو گا اس کے بعد وہ جنت میں داخل ہو جائے گا۔

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص اس سورہ کو پڑھے تو وہ اس دنیا سے سیراب ہو جائے گا اور خدا اسے سیراب میں محشور کرے گا اور سیراب ہی جنت میں داخل کرے گا (حق تعالیٰ کی رحمیت بے پایاں سے سیراب) [1]۔

دعا

پروردگار! ہم سب کو عالم برزخ میں اس دنیا میں اور اس عظیم دن امن و امان اور سکون و اطمینان عطا فرمائے۔

خداوندا! کوئی شخص بھی اس عظیم دن کی سختیوں سے رہائی حاصل نہیں کر سکتا سوائے اس طرح کہ تیرا لطف و کرم ہو جائے ہم پر ایسا لطف و کرم فرما۔

بارالہا! ہمیں ایسے افراد سے قرار دے جو تیرے مقام سے خائف ہیں اور جو اپنے نفس کو ہوا و ہوس سے روکتے ہیں اور

---

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۴۲۸

بہشت بریں جن کا ملجا وماویٰ ہے۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ عَبَسَ

سورہ:۸۰ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۴۲

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ عَبَسَ کی تلاوت کرے وہ بروز محشر اس حالت میں وارد ہو گا کہ اس کا چہرہ خنداں اور وہ ہشاش بشاش ہو گا۔[1]

دعا

خداوندا! ہمیں اصلاح نفس کی توفیق عطا فرما۔

پروردگارا! ہمیں روحانی جان پرور غزا سے محروم نہ فرما۔

بارالہا! صیحہ محشر سے پہلے ہمیں خواب گراں سے بیدار کر دے۔

---

1 تفسیر مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۴۳۵

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ تکویر

سورہ:۸۱ مکہ پارہ:۳۰ آیت:۲۹

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

وہ شخص جو اذا الشمس کورت کو پڑھے تو خدا اس وقت ہر رسوائی سے محفوظ رکھے گا۔ جب اعمال نامے کھولے جائیں گے۔

۲۔ ایضاً:

جو شخص چاہتا ہے کہ قیامت میں میرا دیدار کرے تو وہ سورہ اذ الشمس کورت کی تلاوت کرے۔

۳۔ ایضاً:

جو شخص دوست رکھتا ہے کہ قیامت میں مجھے دیکھے (گویا آنکھ سے دیکھے) تو سورہ اذا الشمس کورت اور اذا السما انفطرت اور اذا السماء انشقت کی تلاوت کرے۔ اس

لئے کہ ان سورتوں میں قیامت کی نشانیاں اس طرح بیان ہوئی ہیں کہ تلاوت کرنے والے کو گویا صحۂ قیامت سے دو چار کر دیتی ہے۔[1]

۴۔ لوگوں نے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ آپ پر اس قدر جلد کیوں بڑھاپے کے آثار نمایاں ہو گئے ہیں تو آپؐ نے فرمایا کہ

سورہائے ہود، واقعہ، مرسلات، عم اور اذا الشمس کورت نے مجھے بوڑھا کر دیا۔ اس لئے کہ قرآن کے ہولناک حادثات کی ان میں اس طرح تصویر کشی کی گئی ہے کہ ہر بیدار انسان کو جلد بوڑھا کر دیتی ہے۔[2]

ا۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص سورہ عبس وتولیٰ اور اذا الشمس کورت کو پڑھے تو پروردگار کے لطف و کرم کے زیر سایہ وہ جنت جاوداں میں ہو گا۔ اور خدا کے نزدیک یہ کوئی اہم چیز نہیں ہے کہ وہ ارادہ کرے۔[3]

---

1 تفسیر قرطبی، ج ۱۰، ص ۱۷۷

2 تفسیر نور الثقلین، ج ۵، ص ۵۱۳

3 ثواب الاعمال، مطابق نقل نور الثقلین، ج ۵، ص ۵۱۲

دعا

خداوندا! ہم جانتے ہیں کہ راہ مستقیم کو طے کرنا تیری توفیق کے بغیر ممکن نہیں ہے۔ ہمیں اس راہ کو طے کرنے کی توفیق عطا فرما۔

پروردگارا! ہماری خواہش ہے کہ ہم راہِ ہدایت پر چلیں تو بھی ارادہ فرما کہ اس راہ میں ہماری دستگیری فرما۔

بارالٰہا! محشر کا منظر اور تیری داد گاہِ عدل و انصاف بہت ہی ہولناک ہے اور ہمارا نامۂ اعمال حسنات سے خالی ہے۔ ہمیں اپنے عفو و فضل کی پناہ میں جگہ دے۔ نہ کہ میزان عدل و انصاف کے سامنے۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ انفطار

سورہ:۸۲ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۱۹

تلاوت کی فضیلت

۱۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو ان دو سورتوں کو سورہ انفطار اور سورہ انشقاق کی تلاوت کرے گا اور دونوں کو نماز فریضہ اور نافلہ میں اپنا اصب العین بنالے تو کوئی اسے خدا سے محجوب نہیں کر سکے گا اور کوئی چیز اس کے اور خداوند متعال کے درمیان حائل نہیں ہو گی۔

دعا

خداوند! اس ہولناک دن کے بارے میں سب کی نظریں تیری طرف لگی ہوئی ہیں۔ ہم ابھی سے تیری طرف نظریں لگائے ہوئے ہیں۔

پروردگارا! ہمیں اس جہاں میں اور اُس جہاں میں اپنے بے پایاں لطف و کرم سے محروم نہ کرنا۔

بارالہا! ہر حالت میں حاکم مطلق تو ہے۔ ہمیں وادی شرک میں محصور ہونے سے بچا اور دوسروں کی پناہ لینے سے محفوظ رکھ۔

آمین یا رب العالمین.

سورہ المُطفّفین

سورہ:۸۳ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۳۶

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ مطففین پڑھے خدا اسے خالص شراب سے جو کسی کو میسر نہیں ہوئی قیامت میں سیراب کرے گا۔[1]

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص اپنی فریضہ نمازوں میں سورہ مطفّفین پڑھے خدا قیامت میں اسے عذاب جہنم سے محفوظ رکھے گا۔ نہ جہنم کی آگ اسے دیکھے گی اور نہ وہ جہنم کی آگ کو دیکھے گا۔[2]

دعا

خداوندا! ہم سب کو غرور و جہالت اور کبر و نخوت سے محفوظ فرما۔

پروردگارا! ہمیں حق طلبی، حق جوئی اور تواضع کی روح مرحمت فرما۔

---

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۴۵۱

2 ثواب الاعمال، مطابق نور الثقلین، ج ۵، ص ۵۲۷

بارالٰہا! ہمارا نامۂ اعمال علیین میں قرار دے اور سختیوں کے زُمرے سے خارج کردے۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ انشقاق

سورہ:۸۴ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۲۵

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ انشقاق کو پڑھے تو وہ قیامت میں خدا اس شر سے اس کو امان میں رکھے گا کہ اس کا نامۂ اعمال پس پشت سے دیا جائے گا۔[1]

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص ان دونوں سورتوں (سورہ انفطار اور سورہ انشقاق) کو پڑھے اور نماز فریضہ و نوافل میں اپنا نصب العین بنالے تو خدا

---

1 مجمع البیان، ج۱۰، ص۴۵۸

اس کو اس کی خواہشات تک پہونچائے گا۔ کوئی چیز اس کے اور خدا کے درمیان حائل نہیں ہو گی۔ وہ ہمیشہ لطف خدا پر نظر رکھے گا اور خدا اس پر نظر رکھے گا۔ یہاں تک کہ لوگوں کے حساب سے فارغ ہو گا۔

دعا

خداوندا! جس دن سب لوگ تیری دادگاہِ عدل میں حاضر ہوں گے ہم پر حساب آسان کر دیجیوں۔
پروردگارا! اس راہ میں جہاں تمام بندے تیرے طرف سفر کرتے ہیں۔ صراطِ مستقیم پر طے کرنے میں ہماری مدد فرما۔
بارالٰہا! ہم تیرے قرآن کریم کے سامنے سر تسلیم خم کئے ہوئے ہیں ہم سب کو اس پر عمل کرنے کی توفیق مرحمت فرما۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ البروج

سورہ:۸۵ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۲۲

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص اس سورہ کو پڑھے تو خداوندِ عالم اسے ان افراد کی تعداد سے جو نمازِ جمعہ میں جمع ہوتے ہیں اور ان کی تعداد سے جو یوم عرفہ میں عرفات میں جمع ہوتے ہیں۔ دس ۱۰ / گنا حسنات دیتا ہے اور اس کی تلاوت خوف و ہراس اور مصائب سے رہائی بخشتی ہے۔ [1]

دعا

خداوندا! ہمیں اپنی اس عظیم آسمانی کتاب کی حقیقت سے آشنا فرما۔

پروردگارا! اس دن جس میں مومنین صالح فوز کبیر حاصل کریں گے اور کافرین مجزم عذاب حریق میں گرفتار ہوں گے۔ ہمیں اپنے دامن عافیت میں پناہ دیجیو۔

بارالٰہا! تو غفور و ودود و رؤف و مہربان ہے۔ تو ہم سب پر وہ سلوک کر جو تیرے ان اسمائے صفات سے ہم آہنگ ہے وہ

1 تفسیر برہان، ج ۴، ص ۴۴۵

سلوک نہ کرنا جس کا ہمارے اعمال تقاضا کرتے ہیں۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الطارق

سورہ:۸۶ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۱۷

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص اس کی تلاوت کرے خدا اسے ہر اس ستارے کی تعداد کے مقابلے میں جو اسمان میں ہے دس ۱۰ ر گنا نیکیاں عطا کرتا ہے۔[1]

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص نماز فریضہ میں اور نماز واجب میں سورہ الطارق کی تلاوت کرے وہ روز قیامت خدا کے ہاں عظیم مقام و منزلت کا حامل ہو گا۔ اور جنت میں پیغمبروں کے رفقا اور ان کے

---

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۴۶۹

اصحاب میں سے ہو گا۔

دعا

خداوندا! دشمنوں کے کبر و مکر کا رخ جو ہمارے زمانے میں بہت زیادہ ہو گیا ہے خود انہیں کی طرف کر دے اور ان کے منحوس منصوبے نقش بر آب کر دے۔
پروردگارا! جس روز اسرار کھل جائیں گے اس روز شرمندہ نہ کرنا۔
بارالہا! ہم تیرے علاوہ کوئی قوت، ناصر اور مددگار نہیں رکھتے ہیں غیر کے سپرد نہ کرنا۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الاعلیٰ

سورہ:۸۷ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۱۹

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:
جو شخص سورہ اعلیٰ کی تلاوت کرے خدا ہر اس حرف کے

بدلے جو اس نے ابراہیم علیہ السلام، موسی علیہ السلام اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کیا ہے دس ۱۰ ر نیکیاں اسے عطا فرمائے گا۔[1]

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص اپنے فرائض یا نوافل میں سورہ اعلیٰ کی تلاوت کرے تو قیامت کے دن اس سے کہا جائے گا کہ جنت کے جس دروازے سے چاہے داخل ہو جا۔ (انشاء اللہ)[2]

۳۔ حضرت علی علیہ السلام:

نمازوں میں اس سورہ کو پڑھو۔ اسے جو شخص پڑھے گا گویا اس نے موسیٰ و ابراہیم علیہما السلام کے صحف کی تلاوت کی ہے۔[3]

۴۔ حضرت علی علیہ السلام:

یہ سورہ رسول اللہ کا محبوب سورہ تھا۔

دعا

خداوندا! دنیا کی محبت جو تمام گناہوں کا سر چشمہ ہے اسے

---

1 نور الثقلین، تفسیر، ج۵، ص ۵۳۳

2 تفسیر نور الثقلین، ج۵، ص ۵۳۳

3 تفسیر نور الثقلین، ج۵، ص ۵۴۴

ہمارے دلوں سے نکال دے۔

پروردگارا! تو خود ہی تکاصل و ارتقاء کے پُر پیچ راستے میں ہمارا ہاتھ تھام کر منزل مقصود تک ہماری ہدایت فرما۔

بارالہا! تو آشکار و پنہاں سب سے آگاہ ہے۔ ہمارے مخفی اور آشکار گناہ اپنے لطف و کرم سے بخش دے۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الغاشیہ

سورہ:۸۸ مکہ پارہ:۳۰ آیت:۲۶

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص اس کی تلاوت کرے گا۔ پروردگار عالم بروز قیامت اس کا حساب آسان کردے گا۔

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص واجب اور مستحب نمازوں میں اس سورہ کی قرآت کی

پابندی کرے گا۔ خدا اس کو دنیا و آخرت میں اپنے سائیہ رحمت میں جگہ دے گا۔

دعا

خداوندا! جس دن تمام مخلوقات کی بازگشت تیری طرف ہے اور سب کا حساب تجھے لینا ہے۔ ہم پر اپنا لطف و کرم کر۔
پروردگارا! ہمیں اپنی رحمت کبریائی سے کام لے کر عذاب اکبر سے رہائی بخش۔
بارالہا! تیری جنت کی نعمتیں جن کا ایک گوشہ تو نے اس سورہ میں بیان کیا ہے۔ بہت ہی بیش بہا اور شوق انگیز ہیں۔ اگر ہم اپنے اعمال کی وجہ سے اس کے مستحق نہیں ہیں تو ہمیں ان کو اپنے فضل و کرم سے مرحمت فرما۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ والفجر

سورہ:۸۹ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۳۰

تلاوت کی فضیلت:

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص اسے دس ۱۰؍ راتوں (اول ذی الحجہ کی دس راتوں) میں پڑھے گا خدا اس کے گناہوں کو بخش دیتا ہے۔ اور جو شخص باقی ایام میں پڑھے تو قیامت کے دن اس کے لئے نور وروشنی ہو گی۔

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

سورہ فجر کو ہر واجب و مستحب نمازوں میں پڑھو کہ یہ حسین ابن علی علیہما السلام کا سورہ ہے۔ جو شخص اسے پڑھے گا وہ قیامت میں امام حسین علیہ السلام کے ساتھ ان کے درجے میں ہو گا۔[1]

نوٹ: دس ۱۰؍ راتوں سے محرم کا پہلا عشرہ بھی مراد ہو سکتا ہے۔

دعا

خداوندا ہمیں اس قسم کے اطمینان و سکون سے مفتخر فرما تاکہ ہم اس عظیم خطاب کے لائق وشائستہ بنیں۔

پروردگارا! اس مقام تک پہنچنا تیرے لطف و کرم کے بغیر ممکن

---

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۴۸۱

نہیں ہے۔ ہمیں اپنے لطف و کرم سے نواز۔

بارالہا! ہم جانتے ہیں کہ یہ سکون واطمینان تیرے ذکر کے سائے کے بغیر ممکن نہیں ہے تو ہمیں اپنے ذکر کی خود توفیق عطا فرما۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ البلد

سورہ:۹۰ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۲۰

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ بلد پڑھے گا خدا اسے قیامت میں اپنے غضب سے امان میں رکھے گا۔[1]

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص نماز واجب میں سورہ بلد پڑھے گا وہ دنیا میں ان صالحین میں شمار ہو گا۔ جو بارگاہِ خدا میں مقام و منزلت رکھتے

---

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۴۹۰

ہیں۔ اور انبیائ، شہداء کے دوستوں میں سے ہو گا۔ 1

دعا

خداوندا! ہمیں اس قسم کے جانگداز عذاب سے اپنے لطف و کرم کی پناہ میں محفوظ رکھنا۔ (ایسی حالت کہ دوزخ کی جلانے والی تمام بھٹیاں دہکادی جائیں گی اور تمام دروازے بند کر دیتے جائیں گے۔

پروردگارا! ان گھاٹیوں سے گزرنا جو ہمارے سامنے ہیں۔ تیری توفیق کے بغیر ممکن نہیں ہیں تو اپنی توفیق کو ہم سے نہ روکنا۔

بارالہا! ہمیں اصحاب میمنہ کی صف میں جگہ دینا اور نیک اور ابرار لوگوں کے ساتھ محشور کرنا۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الشمس

سورہ:۹۱ | پارہ:۳۰ | مکہ | آیت:۱۵

---

1 ثواب الاعمال، نقل نورالثقلین، ج۵، ص۵۷۸

تلاوت کی فضیلت:

۱۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص اس سورہ کو پڑھے گا تو گویا اس نے ان تمام چیزوں کی تعداد میں جن پر سورج اور چاند طلوع کرتے ہیں۔ صدقہ دیا ہے۔ [1]

دعا

خداوندا! ہوائے نفس کے ساتھ مبارزہ کرنے میں تو ہماری مدد اور نصرت فرما۔

پروردگارا! تو نے ہمیں فجور و تقویٰ کا الہام کیا ہے۔ ہمیں اس الہام سے فائدہ اٹھانے کی توفیق عنایت فرما۔

بارالہا! شیطان کے مکر و فریب انسان کے نفس میں مخفی و پوشیدہ ہیں۔ ہمیں ان مکروں کے شناخت سے آشنا کر دے۔

آمین یا رب العالیمن.

☆☆☆

---

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۴۹۶

سورہ اللیل

سورہ:۹۲ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۲۱

تلاوت کی فضیلت

۱۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو اس سورہ کی تلاوت کرے گا۔ خدا اسے اس قدر عطا کرے گا کہ وہ راضی اور خوش ہو جائے گا۔ اور اسے سختیوں سے نجات دے گا۔ اور زندگی کی راہوں کو اس کے لئے آسان کر دے گا۔

دعا

خداوندا! ہم سب کو توفیق دے تا کہ ہم اس عظیم کار خیر میں قدم رکھیں۔

پروردگار! تمام اعمال میں ہمارے خلوص نیت میں اضافہ فرما۔

بارالٰہا! ہم تجھ سے دعا کرتے ہیں کہ تو ہمیں اپنی نعمت ورحمت کا اس طرح سے مشمول قرار دے کہ تو بھی ہم سے خوش ہو اور ہم بھی خوش اور راضی ہوں۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الضحیٰ

سورہ:۹۳ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۱۱

تلاوت کی فضیلت:

۱۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص اس کی تلاوت کرے گا۔ وہ ایسے لوگوں میں سے ہو گا جن سے اللہ راضی ہو گا اور وہ اس لائق ہو گا کہ محمدؐ اس کی شفاعت کریں اور ہر یتیم اور سوال کرنے والے مسکین کے برابر دس ۱۰ اور دس ۱۰ احسنان اس کے لئے ہوں گے۔ 1

دعا

خداوندا! تیری نعمتیں اس سے کہیں زیادہ ہیں کہ انھیں بیان کیا جاسکے۔ ان کو ہم سب سے سلب نہ کرنا اور اپنے فضل و کرم سے ان میں اضافہ فرمانا۔

---

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۵۰۳

پروردگارا! ہم اس دنیا میں تیرے احسان میں غرق ہیں اور یہ توقع رکھتے ہیں کہ اُس جہاں میں بھی اسی طرح ہوں۔

بارالہا! ہمیں توفیق مرحمت فرما کہ ہم ہمیشہ محروم لوگوں کے پشتیبان اور یتیموں کے حقوق کے محافظ ہوں۔

آمین، یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الم نشرح

سورہ:۹۴ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۸

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص اس سورہ کو پڑھے اس کو اس شخص کا اجر ملے گا جس نے محمدؐ کو غمگین دیکھا اور آپؐ کے قلب مبارک سے غم و اندوہ کو دور کیا ہو۔[1]

---

1 مجمع البیان، ج۱۰، ص۵۰۷

دعا

خداوندا! ہمارے دل کو حُبِ ذات سے خالی کر دے اور اپنے عشق و محبت سے پُر کر دے۔

پروردگارا! تونے خود وعدہ دیا ہے کہ ہر مشکل کے ساتھ راحت اور اُسودگی ہے۔ اس زمانے کے مسلمانوں کو ان عظیم اور سخت مشکلات سے جو دشمنوں کی طرف سے انھیں پہنچ رہی ہے آسودہ کر دے۔

بارالہا! تیری نعمتیں اور مواہب ہم پر بہت زیادہ ہیں۔ ہمیں ان کی شکر گزاری کی توفیق مرحمت فرما۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سوره التین

سورہ:۹۵ | پارہ:۳۰ | مکہ | آیت:۸

تلاوت کی فضیلت

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص اس سورہ کو پڑھے گا، جب تک وہ دنیا میں رہے گا خدا

اس کو دو نعمتیں عطا کرے گا۔ سلامتی اور یقین اور جب دنیا سے رخصت ہو جائے گا تو ان تمام لوگوں کی تعداد کے برابر جنھوں نے اس سورہ کو پڑھا ہے۔ ان سب کے ایک دن کے روزے کا ثواب اجر کے طور پر اسے عطا کرے گا۔[1]

دعا

خداوندا! ہم بھی گواہی دیتے ہیں کہ تو احکم الحاکمین ہے۔
پروردگارا! تو نے ہی ہماری خلقت کو بہترین صورت میں قرار دیا ہے۔ ہمیں توفیق عطا فرما کہ ہمارا عمل اور ہمارے اخلاق بھی بہترین صورت میں ہوں۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ علق

سورہ:۹٦ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۱۹

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۵۱۰

تلاوت کی فضیلت

امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص دن میں یا رات کو "سورہ اقراء باسم ربّک" بڑھے گا وہ اس رات یا دن کو اگر مر جائے تو وہ دنیا سے شہید جائے گا اور خدا اسے شہید مبعوث کرے گا اور شہیدوں کی صف میں اسے جگہ دے گا۔ اور وہ قیامت میں اس شخص کی مانند ہو گا۔ جس نے راہ خدا میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نور مجسم کی معیت میں شمشیر سے جہاد کیا ہو۔[1]

دعا

خداوندا! ہمیں کبر و غرور سے جو تجھ سے دوری کا اصل سبب ہے۔ محفوظ رکھ۔

پروردگارا! ہمیں دنیا و آخرت میں ایک لمحہ کے لئے بھی ہمارے اپنے سپرد نہ کرنا۔

بارالہا! ہمیں ایسی قدرت عطا فرما کہ ہم ان مغرور متکبّرین کی

---

1 تفسیر برہان، ج ۴، ص ۴۷۸

ناک کو، جو تیرے سامنے سدّراہ بنے ہوئے ہیں رگڑ کر رکھ دیں۔ اوران کے تمام منصوبوں کو مٹادیں۔
آمین، یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ القدر

سورہ:۹۷ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۵

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:
جو شخص اس سورہ کی تلاوت کرے گا وہ اس شخص کی طرح ہو گا جس نے ماہ رمضان کے روزے رکھے اور شبِ قدر کو احیاء کیا ہو۔[1]

۲۔ امام محمد باقر علیہ السلام:
جو شخص سورۂ انا انزلناہُ کو بلند آواز سے پڑھے وہ اس شخص کے مانند ہے جس نے راہ خدا میں تلوار کھینچی اور جہاد کیا اور وہ شخص

---

1 مجمع البیان، ج۱۰، ص۵۱۶

جو اسے آہستہ اور پنہاں آواز میں پڑھے وہ اس شخص کے مانند ہے جو راہ خدا میں اپنے خون میں لت پت ہو۔

دعا

خداوندا! ہمیں اس قسم کی بیداری و آگاہی عطا فرما کہ لیلۃ القدر کی فضیلت سے پورا پورا فائدہ اٹھائیں۔

پروردگارا! ہماری چشم اُمید تیرے لطف و کرم پر لگی ہوئی ہے ہمارے مقدرات کو اس کے موافق معین فرما۔

بارالہا! ہمیں اس مہینے کے محرومین میں سے قرار نہ دے کہ جس سے بالاتر کوئی محرومیت نہیں ہے۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ البینۃ

سورہ:۹۸ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۸

تلاوت کی فضیلت

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

اگر لوگوں کو معلوم ہوتا کہ اس سورہ میں کون کون سی برکتیں ہیں تو وہ اپنے گھر والوں اور مال و منال کو چھوڑ کر اس کی طرف بڑھتے۔

تلاوت کا اجر و ثواب

آپؐ نے فرمایا:

کوئی منافق اور وہ لوگ جن کے دل میں شک و شبہ ہے اس کی تلاوت نہیں کریں گے۔ لیکن اگر کوئی شخص اسے رات کے وقت پڑھے گا تو خدا ایسے فرشتے کو مامور کرے گا۔ جو اس کے دین و دنیا کی حفاظت کریں گے اور اس کے لیئے بخشش اور رحمت طلب کریں گے۔

اور اگر دن میں پڑھے گا تو ان چیزوں کی مقدار میں جنھیں دن روشن کرتا ہے اور رات انھیں تاریک بنادیتی ہے۔ اسے ثواب دیں گے۔ [1]

دعا

خداوندا! ہم خیر ابریۃ کے بلند مقام تک پہنچنے کے لئے تیرے

---

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۵۱۲

لطف و کرم سے مدد طلب کرتے ہیں۔

پروردگارا! ہمیں اس عظیم اور بزرگ ہستی کے شیعوں اور پیرو کاروں میں سے قرار دے۔ جو اس کے لئے سب سے لائق اور شائستہ ہے۔

بارالہا! ہمیں اس قسم کا خلوص مرحمت فرما کہ ہم تیرے سوا کسی کی پرستش نہ کریں۔ اور تیرے غیر سے محبت نہ رکھیں۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الزلزال

سورہ:۹۹ پارہ:۳۰ مدینہ آیت:۸

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص اس کی تلاوت کرے گویا اس نے سورہ بقرہ کی قرآت کی اس کا اجر و ثواب اس شخص کے برابر ہے جس نے قرآن

کے ایک چوتھے حصے کی قرائت کی۔[1]

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

سورہ اذا زلزلت الارض کی تلاوت کرنے سے ہر گز خستہ نہ ہونا کیوں کہ جو شخص اس کو نافلہ نمازوں میں پڑھے گا۔ وہ ہر گز زلزلہ میں گرفتار نہ ہو گا۔ اور نہ ہی اس کی وجہ سے مرے گا اور مرتے دم تک صاعقہ اور آفات دنیا میں سے کسی آفت میں گرفتار نہ ہو گا۔[2]

دعا

خداوندا! جب تیرا پیغمبرؐ اس عظمت و بزرگی کے باوجود تیری بخشش اور عفو پر دل بستہ ہے۔ تو پھر ہماری حالت تو واضح ہے۔

پروردگارا! اگر ہمارے اعمال ہماری نجات کا معیار ہوں تو وائے ہے ہماری حالت پر اور اگر تیرا کرم ہمارا مددگار ہو تو پھر خوشا حال۔

بارالٰہا! جس دن ہمارے چھوٹے بڑے گناہ ہمارے سامنے مجسم

---

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۵۲۴

2 اصول کافی، مطابق نور الثقلین، ج ۵، ص ۶۴۷

ہو جائیں گے۔ اس دن کے لئے ہم صرف تیرے ہی لطف و
کرم پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ العادیات

سورہ:۱۰۰ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۱۱

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:
جو شخص اس سورہ کی تلاوت کرے گا تو تمام حاجیوں کی تعداد
سے (جو عید قربان کی رات) مزدلفہ میں توقف کرتے ہیں اور
وہاں حاضر رہتے ہیں۔ دس ۱۰/ گنا زیادہ نیکیاں اسے دی جائیں
گے۔

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:
جو شخص سورہ عادیات کو پڑھے گا اور اس کی مداومت کرے
گا تو خدا اسے قیامت کے دن خصوصیت کے ساتھ امیر

المومنین علیہ السلام کے ہمراہ مبعوث کرے گا اور آپ کی جماعت میں اور آپ کے دوستوں کے درمیان ہو گا۔[1]

بعض روایات میں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ سورہ عادیات نصف قرآن کے برابر ہے۔[2]

دعا

خداوندا! ہمیں اپنی رضا اور خوشنودی کی راہ میں جہاد کرنے اور قربانی دینے کی توفیق مرحمت فرما۔

پروردگارا! نفس سرکش، ناشکری اور کفران کی طرف مائل رہتا ہے۔ ہمیں اس کے خطرات سے محفوظ فرما۔

بارالٰہا! تو ہر شخص کے اندرونی اور بیرونی اسرار سے آگاہ ہے اور ہمارے اعمال سے باخبر ہے۔ اپنے لطف و کرم اور عنایت و بخشش سے ہمارے ساتھ سلوک کرنا۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

---

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۵۲۰

2 در المنثور، ج ۶، ص ۳۸۴

سورہ القارعۃ

سورہ:۱۰۱ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۱۱

تلاوت کی فضیلت

۱۔ امام محمد باقر علیہ السّلام:

جو شخص سورہ قارعہ کو پڑھے گا تو خداوند تعالیٰ اسے دجال کے فتنے اور اس پر ایمان لانے سے محفوظ رکھے گا۔ اور اسے قیامت کے دن انشاءاللہ پیپ سے دور رکھے گا۔[1]

دعا

خداوندا! ہمارے عمل کی ترازو کو محمد و آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کے ذریعے سنگین اور وزنی کر دے۔

پروردگارا! عیشۃ الرّاضیہ کا حصول تیرے لطف و کرم کے بغیر آسان نہیں ہے۔ پس تو خود ہی اس راہ میں ہماری مدد فرما۔

بارالٰہا! تیری دوزخ کی آگ بہت ہی سخت جلانے والی ہے اور

---

1 مجمع البیان، جلد ۱۰، ص ۵۳۰

ہم میں اس کو برداشت کرنے کی طاقت نہیں ہے اسے اپنے رحم وکرم کے پانی سے ہمارے لئے خاموش کردے۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ التکاثر

سورہ:۱۰۲ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۸

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص اس کو پڑھے گا تو خدا اُس سے ان نعمتوں کا حساب نہیں لے گا۔ جو اس نے اسے دارِ دنیا میں دی ہیں۔ اور اسے اس قدر اجر وثواب عطا کرے گا گویا کہ اس نے قرآن کی ہزار آیتوں کی تلاوت کی ہے۔[1]

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

اس سورہ کا واجب اور مستحب نمازوں میں پڑھنا شہداء کی

---

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۵۳۲

شہادت کا ثواب رکھتا ہے۔(وہی مدرک، تلخیص کے ساتھ)

دعا

خداوندا! تو اپنی بے انتہا نعمتوں کو خصوصاً ایمان و ولایت کی نعمت کو ہمیشہ ہمیشہ ہم پر جاری رکھ۔
پروردگارا! ہمیں ان تمام نعمتوں کے حق کی ادائیگی کی توفیق مرحمت فرما۔
بارالہٰا! ہم پر ان عظیم نعمتوں میں اضافہ کرتا رہ اور انہیں ہرگز ہم سے سلب نہ کرنا۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ العصر

سورہ:۱۰۳ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۳

تلاوت کی فضیلت

۱۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:
جو شخص سورہ والعصر کو نافلہ نمازوں میں پڑھے گا۔ خدا اسے

قیامت کے دن اس حالت میں اٹھائے گا کہ اس کا چہرہ نورانی، لب خنداں اور اس کی آنکھ خدا کی نعمتوں سے روشن اور ٹھنڈی ہو گی یہاں تک کہ وہ جنت میں داخل ہو گا۔[1]

دعا

خداوندا! ہمیں صبر واستقامت اور حق و صبر کی ایک دوسرے کو وصیت و نصیحت کرنے کی توفیق مرحمت فرما۔
پروردگارا! ہم سب خسارے میں ہیں اور خسارے کی تلافی تیرے لطف و کرم کے بغیر ممکن نہیں ہے۔
بارالٰہا! ہم ان چاروں احکام پر جو تونے اس سورہ میں دیئے ہیں عمل کرنا چاہتے ہیں، تو ہمیں اس کی توفیق عطا فرما۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الہُمِزة

سورہ:۱۰۴ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۹

1 تفسیر مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۵۴۵

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص اس سورہ کی تلاوت کرے گا اسے ان لوگوں کی تعداد سے جنھوں نے محمدؐ اور ان کے اصحاب کا مذاق اڑایا تھا، دس ۱۰/ گنا حسنات دیئے جائیں گے۔

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص اس کو واجب نماز میں پڑھے گا، تو اس سے فقر و فاقہ دور ہو جائے گا اور روزی اس کا رخ کرے گی۔ اور قبیح اور بری موت اس سے دور ہو جائے گی۔[1]

دعا

خداوندا! ہمیں مال و غضب، دنیا و شہوات کی مستی سے محفوظ فرما۔

پروردگارا! ہمیں شیطان کے تسلط اور درہم و دینار کی بندگی سے رہائی عطا فرما۔

---

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۵۳۶

بارالٰہا! جہنم کی آگ سخت توڑے والی ہے اور تیرے لطف و کرم کے بغیر اس سے نجات ممکن نہیں ہے۔ ہمیں اپنے لطف کا مشمول قرار دے۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الفیل

سورہ:۱۰۵ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۵

تلاوت کی فضیلت

۱۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص سورہ فیل کو نماز واجب میں پڑھے گا۔ قیامت میں ہر پہاڑ اور ہموار زمین اور سنگلاخ حصے اس کو گواہی دیے گے کہ وہ نماز گذاروں میں سے ہے۔ اور ایک منادی ندا دے گا کہ تم نے میرے بندے کے بارے میں سچ کہا ہے میں تمہاری گواہی کو اس کے حق میں قبول کرتا ہوں۔ میرے بندے کو حساب کے بغیر جنت میں داخل کر دو۔ کیوں کہ وہ ایسا شخص ہے، جسے

میں دوست رکھتا ہوں اور اس کے عمل کو بھی دوست رکھتا ہوں۔[1]

دعا

خداوندا! ہمیں توفیق مرحمت فرما کہ ہم اس توحید کے عظیم مرکز کی پاسداری کریں۔

پروردگارا! ان لوگوں کے ہاتھ، جو اس مقدس مرکز کی ظاہری حفاظت پر قناعت کرنا چاہتے ہیں، لیکن اس کی حقیقت کے پیام کو نظر انداز کرتے ہیں، ان کو مرکز سے کاٹ دے۔

بارالٰہا! تمام اشتیاق رکھنے والوں کو مکمل آگاہی و عرفان کے ساتھ اس کی زیارت نصیب فرما۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ القُریش

سورہ:۱۰۶ | پارہ:۳۰ | مکہ | آیت:۴

---

1 مجمع البیان، ج۱۰، ص۵۳۹

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص اس کو پڑھے تو اسے ان لوگوں کی تعداد سے دس ۱۰ ر گنا نیکیاں دی جائیں گی جنھوں نے خانہ کعبہ کا طواف کیا ہے۔ یا وہاں اعتکاف کیا ہے۔[1]

دعا

خداوندا! ہمیں عبادت و بندگی اور نعمتوں کا شکر ادا کرنے اور اس عظیم گھر کی حفاظت، پاسداری اور احترام کرنے کی توفیق مرحمت فرما۔

پروردگارا! اس عظیم اسلامی مرکز کو روز بروز زیادہ سے زیادہ دنیا جہاں کے مسلمانوں کے لیے حلقۂ اتصال قرار دے۔

بارالہا! سارے خونخوار دشمنوں اور ان لوگوں کے جو اس عظیم مرکز سے غلط فائدہ اٹھاتے ہیں ہاتھ کاٹ دے۔

آمین یا رب العالمین.

---

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۵۴۳

☆☆☆

سورہ الماعون

سورہ:۱۰۷ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۷

تلاوت کی فضیلت

۱۔ امام محمد باقر علیہ السلام:

جو شخص اس سورے کو نافلہ اور فریضہ نمازوں میں پڑھے گا تو خدا اس کے نماز و روزہ کو قبول کرے گا اور ان کاموں کے مقابلے میں جو اس دنیا کی زندگی میں سرزد ہوئے ہیں۔ اس کا کوئی حساب نہیں لے گا۔[1]

دعا

خداوندا! خلوص نیت سخت مشکل کام ہے، تو خود اس راہ میں ہماری مدد فرما۔

پروردگارا! ہمیں ایسا ایمان مرحمت فرما کہ تیرے ثواب و

1 مجمع البیان، ج۱۰، ص۵۴۶

عقاب کے علاوہ اور کچھ نہ سوچیں اور مخلوق کی رضامندی ارخو شنودی اور غصہ و غضب تیری راہ میں ہمارے لئے یکساں ہوں۔

بارالٰہا! اس راہ میں جو خطا اور غلطی اب تک ہم نے کی ہے وہ بخش دے۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الکوثر

سورہ:۱۰۸ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۳

تلاوت کی فضیلت

ا۔ پیغمبر اسلام ﷺ:

جو شخص اس کی تلاوت کرے گا خدا اسے جنت کی نہروں سے سیر اب کرے گا۔ اور ہر قربانی کی تعداد میں جو خدا کے بندے عید (قرباں) کے دن کرتے ہیں اور اس طرح سے وہ قربانیاں جو اہل کتاب اور مشرکین دیتے ہیں۔ ان سب کے برابر اس کو

اجر دے گا۔[1]

دعا

خداوندا! ہمیں اس خیر کثیر کی برکات سے جو تونے اپنے پیغمبر کو مرحمت فرمائی ہیں محروم نہ کرنا۔
پروردگار! تو جانتا ہے کہ ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور ان کی ذریت طاہرہ کو خلوص دل کے ساتھ دوست رکھتے ہیں لہٰذا ہمیں ان ہی کے ساتھ محشور کرنا۔
بارالٰہا! آنحضرت اور آپ کے دین و آئین کی بہت بڑی عظمت ہے اس عظمت و عزت و شوکت میں روز بروز اضافہ فرما۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الکفرون

سورہ:۱۰۹ پارہ:۳۰ مکہ آیت:٦

---

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۵۴۸

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص سورہ قل یا ایہا الکافرون پڑھے گا تو اسے وہ اجر ملے گا جو چوتھائی قرآن پڑھنے پر ہوتا ہے۔ سرکش شیاطین اس سے دور رہیں گے۔ وہ شرک سے پاک ہو جائے گا اور روز قیامت کی گھبراہٹ سے امان میں رہے گا۔

۲۔ جب بستر پر جائے تو سورہ قل یا ایہا الکافرون کو پڑھے۔ اس کے بعد سو جائے، کیوں کہ یہ شرک سے بیزاری ہے۔

۳۔ سفر پر جانے سے پہلے پڑھے۔ زادِ راہ کے لحاظ سے بہتر ہے کہ ان ۵ سورتوں کو پڑھ لیا کرے:

(۱) قل یا ایہا الکافرون

(۲) اذا جاء نصر اللہ و الفتح (سورہ النصر)

(۳) قل ہو اللہ

(۴) قل اعوذ برب الفلق

(۵) قل اعوذ برب الناس

۴۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

یہ سورہ رُبع قرآن ہے۔ اس سورہ کے تلاوت کے بعد اِعْبَدُ

اللّٰہَ وَحْدَہٗ ۔ اِعْبُدُ اللّٰہَ وَحْدَہٗ پڑھو۔[1]

دعا

خداوندا! ہمیں شرک اور شرک آلودہ افکار و اعمال سے دور رکھ۔
پروردگارا! ہمارے زمانے کے مشرکین کے وسوسے بھی خطرناک ہیں۔ ہمیں ان کے دامِ فریب میں گرفتار ہونے سے محفوظ رکھ۔
بارالہا! ہمیں ایسی شجاعت اور صراحت وقطیعت مرحمت فرما کہ ہم بھی پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی طرح ہر قسم کے کفروشرک کی مصالحت کی پیش کش کورد کردیں۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ النصر

سورہ:۱۱۰ پارہ:۳۰ مدینہ آیت:۳

---

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۵۵۱

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص اس کی تلاوت کرے گا وہ اس شخص کے مانند ہے جو پیغمبر کے ہمراہ تھا۔

۲۔ امام جعفر صادق علیہ السلام:

جو شخص اس سورہ کو نافلہ یا واجب نمازوں میں پڑھے گا۔ خدا اس کو اس کے تمام دشمنوں پر فتح یاب کرے گا۔ اور وہ قیامت میں اس حالت میں واردِ محشر ہو گا کہ اس کے ہاتھ میں ایک عہد نامہ ہو گا۔ جو بات کرے گا۔ خدا نے اسے اس کی قبر کے اندر سے باہر بھیجا ہے۔ اور وہ جہنم کی آگ سے امان نامہ ہے۔ [1]

دعا

خداوندا! تو اس بات کی قدرت رکھتا ہے کہ اس دیرینہ عظمت کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کی اقتداء کے سائے میں مسلمانوں کے لئے دوبارہ پلٹا دے۔

---

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۵۵۳

پروردگارا! ہمیں پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سچے دوستوں کے زمرہ میں قرار دے۔

بارالہا! ہمیں ایسی توفیق مرحمت فرما کہ ہم دنیا میں اسلام کی عادلانہ حکومت کو اس طرح پھیلائیں کہ ساری دنیا کے لوگ فوج در فوج اسے دل وجان سے قبول کرلیں۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سوره اَللَّہَبُ

سورہ:۱۱۱ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۵

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

جو شخص اس سورہ کی تلاوت کرے گا مجھے امید ہے کہ خدا اسے اور ابولہب کو ایک گھر میں اکٹھا نہیں کرے گا۔ (یعنی وہ اہل بہشت سے ہوگا جب کہ ابولہب اہل دوزخ سے ہے) [1]۔

1 مجمع ابیان، ج ۱۰، ص ۵۵۸

دعا

خداوندا! ہمارے دل کو ہر قسم کے تردُّد اور عناد سے پاک کردے۔

پروردگارا! ہم سب اپنے انجام اور عاقبت کار سے ڈرتے ہیں ہمیں امن وسکون و آرام بخش دے۔ وَاجْعَلْ عَاقِبَۃَ اَمْرِنَا خَیْرًا (ہماری عاقبت بخیر کر)

بارالہا! ہم جانتے ہیں کہ اس عظیم عدالت میں نہ تو مال و دولت کام آتے ہیں اور نہ ہی کوئی رشتہ داری فائدہ دیتی ہے صرف تیرا لطف وکرم ہی کام آتا ہے۔ لہٰذا ہم پر اپنا لطف و کرم کر۔
آمین یا رب العالمین.

سورہ الاخلاص

سورہ:۱۱۲ پارہ:۳۰ مکہ آیت:۴

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

سورہ اخلاص ایک تہائی قرآن کے برابر ہے اسے رات میں پڑھا کرو۔

۲۔ اٹھتے بیٹھتے چلتے اور سوار ہوتے قل ہو اللہ پڑھا کرو۔ اس طرح پڑھنے سے سعد بن معاذ کے جنازے پر ستر ہزار فرشتوں نے جس میں حضرت جبرئیل علیہ السلام بھی شامل تھے، نماز پڑھی۔

۳۔ پنجگانہ نمازوں میں قل ہو اللہ پڑھنے والا نمازیوں میں شمار ہو گا۔

۴۔ جو شخص خدا اور روز قیامت پر ایمان رکھتا ہے وہ ہر نماز کے بعد قل ہو اللہ احد کے پڑھنے کو ترک نہ کرے کیوں کہ جو شخص اسے پڑھے گا۔ خدا اس کے لئے خیر دنیا و آخیرت جمع کر دے گا۔ اور خدا اسے اور اس کے ماں باپ اور اسکی اولاد کو بخش دے گا۔

۵۔ گھر میں داخل ہوتے وقت اس سورہ کا پڑھنا رزق کو بڑھاتا ہے۔ اور فقر و فاقہ کو دور کر دیتا ہے۔

۶۔ امام زین العابدین علیہ السلام:

خداوند تعالیٰ جانتا تھا کہ آخری زمانہ میں ایسی قومیں آئیں گی جو سائل میں تعمق اور غور و خوض کرنے والی ہوں گی لہٰذا اس نے (مباحث توحید اور خدا شناسی کے سلسلے میں) سورہ قل ہو اللہُ احد اور سورۂ حدید کی ابتدائی آیات "علیم بذات الصُّدُور" تک نازل

فرمائیں جو شخص اس سے زیادہ کا طلب گار ہو گا وہ ہلاک ہو گا۔[1]

دعا

خداوندا! ہمیں ساری عمر توحید کے راستے پر ثابت قدم رکھ۔
پروردگارا! شرک کی شاخیں بھی توحید کی شاخوں کی طرح بہت زیادہ ہیں۔ اور تیرے لطف کے بغیر شرک سے نجات ممکن نہیں تو ہمیں اپنے لطف و کرم کا مشمول قرار دے۔
بارالٰہا! ہمیں توحید کے ساتھ زندہ رکھنا اور توحید کے ساتھ ہی ہمیں موت دینا اور حقیقت توحید کے ساتھ ہمیں محشور کرنا۔
آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

سورہ الفلق اور سورہ الناس

سورہ:۱۱۳	پارہ:۳۰	مکہ	آیت:۵
سورہ:۱۱۴	پارہ:۳۰	مکہ	آیت:٦

1 مجمع البیان، ج ۱۰، ص ۵٦۱ اور اصول کافی نمبر ٦ کے لئے

تلاوت کی فضیلت

۱۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

مجھ پر ایسی آیتیں نازل ہوئی ہیں کہ ان کی مثل اور مانند اور نازل نہیں ہوئیں اور وہ جو سورتیں فلق اور ناس ہیں۔

۲۔ امام محمد باقر علیہ السلام:

جو شخص نماز وتر میں سورہ فلق وناس اور قل ہو اللہ احد کو پڑھے گا تو اس کو یہ کہا جائے گا کہ اے بندۂ خدا تجھے بشارت ہو تیری نماز وتر خدا نے قبول کرلی ہے۔

۳۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

قرآن کی سورتوں میں سب سے افضل وبرتر سورے معوذتیں ہیں ہر آدمی نماز صبح میں تلاوت کرے اور جب بیدار ہو تو یا سونے لگے تو ان دونوں سورتوں کو پڑھا کرے۔[1]

دعا

۱۔ سورہ فلق:

---

1 نور الثقلین، ج۵، ص۷۱۶، مجمع ابیان، ج۱۰، ص۵۶۷

خداوندا! ہم بھی حاسدوں کے شر سے تیری مقدس ذات سے پناہ مانگتے ہے۔

پروردگارا! ہم تجھ سے یہ درخواصت کرتے ہیں کہ تو ہمیں بھی دوسروں پر حسد کرنے سے محفوظ رکھ۔

بارالٰہا! ہمیں نفاثات فی العقد اور راہ حق میں وسوسے دالنے والوں کے شر سے محفوظ رکھ۔

آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

دعا

۲۔ سورہ الناس

خداوندا! تو ہمیں تمام شکوک و شبہات سے اور خناس کے تمام وسوسوں سے محفوظ فرما۔

پروردگارا! دام فریب سخت ہے اور دشمن بیدار اور اس کے منصوبے مخفی اور پنہاں ہیں اور تیرے لطف کے بغیر نجات ممکن نہیں ہے۔ آمین یا رب العالمین.

☆☆☆

جدول

تلاوت کے اوقات کے لحاظ سے مخصوص قرآنی سورے

روزانہ نماز واجب میں (پہلی رکعت میں)

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۲۶	۵۰	ق	(مستحب نمازوں میں بھی)
۲	۲۷	۵۷	الحدید	
۳	۲۸	۵۸	المجادلۃ	(مستحب نمازوں میں بھی)
۴	۲۸	۶۰	الممتحنۃ	(مستحب نمازوں میں بھی)
۵	۲۸	۶۱	الصف	(مستحب نمازوں میں بھی)
۶	۲۸	۶۴	التغابن	
۷	۲۸	۶۵	الطلاق	
۸	۲۸	۶۶	التحریم	
۹	۲۹	۶۸	القلم	
۱۰	۲۹	۶۹	الحاقۃ	(نوافل میں بھی)
۱۱	۲۹	۷۱	نوح	(مستحب نمازوں میں بھی)
۱۲	۲۹	۷۴	المدثر	

۱۳	۳۰	۸۲	الاِنفطار	
۱۴	۳۰	۸۳	المطففين	
۱۵	۳۰	۸۴	الانشقاق	(نوافل)
۱۶	۳۰	۸۶	الطارق	
۱۷	۳۰	۸۸	الخاشية	
۱۸	۳۰	۸۷	الاعلیٰ	(نوافل میں بھی)
۱۹	۳۰	۸۹	الفجر	
۲۰	۳۰	۹۰	البلد	
۲۱	۳۰	۱۰۲	التکاثر	
۲۲	۳۰	۱۰۴	الہمزۃ	
۲۳	۳۰	۱۰۵	الفیل	
۲۴	۳۰	۱۰۷	الماعون	
۲۵	۳۰	۱۱۰	النصر	

☆☆☆

روزانہ نوافل نمازوں میں

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۲۹	۶۹	الحاقة	(واجب میں بھی)
۲	۳۰	۸۲	الانفطار	

٣	٣٠	٨٤	الانشقاق	(واجب میں بھی)
٤	٣٠	٨٧	الاعلیٰ	(واجب میں بھی)
٥	٣٠	٩٩	الزلزال	
٦	٣٠	١٠٣	العصر	
٧	٣٠	١٠٧	الماعون	(واجب میں بھی)
٨	٣٠	١١٠	النصر	(واجب میں بھی)

☆☆☆

روزانہ مستحب نمازوں میں

نمبر شمار	پارہ	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
١	٢٦	٥٠	ق	(واجب میں بھی)
٢	٢٨	٥٨	المجادلۃ	(واجب میں بھی)
٣	٢٨	٦٠	الممتحنۃ	(واجب میں بھی)
٤	٢٨	٦١	الصف	(واجب میں بھی)
٥	٢٩	٦٨	القلم	(واجب میں بھی)
٦	٢٩	٦٩	الحاقۃ	(واجب ونوافل)
٧	٢٩	٧١	نوح	
٨	٣٠	٨٨	الغاشیۃ	(واجب میں بھی)

۹	۳۰	۱۰۲	التکاثر	(واجب میں بھی)

☆☆☆

روزانہ آہستہ اور بلند آواز میں۔

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۳۰	۹۷	القدر	
۲	۳۰	۹۸	البینۃ	

☆☆☆

روزانہ ہر وقت اٹھتے، بیٹھتے، چلتے، پھرتے۔

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۳۰	۱۱۲	الاخلاص	

☆ نماز پنجگانہ میں۔

☆ سفر کرتے ہوئے (دس ۱۰/ بار)

☆ گھر میں داخل ہوتے ہوئے (ایک بار)

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۳۰	۱۱۲	الاخلاص	

☆☆☆

روزانہ (منازل آخرہ سے)

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۱۲	۱۲	یوسف	
۲	۲۵	۴۳	الزخرف	
۳	۲۵	۴۴	الدخان	
۴	۳۰	۷۸	النباء	

☆☆☆

روزانہ نافلہ نماز صبح

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۳۰	۱۰۹	الکٰفرون	

☆☆☆

روزانہ بعد نماز صبح

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۲۲/۲۳	۳۶	یٰسین	۹۳عددیا محمدؐ تسبیح کے بعد
۲	۲۷	۵۵	الرحمٰن	

۳	۲۹	۷۳	المزمل	
۴	۲۹	۷۶	الدہر	خصوصاً (ہر دوشنبہ - نماز صبح کی پہلی رکعت میں) (ہر جمعرات وقت صبح)
۵	۳۰	۹۷	القدر	دس ۱۰/ بار
۶	۳۰	۱۱۲	الاخلاص	گیارہ ۱۱/ بار

☆☆☆

روزانہ وقت صبح

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۲۴	۴۰	المومن	
۲	۲۴	۴۱	حٰمٓ سجدہ	
۳	۲۵	۴۲	الشوریٰ	
۴	۲۵	۴۳	الزخرف	
۵	۲۵	۴۴	الدخان	
۶	۲۵	۴۵	الجاثیۃ	
۷	۲۶	۴۶	الاحقاق	

☆☆☆

روزانہ کسی نماز کی نوافل میں (منازل آخرہ سے)

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۲۵	۴۴	الدخان	
۲	۲۹	۶۸	نٓ و القلم	
۳	۳۰	۹۹	الزلزال	
۴	۳۰	۱۰۳	والعصر	

☆☆☆

روزانہ نماز ظہر کے بعد

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۳۰	۷۸	النبا	یا علی علیہ السلام ۱۱۰/ مرتبہ تسبیح کے بعد
۲	۳۰	۹۷	القدر	دس ۱۰/ بار

☆☆☆

روزانہ نماز عصر کے بعد

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۳۰	۱۰۳	والعصر	یافاطمۃ ۱۳۵/ بار تسبیح کے بعد

☆☆☆

روزانہ غروب آفتاب کے پہلے

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۲۲/۲۳	۳۶	یٰسین	
۲	۲۷	۵۵	الرحمٰن	
۳	۲۸	۵۹	الحشر	

☆☆☆

روزانہ نماز مغرب کے بعد

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۲۷	۵۶	الواقعۃ	یاحسن ۱۱۸ بار تسبیح کے بعد

☆☆☆

روزانہ نماز عشاء میں

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۲۹	۷۳	المزمل	پہلی رکعت میں

☆☆☆

روزانہ نماز عشاء کے بعد

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۲۹	۶۷	المُلک	۱۲۸/ بار یاحسیب تسبیح کے بعد
۲	۳۰	۹۷	القدر	۷ بار

☆☆☆

روزانہ سونے کے پہلے

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۲۲/۲۳	۳۶	یٰسین	
۲	۲۴	۴۱	حٰمٓ سجدہ	
۳	۲۷	۵۵	الرحمٰن	
۴	۲۷	۵۷	الحدید	
۵	۲۸	۵۹	الحشر	
۶	۲۸	۶۱	الصف	
۷	۲۸	۶۲	الجمعۃ	
۸	۲۸	۶۴	التغابُن	
۹	۲۹	۶۷	المُلک	

☆☆☆

روزانہ سوتے ہوئے

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۳۰	۹۷	القدر	۱۱بار
۲	۳۰	۱۰۹	الکفرون	ایک بار
۳	۳۰	۱۱۰	النصر	ایک بار
۴	۳۰	۱۱۲	الاخلاص	ایک بار
۵	۳۰	۱۱۳	الفلق	ایک بار
۶	۳۰	۱۱۴	الناس	ایک بار
۷	۳	۲	آیۃ الکرسی	ایک بار
۸	۳۰	۱۱۲	الاخلاص	۳بار
۹	۳۰	۱۱۲	الاخلاص	۱۰۰/بار (دائیں کروٹ لیٹ کر)

☆☆☆

روزانہ نماز وتر میں

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۳۰	۱۱۲	الاخلاص	۳/بار

۲	۳۰	۱۱۳	الفلق	۱/ بار
۳	۳۰	۱۱۴	الناس	۱/ بار

☆☆☆

روزانہ نماز شب کے بعد

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۲۹	۷۳	المزّمّل	۱۳۳/ بار یا عباسؑ پڑھ کر

☆☆☆

ہفتے میں ایک بار

ہر دوشنبہ نماز صبح کی پہلی رکعت میں:

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۲۹	۷۶	الدہر	

☆☆☆

ہر جمعرات نماز صبح کے بعد

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۲۹	۷۶	الدہر	

ہر شب جمعۃ

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۱۵	۱۷	بنی اسرائیل	
۲	۱۵/۱۶	۱۸	الکہف	شب وروز جمعہ
۳	۱۶	۱۹	مریم	ساتھ میں
۴	۱۶	۲۰	طٰہٰ	
۵	۱۹	۲۶	الشعراء	ساتھ میں
۶	۱۹	۲۷	النمل	
۷	۲۰	۲۸	القصص	
۸	۲۱	۳۲	الشجدہ	
۹	۲۳	۳۸	ص	
۱۰	۲۷	۵۶	الواقعۃ	ہر شب بھی
۱۱	۲۸	۶۲	الجمعۃ	ساتھ میں روزانہ بھی
۱۲	۳۰	۸۷	الاعلیٰ	
۱۳	۲۵	۴۴	الدخان	شب وروز جمعہ اور ہر شب بھی

☆☆☆

ہفتہ میں ایک بار ہر روز جمعۃ

نمبر ذ شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۴/۵/۶	۴	النساء	
۲	۸/۹	۷	الاعراف	یا ہفتے میں ایک بار
۳	۱۵/۱۶	۱۸	الکہف	شب و روز جمعہ
۴	۱۸	۲۳	المومنون	
۵	۲۳	۳۷	الصافات	
۶	۲۵	۴۴	الدخان	شب و روز جمعہ ہر شب
۷	۲۶	۴۶	الاحقاف	
۸	۲۶	۵۰	ق	ہر ہفتہ، عید، بقر عیہ، عید غدیر میں

☆☆☆

ہر ماہ ایک بار کم از کم

نمبر شمار	بارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۸/۹	۷	الاعراف	یا ہر روز جمعہ
۲	۹	۸	الانفال	
۳	۱۰، ۱۱، ۱۲	۹	التوبۃ	

☆☆☆

سال میں شب قدر شب ۲۳ر رمضان المبارک

نمبر شمار	بارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۲۰/۲۱	۲۹	العنکبوت	ساتھ میں
۲	۲۱	۳۰	الروم	

☆☆☆

ہر روز عید (عید الفطر، عید الاضحی، عید غدیر، عید جمعہ)

نمبر شمار	بارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۲۶	۵۰	ق	

☆☆☆

۱۔ ہر ماہ ذی الحجہ کی پہلی دس ۱۰/ راتوں میں۔

۲۔ ہر محرم الحرام کے پہلے عشرہ میں

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۳۰	۸۹	الفجر	روزانہ بھی

☆☆☆

مخصوص اوقات سفر پر جانے کے پہلے

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۳۰	۱۰۹	الکٰفرون	ایک ایک بار
۲	۳۰	۱۱۰	النصر	ایک ایک بار
۳	۳۰	۱۱۲	الاخلاص	ایک ایک بار
۴	۳۰	۱۱۳	الفلق	ایک ایک بار
۵	۳۰	۱۱۴	الناس	ایک ایک بار

☆☆☆

ہمیشہ گھر میں داخل ہوتے ہوئے۔

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورہ نمبر	نام سورہ	کیفیت
۱	۳۰	۱۱۲	الاخلاص	ایک بار

☆☆☆